★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی ملک محمد وحید

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 16 | جمعرات 18 ذوالحجہ 1447ھ، 4 جون 2026ء، 21 جیٹھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 167

امریکا ایران اور پھر آمنے سامنے، دونوں ممالک کا فوجی اہداف کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

ایران نے بیلسٹک میزائل ہمسایہ ممالک کی طرف داغے جو اہداف پر نہیں لگ سکے، کویت پر داغے گئے دو میزائل راستے میں گر گئے، بحرین پر داغے گئے تین میزائل امریکی اور بحرین فورسز نے مار گرائے

سینٹ کام کے مطابق ایران نے 3 ڈرون حملے بحری جہازوں پر کیے جنہیں ناکام بنا دیا گیا، بحرین میں ففتھ فلیٹ ہیڈکوارٹرز اور ایئربیس کو نشانہ بنانے کا دعویٰ غلط ہے، امریکا نے قشم پر حملہ کر کے ایرانی فوجی تنصیب کو نشانہ بنایا،

تہران (نیٹ نیوز) امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی ایک بار پھر بڑھ گئی، آج صبح سویرے دونوں ممالک نے ایک دوسرے پر میزائلوں اور ڈرونز سے حملے کیے، دونوں جانب سے ان تازہ فوجی کارروائیوں کے بعد ایک دوسرے پر الزامات کی بوچھاڑ کر دی گئی ہے۔ امریکی فوج کی جانب سے ایرانی جزیرے قشم پر کارروائی کے دعوے کے بعد ایران نے خطے میں موجود امریکی مفادات اور (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے ورلڈ بینک گروپ کے ایک وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

امریکا کو سبق مل گیا، آئندہ جواب مزید سخت ہوگا، پاسداران انقلاب کی دھمکی

کسی بھی جارحیت کا جواب مختلف اور زیادہ سخت انداز میں دیا جائے گا

آبنائے ہرمز کے امن و استحکام کو متاثر کرنے کی کسی بھی کوشش کی بھاری قیمت چکانا پڑے گی، بیان

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب نے خلیج میں رات گئے ہونے والی کارروائیوں کی مزید تفصیلات جاری کرتے ہوئے امریکا کو سخت پیغام دیا ہے کہ ایرانی مفادات پر کسی بھی حملے کا جواب پہلے سے زیادہ شدید انداز میں دیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس میں (بقیہ نمبر 2)

ایرانی حملوں کے بعد ایرانی وزیر خارجہ عراقچی کا فیلڈ مارشل عاصم منیر اور 6 ممالک سے رابطہ

تہران/اسلام آباد (این این آئی) ایران کی جانب سے خلیجی خطے میں حالیہ ڈرون اور میزائل حملوں کے بعد سفارتی سرگرمیو (بقیہ نمبر 3)

پاکستان میں چین کے سفیر H.E. جیانگ زیڈونگ نے اسلام آباد میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات

وزیراعظم: بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات شامل کئے جا رہے ہیں

وزیراعظم کا مشکل معاشی حالات میں حکومت کا ساتھ دینے پر کاروباری برادری کا شکریہ، حکومت اور نجی شعبے کی مضبوط شراکت داری معاشی ترقی کی ضمانت ہے، شہباز شریف

غیر رسمی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، کاروبار دوست پالیسیوں کی بدولت ملکی معیشت مستحکم اور بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا، صنعتکاروں سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مشکل معاشی حالات میں حکومت کا ساتھ دینے پر کاروباری برادری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اور نجی شعبے کی مضبوط شراکت داری معاشی ترقی کی ضمانت ہے، غیر رسمی معیشت کو ٹیکس نیٹ (بقیہ نمبر 5)

توانائی بچت مہم، وزیراعظم نے نئے کاروباری اوقات کی منظوری دیدی

تمام دکانیں، مارکیٹیں اور شاپنگ مالز اب رات 9 بجے بند کیے جائیں گے، جبکہ شادی ہالز، مارکیاں اور دیگر کمرشل تقریبات رات 10 بجے تک جاری رہ سکیں گی

اسی طرح ریسٹورنٹس، ہوٹلز اور سبزی فروخت کرنے والی دکانوں کو رات 11 بجے تک بند کرنا لازمی ہوگا۔

کراچی (نیٹ نیوز) وزیراعظم نے توانائی بچت مہم کے سلسلے میں کاروبار بندش کے نئے اوقات جاری کرنے کی منظوری دے دی۔ کابینہ ڈویژن کے باقاعدہ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام دکانیں، مارکیٹیں اور شاپنگ مالز اب رات 9 بجے بند کیے جائیں گے، جبکہ شاد (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اٹلی کے 80ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

چینی سفیر جیانگ ژائی ڈونگ کی وزیراعظم سے ملاقات،

اسلام آباد (این این آئی) عوامی جمہوریہ چین کے پاکستان میں سفیر جیا (بقیہ نمبر 12)

ٹرمپ کا غیر قانونی امیگریشن اور مالیاتی فراڈ کیخلاف نیا ایگزیکٹو آرڈر جاری

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے غیر قانونی امیگریشن اور مالیاتی فراڈ کے خلاف نیا ایگزیکٹو آرڈر جاری کرتے (بقیہ نمبر 11)

کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچنے پر پاکستان کی وزارت مذہبی امور کے اہلکار عازمین حج کا استقبال کر رہے ہیں

کویت افواج کی دفاعی کارروائی کی ویڈیو بنانے والا شخص گرفتار

دفاعی کارروائیوں کی ویڈیوز قومی سلامتی کے لیے خطرہ ہیں، وزارت داخلہ

کویت سٹی (این این آئی) کویت افواج کی دفاعی کارروائی کی ویڈیو بنانے والے شخص کو گرفتار کر لیا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کویت کی وزارت داخلہ نے (بقیہ نمبر 10)

امریکی سفارت کاری نہیں، میزائلوں کی زبان سمجھتے ہیں، ایران

امریکیوں نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ سفارت کاروں کی نہیں بلکہ میزائلوں کی زبان بہتر سمجھتے ہیں۔

ایرانی مسلح افواج خصوصاً پاسداران انقلاب کی بحری اور فضائی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں: ترجمان ابراہیم رضائی

تہران: (ویب ڈیسک) ایرانی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی و خارجہ پالیسی کمیٹی کے ترجمان ابراہیم رضائی نے امریکا پر سخت تنقید کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر جاری بیان میں ابراہیم رضائی کا کہنا تھا کہ امریکیوں نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ سفارت کاروں کی نہیں بلکہ میزائلوں کی زبان بہتر سمجھتے ہیں۔ انہوں نے ایرانی مسلح افواج خصوصاً پاسداران انقلاب کی بحری اور فضائی فورسز کو خراج تحسین (بقیہ نمبر 4)

برطانیہ کی رائل نیوی کا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ

لندن (این این آئی) جنوب مغربی انگلینڈ کے علاقے ڈیون میں 1 ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہو گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے (بقیہ نمبر 6)

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ، رائٹ سائزنگ، مالی نظم وضبط اور ادارہ جاتی جدت پر مشتمل جامع اصلاحاتی پروگرام کامیابی سے نافذ

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی قیاد (بقیہ نمبر 9)

یوکرین کے روسی شہر سینٹ پیٹرزبرگ میں توانائی تنصیبات اور ملٹری مقامات پر ڈرون حملے

یوکرین کے دارالحکومت کیف سمیت متعدد بڑے شہروں پر روس حملے، ہلاک افراد کی تعداد 22 ہوگئی، 100 زخمی

یوکرینی فوج نے سینٹ پیٹرزبرگ کے آئل ٹرمینل اور روس کے تمبوف ریجن میں واقع اسلحہ فیکٹری کو بھی نشانہ بنایا

ماسکو/کیف (این این آئی) یوکرین کی جانب سے روسی شہر سینٹ پیٹرزبرگ میں توانائی تنصیبات اور فوجی مقامات پر ڈرون حملے کیے گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے (بقیہ نمبر 7)

نیتن یاہو سے سخت اور غصے بھرے لہجے میں گفتگو کی تھی، ٹرمپ

نیتن یاہو کی لبنان کے ساتھ مسلسل لڑائی سے پریشان تھا، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے سخت اور غصے بھرے لہجے میں گفتگو کی تھی۔ ایک پوڈکاسٹ انٹرویو میں انہوں (بقیہ نمبر 8)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے کے دورافتادہ علاقوں میں بجلی فراہمی کے آف گریڈ اسٹیشنز منصوبوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیڈرل ٹیکس محتسب کی ایف بی آر کو شہریوں کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کے مؤثر استعمال کے لیے باقاعدہ نظام تشکیل دینے کی سفارش

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل ٹیکس محتسب (ایف ٹی او) نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو سفارش کی ہے (بقیہ نمبر 15)

وزیر توانائی کی بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کو خراب کارکردگی کے حامل فیلڈ افسران کے خلاف تادیبی کارروائی کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خا (بقیہ نمبر 16)

ایرانی سپریم لیڈر کے مذاکرات میں اپنی سرگرمیاں بڑھانے کے اشارے ملے ہیں، روبیو

آبنائے ہرمز کو کھولنا ایران کے ساتھ مذاکرات میں پہلی شرط ہے، افزودہ یورینیم سے دستبرداری اور جوہری پروگرام سے متعلق معاملات طے ہونے پر پابندیوں میں نرمی کی جا سکتی ہے

ایران کے ساتھ جاری مذاکرات میں اس کے جوہری پروگرام کے ایسے پہلو بھی زیر بحث آ سکتے ہیں جن پر تہران ماضی میں بات کرنے سے انکار کرتا رہا ہے۔

واشنگٹن (نیٹ نیوز) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ ایسے اشارے ملے ہیں کہ ایران کے سپریم لیڈر زیادہ فعال کردار ادا کر رہے ہیں اور مذاکرات میں اپنی سرگرمیاں بڑھا رہے ہیں۔ عرب نشریاتی ادارے الجزیرہ کے مطابق امریکی قانون سازوں سے گفتگو کرتے ہوئے مارکو روبیو کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز کو کھولنا ایران کے ساتھ مذاکرات میں پہلی شرط ہے، افزودہ یورینیم سے دستبرداری اور جوہری پروگرام سے متعلق معاملات طے ہونے پر پابندیوں میں نرمی کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے ساتھ جاری مذاکرات میں اس کے جو (بقیہ نمبر 14)

بحرالکاہل میں ایل نینو سرگرم ہو رہا ہے، جس کے اثرات دنیا بھر کے موسموں پر پڑتے ہیں،

ایل نینو 2016 کے بعد اب سرگرم ہو رہا ہے، جس کے باعث پاکستان میں معمول سے کم بارشیں ہو سکتی ہیں، حکام

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ بحرالکاہل میں ایل نینو سرگرم ہو رہا ہے، جس کے اثرات دنیا بھر کے موسموں پر پڑتے ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق (بقیہ نمبر 17)

عشق پاکستانی نوجوان کو ایل او سی کے پار لے گیا

سرینگر (این این آئی) مقبوضہ کشمیر کی لڑکی کا عشق پاکستانی نوجوان کو لائن آف کنٹرول (ایل او سی) کے پار لے گیا۔ پاکستان نے 30 اور 31 مئی کی درمیانی شب مقبوضہ بھارتی علاقے اڑی پہنچنے والے پاکستانی نوجوان (بقیہ نمبر 18)

پاکستان کو عالمی معیشت کے تقاضوں کے مطابق تیار کرنا ضروری ہے، سینیٹر اورنگزیب

عالمی بینک کی شمولیت کا مقصد قابل پیمائش نتائج کے حصول اور خدمات کی فراہمی کے نظام کو مضبوط بنانا ہے

عالمی بینک کا پاکستان کے ساتھ تعاون لائق ستائش، افرادی قوت کو جدید تقاضوں کے مطابق تیار کرنا ضروری ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے عالمی بینک گروپ کی جانب سے پاکستان (بقیہ نمبر 19)

ایران کے شہید سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی تدفین مشہد میں ہوگی، تیاریاں شروع

تہران (این این آئی) ایران کے شہید سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی تدفین تین بڑے شہروں ایران، قم اور مشہد میں (بقیہ نمبر 20)

امریکی فوجیوں کے مشرق وسطیٰ سے انخلا پر زور

مشرق وسطیٰ میں تعینات امریکی فوجیوں کے لیے دعاگو ہوں، جو کینٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نیشنل انسداد دہشت گردی سینٹر کے سابق ڈائریکٹر جو کینٹ نے کہا ہے کہ میں مشرق وسطیٰ میں تعینات امریکی فوجیوں کے لیے دعاگو (بقیہ نمبر 21)

احسن اقبال: گلگت بلتستان میں ترقیاتی منصوبے مسلم لیگ ن کی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہیں

وفاقی حکومت وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں خطے کی توانائی، مواصلات اور بنیادی ڈھانچے کی ضروریات پوری کرنے کے لیے تاریخی منصوبوں پر تیزی سے کام کر رہی ہے،

مسلم لیگ (ن) کی سیاست کا محور الزام تراشی نہیں بلکہ خدمت، کارکردگی اور عوام کی زندگیوں میں حقیقی بہتری لانا ہے، اور ان شاء اللہ یہ سفر مزید تیزی سے جاری رکھا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں جاری ترقیاتی منصوبے مسلم لیگ (ن) کی عوامی خدمت، ترقیاتی وژن اور عملی کارکردگی کا واضح ثبوت ہیں، وفاقی حکومت وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں خطے کی توانائی، مواصلات اور بنیادی ڈھانچے کی ضروریات پوری کرنے کے (بقیہ نمبر 22)

حکومتی ٹیکس پالیسی نے مڈل کلاس کو شدید دباؤ میں مبتلا کر دیا: حافظ نعیم الرحمان

بچوں کی تعلیم، بجلی، گیس کے بل، مہنگا پٹرول، ناجائز لیوی اور اشیائے خورونوش پر ٹیکس نے مڈل کلاس کا جینا مشکل بنا دیا ہے

بدترین ٹیکس نظام کے باعث پروفیشنل افراد اور ماہرین تیزی سے ملک چھوڑنے پر مجبور ہو رہے ہیں، امیر جماعت اسلامی

لاہور (زیڈ این این) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ماہانہ سوا لاکھ روپے تک تنخواہ پر انکم ٹیکس مکمل طور پر ختم کیا جائے۔ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت نے مڈل کلاس تنخواہ دار طبقے سے 1605 (بقیہ نمبر 33)

چلاس، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری انتخابی جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

ایران نے کویت اور بحرین کو امریکی حملوں کا ذمہ دار ٹھہرا دیا

کویت اور بحرین کی سرزمین کو ایران کے خلاف امریکی کارروائیوں کے لیے استعمال کیا گیا، وزارت داخلہ

تہران (این این آئی) ایران نے ایرانی ٹینکر اور جزیرہ قشم میں حالیہ امریکی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کارروائیوں میں کویت اور بحرین نے بالواسطہ (بقیہ نمبر 23)

پشاور، شدید بارش کے بعد ایک لڑکی عارضی پناہ گاہوں کے قریب پانی کے تالاب سے گزر رہی ہے

کمیونٹی سیاسی میدان میں اپنا اثر و رسوخ مسلسل بڑھا رہی ہے، زاہد مغل

لندن (این این آئی) مشیر وزیراعظم آزاد کشمیر، تمغہ امتیاز و مرکزی سیکرٹری اطلاعات پاکستان پیپلز پارٹی برطانیہ زاہد (بقیہ نمبر 24)

حکومت کی ترجیح عوام تک مستند، بروقت اور درست معلومات کی فراہمی ہے، ناظم تعلقات عامہ آزاد کشمیر

مظفرآباد (این این آئی) ناظم تعلقات عامہ آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر (بقیہ نمبر 25)

حکومت سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور عملی اقدامات کر رہی ہے، وزیر خوراک

مظفرآباد (این این آئی) وزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن خوراک و کے ڈی (بقیہ نمبر 26)

اٹلی میں پاکستان کے سفیر علی جاوید روم میں اٹلی کے سیکرٹری جنرل برائے خارجہ امور، سفیر ریکارڈو گواریگلیا) دائیں (سے مصافحہ کر رہے ہیں

عظمیٰ بخاری: گلگت بلتستان میں نواز شریف کی آمد نے سیاسی فضا بدل دی

گلگت بلتستان کے عوام ترقی، خدمت اور استحکام کے لیے مسلم لیگ (ن) پر اعتماد کر رہے ہیں، 7 جون کو گلگت بلتستان میں شیر کی کامیابی واضح نظر آرہی ہے' وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں آئندہ انتخابات کے حوالے سے عوام میں غیر معمولی جوش و خروش پایا جا رہا ہے اور سیاسی سرگرمیاں اپنے عروج پر ہیں، قائد مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف کی گلگت بلتستان آمد نے وہاں کے سیاسی منظر نامے کو یکسر تبدیل کر دیا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ گلگت میں میاں نواز شریف کو جس محبت، عزت اور والہانہ استقبال سے نوازا گیا، وہ عوامی جذبات کا واضح اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کے دل آج بھی میاں نواز شریف کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور وہ مسلم لیگ (ن) کو ترقی، خوشحالی اور عوامی خدمت کی علامت سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام بخوبی جانتے ہیں کہ علاقے میں حقیقی ترقیاتی منصوبے اور عوامی فلاح کے اقدامات مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت میں ہی مکمل ہوئے۔ اس کے برعکس دیگر سیاسی جماعتوں نے عوامی امیدوں اور جذبات کو پورا کرنے کے بجائے انہیں مایوس کیا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے امیدوار بھرپور انداز میں اپنی انتخابی مہم چلا رہے ہیں۔

آئندہ بجٹ میں ٹیکسوں، پٹرولیم لیوی میں کمی کی جائے ' پیاف

غیر حقیقی ٹیکس اہداف، بڑھتی کاروباری لاگت معیشت کو مزید دباؤ میں ڈال سکتی ہے 'بانی میاں شفقت

بجٹ کو کاروبار دوست، متوازن، ٹیکس نیٹ وسیع کیا جائے' محمود غزنوی، خواجہ کاشف الٰہی، راجہ وسیم

لاہور (زیڈ این این) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے بانی میاں شفقت علی، چیئرمین سید محمود غزنوی، سینئر وائس چیئرمین خواجہ کاشف الٰہی، وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن اور چیئرمین ایسوسی ایٹ کلاس فرخ احسان خان نے اپنے مشترکہ بیان میں آئندہ بجٹ میں کاروباری طبقے، صنعتوں اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے ٹیکسوں اور پٹرولیم لیوی میں کمی کا مطالبہ کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ غیر حقیقی ٹیکس اہداف اور بڑھتی ہوئی کاروباری لا (بقیہ نمبر 29)

سونم وانگچک کا 6 جون کو کاکروچ جنتا پارٹی کے احتجاج میں شامل ہونے کا اعلان

نئی دہلی (این این آئی) لداخ سے تعلق رکھنے والے معروف ماحولیاتی کارکن سونم وانگچک نے بھارتی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ کے مطالبے کی حمایت کرتے (بقیہ نمبر 30)

لاہور ہائیکورٹ کا ایل ڈی اے کی کارکردگی پر سخت اظہار برہمی

شہریوں کی جائیدادیں بلاک رکھنے پر کارروائی مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

عدالت کا اراضی کی قیمت کا تعین 15 روز میں مکمل کرنے کا حکم جاری، سماعت ملتوی

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے شہریوں کی جائیدادوں کو طویل عرصے تک بلاک رکھنے کے معاملے پر لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) کی کارکردگی پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو مقررہ مدت میں کارروائی مکمل کرنے کی ہدایت جاری کر دی (بقیہ نمبر 31)

سمر کیمپ احکامات کی خلاف ورزی پر وزیر تعلیم برہم

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز کو سخت مانیٹرنگ اور کارروائی کی ہدایت جاری کر دیں

والدین خلاف ورزی کرنے والے سکولوں کی شکایات شکایت سیل پر درج کرائیں

لاہور (زیڈ این این) صوبائی وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے بعض نجی تعلیمی اداروں کی جانب سے سمر کیمپ کے حوالے سے حکومتی ہدایات پر عملدرآمد نہ کرنے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز کو فعال مانیٹرنگ اور احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو سمر کیمپ کے انعقاد کی اجازت صرف ایک ماہ کے لیے دی گئی ہے، جبکہ سمر کیمپ پیر سے جمعرات تک صبح 7 بجے سے 10 بجے تک (بقیہ نمبر 28)

لاہور، بمشیر وزیراعلیٰ پنجاب علی ڈار اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات پنجاب کے تعلیمی نظام میں مصنوعی ذہانت کے مؤثر انضمام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم اور وفاقی وزراء آئندہ بجٹ میں برآمدات پر مبنی نمو کو یقینی بنائیں: ایس ایم تنویر

حکومت علاقائی طور پر مسابقتی بجلی کے ٹیرف کو 9 سینٹ فی کلوواٹ آور سے کم کرے، سرپرست اعلیٰ یو بی جی

معیشت کو بحال کرنے کے لیے ایس ایم تنویر نے بجٹ سے متعلق کئی اہم مطالبات کا خاکہ پیش کیا

کراچی (این این آئی) ایف پی سی سی آئی میں برسر اقتدار یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر نے وزیراعظم شہباز شریف پر زور دیا ہے کہ وہ آئندہ وفاقی بجٹ میں برآمدات پر مبنی نمو کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے ایف پی سی سی آئی اور دیگر چیمبرز کے نمائندوں کے ہمراہ بجٹ کی اہم تجاویز پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے وزیراعظم اور کابینہ کے اراکین سے ملاقات کیا۔ ایس ایم تنویر نے علاقائی کشیدگی میں ثالثی میں غیر معمولی سفارتی کردار ادا کرنے پر وزیراعظم اور چیف آف ڈیفنس فورسز جنرل عاصم منیر دونوں کی تعریف کی اور امید ظاہر کی کہ ان کی امن کی کوششوں کو مستقبل کے مورخین سنہرے حروف میں لکھیں گے۔ معیشت کو بحال کرنے کے لیے ایس ایم تنویر نے بجٹ (بقیہ نمبر 27)



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:15
فجر	4:10
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:45

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 بجے مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786

کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان انسداد ڈینگی جائزہ کیلئے منعقدہ ڈویژنل اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان کی زیر صدارت انسداد ڈینگی ڈویژنل اجلاس

لاہور، ننکانہ، قصور، شیخوپورہ میں ڈینگی سرویلنس اور ڈینگی یوزرز کا جائزہ لیا گیا

لاہور میں 2026 میں ابتک ڈینگی کے 6 مثبت کیسز سامنے آئے۔ 3036 مشتبہ کیسز رپورٹ ہوئے۔ کمشنر لاہور مریم خان

لاہور میں ڈینگی سرویلنس میں 18011 وارننگ نوٹس جاری۔ 19 مقدمات درج ہوئے ہیں۔ کمشنر لاہور مریم خان

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان کی زیر صدارت انسداد ڈینگی جائزہ کے لئے ڈویژنل اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں لاہور، ننکانہ، قصور اور شیخوپورہ میں ڈینگی سرویلنس اور ڈینگی یوزرز کا جائزہ لیا گیا۔ چاروں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے بریفنگ دی۔ انہوں نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ہر ضلع میں انسداد ڈینگی سرویلنس سو فیصد جاری ہے، ڈینگی ٹیمیں فیلڈ میں موجود ہیں۔ لاہور میں امسال ابتک 18030 ڈینگی لاروا کو تلف کیا گیا مزید سرویلنس جاری ہے۔ کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان نے کہا کہ لاہور ڈویژن میں ڈینگی وائرس سے کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی، لاہور میں 2026 میں ابتک ڈینگی کے 6 مثبت کیسز سامنے آئے اور 3036 مشتبہ کیسز رپورٹ ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں ڈینگی سرویلنس میں 18011 وارننگ نوٹس جاری جبکہ 19 مقدمات درج ہوئے ہیں۔ کمشنر لاہور نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا فوکس صحت عامہ ہے اس پر کوئی کمپرومائز نہیں۔ اجلاس میں ڈی سی لاہور کیپٹن علی اعجاز، ڈی سی ننکانہ راو تسلیم اختر، ڈی سی شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ، ڈی سی قصور آصف رضا، اے سی جی وجیہہ ثمرین، سی ای او ہیلتھ لاہور سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

ایران کے مرحوم سپریم لیڈر کو مشہد میں سپردِ خاک کیا جائے گا، حکام

تہران (شنہوا) ایران کے ایک سینئر بلدیاتی عہدیدار نے بتایا ہے کہ ایران کے سابق سپریم لیڈر علی خامنہ ای، جو 28 فروری کو امریکی-اسرائیلی حملے میں شہید ہو گئے تھے، کو شمال مشرقی شہر مشہد میں سپردِ خاک کیا جائے گا۔ ایران کی نیم سرکاری خبر رساں ایجنسی فارس کے مطابق تہران کے میئر کے نائب برائے سماجی و ثقافتی امور محمد امین توکلی زادہ نے کہا کہ علی خامنہ ای کو ان کی وصیت اور خاندان کی خواہش کے مطابق امام رضا کے روضے کے احاطے میں دفن کیا جائے گا۔ توکلی زادہ نے بتایا کہ تہران میں تین روزہ الوداعی تقریبات اور 24 گھنٹے پر مشتمل جنازے کا جلوس نکالنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے، جو ممکنہ طور پر ایران کے پہلے سپریم لیڈر امام خامنہ ای کے بڑے جنازہ گاہ یا ان کے مزار پر منعقد ہوگا۔ اس کے بعد میت کو اسی نوعیت کی تقریبات کے لئے قم اور مشہد منتقل کیا جائے گا۔ توکلی زادہ کے مطابق یہ تقریبات جون کے وسط کے بعد شروع ہوں گی اور تہران میں ہونے والی تقریبات میں دو کروڑ تک افراد کی شرکت متوقع ہے۔ مرحوم رہنما کے بیٹے مجتبیٰ خامنہ ای کو مارچ کے اوائل میں ایران کا نیا سپریم لیڈر منتخب کیا گیا تھا۔

ایرانی حملوں کے بعد امریکی افواج کا ایران کے جزیرہ قشم پر حملہ

واشنگٹن (شنہوا) امریکی سنٹرل کمانڈ (سینٹکام) نے کہا ہے کہ امریکی فوج نے مشرق وسطیٰ میں ایران کی جانب سے مبینہ حملوں کی کوششوں کے جواب میں ایران کے جزیرہ قشم پر "اپنے دفاع" کے تحت حملے کئے۔ سینٹکام نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ امریکی فوج نے آبنائے ہرمز کے قریب واقع جزیرہ قشم میں ایرانی فوج کے ایک زمینی کنٹرول سٹیشن کو نشانہ بنایا۔ بیان کے مطابق اس کارروائی میں کوئی امریکی اہلکار زخمی نہیں ہوا۔ سینٹکام نے کہا کہ ایران نے خطے کے کئی پڑوسی ممالک کی جانب بیلسٹک میزائل داغے تاہم کوئی بھی اپنے ہدف کو نشانہ بنانے میں کامیاب نہیں ہوا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ کویت کی جانب داغے گئے دو ایرانی میزائل راستے میں ہی گر گئے یا ٹوٹ گئے جبکہ بحرین کی طرف فائر کئے گئے تین میزائلوں کو امریکی اور بحرینی فضائی دفاعی نظام نے فوری طور پر تباہ کر دیا۔ دوسری جانب ایران کی اسلامی انقلابی گارڈ کور (آئی آر جی سی) نے دعویٰ کیا کہ اس نے منگل کو میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے بحرین میں موجود امریکہ کے پانچویں بحری بیڑے کے صدر دفتر کو نشانہ بنایا۔ اطلاعات کے مطابق آئی آر جی سی بتایا کہ اس نے منگل کے روز کویت کی جانب کم از کم 10 بیلسٹک میزائل بھی داغے۔ تاہم سینٹکام نے فوری طور پر ان دعوؤں کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ حملوں کی دونوں لہریں اپنے مطلوبہ اہداف کو نشانہ بنانے میں ناکام رہیں۔

چین کا ترسیلی شعبہ مئی میں دوبارہ توسیع کے مرحلے میں داخل

بیجنگ (شنہوا) چین کا ترسیلی شعبہ مئی کے دوران دوبارہ توسیع کے مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔ چائنہ فیڈریشن آف لاجسٹکس اینڈ پرچیزنگ کے مطابق ملک کی ترسیلی مارکیٹ کی کارکردگی جانچنے والا اشاریہ، جو اقتصادی سرگرمی اور معاشی توانائی کا ایک اہم پیمانہ سمجھا جاتا ہے، مئی میں 3.50 فیصد ریکارڈ کیا گیا جو اپریل کے مقابلے میں 6.0 فیصد پوائنٹس زیادہ ہے۔ معاشی اشاریوں میں 50 سے زائد کی عدد توسیع یا ترقی کی نشاندہی کرتی ہے جبکہ 50 سے کم عدد سکڑاؤ یا تنزلی کو ظاہر کرتی ہے۔ چائنہ لاجسٹکس انفارمیشن سنٹر کے ڈائریکٹر لیو یو ہانگ نے کہا کہ "مئی میں صنعتی ترسیل کی طلب میں تیزی آئی جبکہ صارفین سے متعلق ترسیل کی طلب نے مستحکم توسیع کا رجحان برقرار رکھا۔ مجموعی کاروباری حجم کا ذیلی اشاریہ 3.50 فیصد رہا، جو اپریل کے مقابلے میں 6.0 فیصد پوائنٹس زیادہ ہے۔ نئے آرڈرز کا ذیلی اشاریہ مسلسل تیسرے مہینے بڑھا اور مئی میں 2.50 فیصد تک پہنچ گیا۔ مستقل اثاثہ جاتی سرمایہ کاری کی تکمیل کا ذیلی اشاریہ 1.54 فیصد ریکارڈ کیا گیا جو اپریل کے مقابلے میں 4.0 فیصد پوائنٹس زیادہ ہے۔ فیڈریشن کے مطابق مارکیٹ کے مستقبل کے بارے میں توقعات بھی مثبت رہیں جبکہ کاروباری سرگرمیوں کی متوقع سطح کا ذیلی اشاریہ 9.55 فیصد پر برقرار رہا۔

چینی کمپنی "وی رائیڈ" میڈرڈ میں آزمائشی کمرشل روبو ٹیکسی سروس شروع کرے گی

میڈرڈ (شنہوا) چین کی خودکار ڈرائیونگ کمپنی وی رائیڈ نے اعلان کیا کہ وہ رواں سال کے آخر میں میڈرڈ میں امریکی رائیڈ ہیلنگ پلیٹ فارم اوبر اور نقل و حمل کے ہسپانوی آپریٹر ایووومو کے اشتراک سے ایک آزمائشی کمرشل روبو ٹیکسی سروس شروع کرے گی۔ تینوں کمپنیوں کے مشترکہ بیان کے مطابق سروس کے آغاز کے بعد صارفین اوبر ایپ کے ذریعے براہ راست خودکار ٹیکسیاں بک کر سکیں گے۔ توقع ہے کہ یہ منصوبہ سپین میں عوام کے لئے دستیاب پہلی کمرشل روبو ٹیکسی پائلٹ سروس بن جائے گا۔ ابتدائی مرحلے میں موجودہ ہسپانوی ضابطہ جاتی تقاضوں کے مطابق تربیت یافتہ حفاظتی آپریٹرز گاڑیوں کے اندر موجود رہیں گے۔ کمپنیوں کا کہنا ہے کہ وہ بتدریج مکمل طور پر بغیر ڈرائیور کے تجارتی آپریشنز کو اہم شہری علاقوں تک وسعت دینے کا ارادہ رکھتی ہیں۔ اس شراکت داری کے تحت وی رائیڈ خودکار ڈرائیونگ ٹیکنالوجی اور گاڑیوں کا پلیٹ فارم فراہم کرے گی، اوبر رائیڈ ہیلنگ پلیٹ فارم اور صارفین تک رسائی مہیا کرے گا جبکہ ہسپانوی موبلٹی گروپ موو کارز کا ذیلی ادارہ ایووومو گاڑیوں کے مقامی بیڑے کے آپریشنز اور ضابطہ جاتی تعمیل کی نگرانی کرے گا۔ وی رائیڈ کے بانی اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ہان شو نے کہا کہ "یورپ کی تیزی سے ترقی کرنے والی شہری نقل و حرکت کی منڈیوں میں سے ایک میڈرڈ میں بغیر ڈرائیور کے روبو ٹیکسی سروس کا آغاز اس بات کا مظہر ہے کہ ہم پیچیدہ حقیقی ماحول میں محفوظ انداز میں کام کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

چین کے جنوب مغربی شہر چھونگ چھنگ کے ضلع کائی ژو میں شوے باؤ شان قدرتی تحفظ گاہ کے تحقیقی مرکز میں محققین تھوجا سچوینینسس نسل کے پودوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ (شنہوا)

صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی زیر صدارت اجلاس، نواز شریف سکول آف ایمیننس منصوبے پر تفصیلی بریفنگ

صوبہ پنجاب میں دو مرحلوں میں 300 نواز شریف سکول آف ایمیننس قائم کیے جائیں گے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی زیر صدارت آج ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے چیئرمین ملک شعیب اعوان اور مینیجنگ ڈائریکٹر شاہد فرید نے خصوصی شرکت کی۔ صوبائی وزیر تعلیم نے نواز شریف سکول آف ایمیننس منصوبے پر بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت صوبہ بھر 300 نواز شریف سکولز آف ایمیننس کھولے جائیں گے۔ پہلے مرحلے میں 128 نواز شریف سکول آف ایمیننس قائم کیے جا رہے ہیں، جن کا مقصد بچوں کو عالمی معیار کی جدید اور معیاری تعلیم کی فراہمی ہے۔ 128 میں سے 89 سکولز تعمیراتی اور ترقیاتی کاموں میں 50 فیصد سے زائد پیش رفت حاصل کر چکے ہیں، جبکہ باقی سکولز کی پیش رفت کا باقاعدہ جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ معیار اور رفتار کو یقینی بنایا جا سکے۔ منصوبے پر تیزی سے عملدرآمد جاری ہے، جبکہ داخلوں، آپریشنلائزیشن اور فزیکل ویریفکیشن کا عمل بھی جاری ہے۔ اب تک 76 ہزار 951 طلبہ و طالبات کا اندراج مکمل ہو چکا ہے، جن میں 39 ہزار 336 طلبہ اور 37 ہزار 615 طالبات شامل ہیں۔ یہ اعداد و شمار والدین کے بڑھتے ہوئے اعتماد اور منصوبے کی وسیع کامیابی کا واضح ثبوت ہیں۔ صوبائی وزیر تعلیم نے مزید بتایا کہ طلبہ کو مفت درسی کتب فراہم کی جائیں گی۔ پرائمری سطح پر کوا ایجوکیشن ماڈل بھی مؤثر طریقے سے نافذ کیا جا رہا ہے۔ مزید برآں، ہر سکول میں جدید تعلیمی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے جن میں سائنس لیبز، روبوٹکس لیبز، کمپیوٹر لیبز، سمارٹ بورڈ کلاس رومز، ای سی سی ای (ECCE) رومز اور کھیل کے وسیع میدان شامل ہیں۔ ان سہولیات کا مقصد طلبہ کی تخلیقی، سائنسی اور تکنیکی صلاحیتوں کو جدید تقاضوں کے مطابق فروغ دینا ہے۔ داخلہ ٹیسٹ فیز ون کے لیے جون کے تیسرے ہفتے جبکہ فیز ٹو کے لیے جولائی کے تیسرے ہفتے میں متوقع ہیں۔ نواز شریف سکول آف ایمیننس منصوبہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کا عملی اظہار ہے۔ یہ منصوبہ نہ صرف معیاری تعلیم کو عام کرے گا بلکہ جدید ٹیکنالوجی، سائنسی سوچ اور تخلیقی صلاحیتوں کو بھی فروغ دے گا۔ والدین کا اعتماد اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومتِ پنجاب درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے۔ ہم ہر بچے کو وہ تعلیمی ماحول فراہم کریں گے جہاں وہ عالمی سطح پر مقابلہ کر سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب اس منصوبے کی کامیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور کسی بھی سطح پر معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی مسلسل 04 گھنٹے تک طویل ترین کھلی کچہری

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی مسلسل 04 گھنٹے تک طویل ترین کھلی کچہری شہریوں کی جانب سے مختلف نوعیت کی 165 شکایات کا ازالہ بلوچستان کے تاجر کی 27 کروڑ روپے فراڈ کی شکایت ڈی آئی جی آپریشنز کا ایس پی سٹی کو ثبوتوں کی روشنی میں قانونی کارروائی کی ہدایت اور وریز پاکستانی کے بیوی پر آشنا سے مل رقم ہتھیانے، جان سے مارنے کے الزامات ڈی آئی جی آپریشنز کا ایس پی اقبال ٹاؤن کو معاملہ کی 03 دن میں تحقیقات مکمل کرنے کی ہدایت شہری کی والدہ کو زہر دے کر مارنے کی شکایت، ایس پی صدر کو آج ہی معاملہ کی انکوائری مکمل کر کے قانونی کارروائی کے احکامات جاری شادی ختم ہونے کی رنجش، تشدد، لڑائی جھگڑے کی شکایت پر متعلقہ ایس ایچ او کو کارروائی کی ہدایت وراثتی جائیداد تقسیم میں جعلسازی، وکیل کرنے کی استطاعت نہیں، خاتون شہری تقسیم معاملات پولیس کے اختیارات سے باہر ہیں، کوشش ہے کہ وکیل سے رابطہ کروادیں گے، ڈی آئی جی آپریشنز فراڈ کی شکایات پر ایس ایچ او مستی گیٹ، شاہدرہ، نولکھا، شادباغ، نواں کوٹ، جنوبی چھاؤنی، ہربنس پورہ کو کارروائی کے احکامات کرایہ داروں کے خلاف کرایہ نہ دینے، مکان خالی نہ کرنے کی شکایات پر ایس ایچ او شمالی چھاؤنی، شالیمار کو قانونی کارروائی کی ہدایت چیک ڈس آنر کی شکایت پر ایس ایچ او باغبانپورہ کو طلبی نوٹس جاری کرنے، کارروائی کی ہدایت لڑائی جھگڑے کی شکایات پر ایس ایچ او مناواں، شاہدرہ کو مناسب احکامات صادر کئے گئے، خاتون کی شیراکوٹ میں جائیداد پر قبضہ کی شکایت، ایس ایچ او کو اسٹیٹس کی تبدیلی کا تعین کرنے کی ہدایت بعد از تصدیق ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی کے احکامات جاری والدین کی بچوں کے خلاف گھر پر قبضہ کرنے، دھمکانے کی شکایا فیصل کامران کا ایس ایچ او شاہدرہ، شمالی چھاؤنی کو پیرنٹس ایکٹ کے تحت کارروائی کا حکم ایس پی اقبال ٹاؤن، ایس ایچ او فیکٹری ایریا کو خواتین پر تشدد کی شکایات پر احکامات جاری ٹمکے کے توڑے اتارنے کیلئے مزدوری پر رکھا، کیمیکل اٹھوانے سے باز چل گیا، درخواست گزار ڈی آئی جی آپریشنز کا واقعہ کی تصدیق، قانونی مدد فراہم کرنے کا حکم مدعی مقدمہ ہوں، ملزم مقدمہ خارج کرنے کیلئے دھمکیاں دے رہے ہیں، خاتون درخواست گزار فیصل کامران کا ایس ایچ او اسلامپورہ کو مدعی مقدمہ کو تحفظ، قانونی کارروائی کی ہدایت ہوٹل مالک کی پولیس اہلکاروں کے خلاف اختیارات سے تجاوز کی شکایتڈی آئی جی آپریشنز کا ایس ایچ او ریس کورس سے ویڈیو لنک پر استفسار، ہوٹل مالک غیر مناسب سرگرمیوں میں ملوث ہے، ایس ایچ او فیصل کامران نے ایس پی سکیورٹی کو معاملہ کی انکوائری سونپ دی، پولیس اہلکاروں کی گھر میں گھس کر تشدد، رقم ہتھیانے کی شکایات ڈی آئی جی آپریشنز کی ایس ایچ او ساندہ کو مقدمہ درج کرنے، اہلکاروں کی سلاخوں میں ڈالنے کی ہدایت جاری کی فیصل کامران کی ایس ایچ او مصری شاہ کو ذمہ داران کے خلاف کارروائی کا حکم۔

ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1171 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1171 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 628 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 758 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (78 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 740 ڈرائیورز، 75 کم عمر ڈرائیور، 494 مسافر اور 164 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 206 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 259 متاثرین کے ساتھ پہلے، ملتان 73 حادثات میں 81 متاثرین کے ساتھ دوسرے، فیصل آباد 72 حادثات میں 80 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔

آئی جی پنجاب نے ٹریفک وارڈنز کی جانب سے بیچ سڑک گاڑیاں روک کر چالان کرنے کے عمل کا سخت نوٹس لے لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب نے ٹریفک وارڈنز کی جانب سے بیچ سڑک گاڑیاں روک کر چالان کرنے کے عمل کا سخت نوٹس لیتے ہوئے واضح ہدایات جاری کر دی ہیں۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم کے مطابق بعض ٹریفک وارڈنز ناکے لگا کر ٹریفک کی روانی متاثر کرتے ہوئے چالانگ پر زیادہ توجہ دے رہے ہیں، جس سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی ہے کہ ٹریفک وارڈنز کو بیچ سڑک گاڑیاں روک کر چالان کرنے سے مکمل طور پر روکا جائے اور اس پریکٹس کو فوری ختم کیا جائے۔ آئی جی پنجاب نے سی ٹی اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکل افسران اور سیکٹر انچارجز اپنے عملے کو بریف کریں اور ٹریفک کی روانی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ آئندہ اس نوعیت کی کسی بھی پریکٹس کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور وارڈنز کو چالانگ کے ساتھ ساتھ شہریوں کی سہولت اور ٹریفک کے بہاؤ کو ترجیح دینا ہوگی۔

مناواں پولیس نے لاہور میں پتنگوں کی بڑی ترسیل ناکام بنا کر بین الاضلاعی پتنگ ڈیلر گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مناواں پولیس نے لاہور میں پتنگوں کی بڑی ترسیل ناکام بنا کر بین الاضلاعی پتنگ ڈیلر گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق تھانہ مناواں نے خفیہ اطلاع پر دوران پٹرولنگ بین الاضلاعی پتنگ ڈیلر نوید اقبال مومن پورہ روڈ کے قریب پتنگوں اور ڈور کی سپلائی دیتے ہوئے نوید اقبال کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے اس سے لاکھوں مالیت کی 400 سے زائد پتنگیں اور 09 قاتل کیمیکل ڈور کی چرخیاں برامد کر کے مقدمہ درج کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزم نے علاقہ غیر سے بزریعہ آن لائن پتنگیں و ڈور منگوا کر مختلف اضلاع میں سپلائی دینے کا اعتراف کیا ہے۔

ڈکیتی کی 15 کالز کرنے والے کال ہی وارداتوں کے ماسٹر مائنڈ نکلے

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈکیتی کی 15 کالز کرنے والے کال ہی وارداتوں کے ماسٹر مائنڈ نکلے کاہنہ پولیس نے دونوں ملزمان کو موقع سے گرفتار کر لیا، ایس پی ماڈل ٹاؤن اسد علی کے مطابق ملزمان نے کمپنی کی رقم ہتھیانے کیلئے ڈکیتی کی جھوٹی 15 کالز کی کہ 3 ڈاکوؤں گن پوائنٹ پر موبائلز اور نقدی چھین کر فرار ہیں، پولیس کی جانب سے جب سی سی ٹی وی کیمروں اور سیف سٹی کیمروں کو چیک کیا تو معلوم ہوا کہ کوئی ایسا واقعہ نہ ہوا ہے جس پر کالر سلمان اور ارمان کو حراست میں لے کر تحقیقات کی گئیں تو ملزمان نے اعتراف کر کر لیا جس پر پولیس نے ان سے 2 موبائل فون اور نقدی برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے

ایس ایچ او شادمان کی زیرِ سرپرستی سب انسپکٹر رفیع الرحمٰن انچارج چوکی PIC شادمان کی منشیات فروشوں کے خلاف ریکارڈ کارروائیاں جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) تفصیلات کے مطابق ایس پی ماڈل ٹاؤن کی ہدایت پر ایس ایچ او شادمان کی زیرِ سرپرستی سب انسپکٹر رفیع الرحمٰن انچارج چوکی PIC کی منشیات فروشوں کے خلاف تابڑتوڑ کارروائیاں جاری چار کس ملزمان 1۔ علی شیر سکنہ گلبرگ لاہور 2۔ احمد خان سکنہ گرین ٹاؤن لاہور 3۔ ظہیر رفیق سکنہ لوہاری گیٹ لاہور 4۔ محمد جہانگیر سکنہ شیخوپورہ ایک مکمل نیٹ ورک گرفتار کیا گیا جن کے قبضہ سے 10 عدد پیکٹ چرس برامد ہوئی ان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے مزید تفتیش کے لیے انویسٹیگیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا، سب انسپکٹر رفیع الرحمٰن انچارج چوکی PIC شادمان کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق شہر کو ڈرگ فری بنانے کے لیے پُرعزم ہیں، منشیات فروش کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، معاشرے کو منشیات جیسی لعنت سے پاک کرنے کے لیے افسرانِ بالا کی ہدایت کے مطابق دن رات کوشاں ہیں،

اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت کے ہمراہ حلقہ PP-49 کے ایم پی اے رانا محمد فیاض نے ٹی ایچ کیو ہسپتال پسرور کا دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت کے ہمراہ حلقہ PP-49 کے ایم پی اے رانا محمد فیاض نے ٹی ایچ کیو ہسپتال پسرور کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف وارڈز کا معائنہ کیا، زیرِ علاج مریضوں کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کرتے ہوئے علاج معالجے اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ اس موقع پر ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی، ادویات کی دستیابی اور صفائی ستھرائی کے انتظامات ہر صورت یقینی بنائے جائیں تاکہ عوام کو معیاری طبی خدمات میسر آسکیں۔

اے سی پسرور ثناء شرافت کا چونڈہ پھاٹک بیوٹیفکیشن منصوبے کا جائزہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت نے چونڈہ پھاٹک کا دورہ کیا اور وہاں جاری گرین بیلٹ کی تعمیر اور بیوٹیفکیشن منصوبے کے تحت ہونے والے ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے تعمیراتی سرگرمیوں کی رفتار اور معیار کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران و عملے کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے کام کی رفتار مزید تیز کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تعمیراتی کاموں میں اعلیٰ معیار اور خوبصورتی کے تقاضوں کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو ایک بہتر اور خوشگوار ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اسسٹنٹ کمشنر ثناء شرافت نے کہا کہ شہری علاقوں کی خوبصورتی، صفائی اور ماحولیاتی بہتری کے لیے جاری ترقیاتی منصوبے ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مفاد کے ان منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام متعلقہ ادارے ذمہ داری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔

پاکستان میں تعینات آسٹریلین ہائی کمشنر ٹیموتھی کین کا سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ

پاکستان میں آسٹریلین ہائی کمشنر ٹیموتھی کین کی سیالکوٹ ایئرپورٹ آمد پر آسٹریلین کونسل خانے کے دیگر حکام ساتھ تھے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان میں تعینات آسٹریلین ہائی کمشنر ٹیموتھی کین کا سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ۔ پاکستان میں آسٹریلین ہائی کمشنر ٹیموتھی کین کی سیالکوٹ ایئرپورٹ آمد پر آسٹریلین کونسل خانے کے دیگر حکام ساتھ تھے۔ چیئرمین سیال حسن علی بھٹی، وائس چیئرمین سیال وقاص افضل، ممبران بورڈ آف ڈائریکٹرز اور سی ای او سیال نے معزز مہمانوں کا استقبال کیا۔ اس موقع پر چیئرمین سیال حسن علی بھٹی کا کہنا تھا کہ آسٹریلین ہائی کمشنر کا دورہ سیالکوٹ ایئرپورٹ ادارے کیلئے قابل اعزاز ہے اور یہ دورہ پاکستان اور آسٹریلیا کے مابین بڑھتے ہوئے تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔ پاکستان اور آسٹریلیا کے مابین تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم اور عوامی روابط کو فروغ دینے آسٹریلین حکومت کی کاوشیں قابل ذکر ہیں۔ چیئرمین سیال حسن علی بھٹی کی جانب سے معزز ہائی کمشنر اور حکام کو ایئرپورٹ بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر معزز آسٹریلین ہائی کمشنر ٹیموتھی کین نے سیالکوٹ ایئرپورٹ کو مثالی وژن کی زندہ مثال قرار دیا اور معزز ہائی کمشنر نے سیالکوٹ کی تاجر و کاروباری برادری کی کوششوں کو سراہا۔ اور ان کا کہنا تھا کہ سیالکوٹ ایک بین الاقوامی شہرت یافتہ شہر ہے اور خطے میں سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ اپنی مثال آپ ہے۔ چیئرمین سیال اور آسٹریلین ہائی کمشنر کا مستقبل میں پاکستان اور آسٹریلیا کے مابین ٹریڈ کو مزید فروغ دینے پر بھی اتفاق کیا۔ چیئرمین سیال نے آسٹریلین ہائی کمشنر کو مستقبل میں باہمی تعاون و اشتراک کے لیے سیال کی ہر ممکن معاونت کی یقین دہانی کروائی۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعیم بشیر کی زیر صدارت پرائس مجسٹریٹس کا اجلاس، ماہ مئی کی کارکردگی کا جائزہ

ضلع بھر کے پرائس مجسٹریٹس نے ماہ مئی کے دوران مجموعی طور پر 67 ہزار 375 انسپکشنز کیں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعیم بشیر کی زیر صدارت پرائس مجسٹریٹس کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع بھر میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر کنٹرول، گرانفروشی کے تدارک اور ماہ مئی کے دوران پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی مجموعی و انفرادی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ضلع بھر کے پرائس مجسٹریٹس نے ماہ مئی کے دوران مجموعی طور پر 67 ہزار 375 انسپکشنز کیں۔ گرانفروشی اور سرکاری نرخ ناموں کی خلاف ورزی پر 1 ہزار 442 دکانداروں کو جرمانے عائد کیے گئے جبکہ مجموعی طور پر 31 لاکھ 5 ہزار روپے کے جرمانے وصول کیے گئے۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ عوامی مفادات کے تحفظ اور ناجائز منافع خوری کے خلاف مؤثر کارروائیوں کے دوران 8 گرانفروشوں کو گرفتار کیا گیا جبکہ سنگین خلاف ورزیوں پر 33 دکانوں اور گوداموں کو سربمہر کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعیم بشیر نے پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ بازاروں اور مارکیٹوں میں روزانہ کی بنیاد پر انسپکشنز کا سلسلہ مزید مؤثر بنایا جائے اور سرکاری نرخوں پر اشیائے خورد و نوش کی دستیابی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کی ہدایت پر عوام کو ریلیف فراہم کرنے، ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری اور مصنوعی مہنگائی کے خاتمے کیلئے بھرپور اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

از دفتر مارکیٹ کمیٹی کاہنہ کاچھا لاہور

نیلام عام

پنجاب ایگریکلچرل مارکیٹنگ ریگولیٹری اتھارٹی کے حکم کے تحت تشکیل کردہ نیلام کمیٹی مورخہ 13 مارچ، 2025ء کے زیر اہتمام اور جاری شدہ شرائط کے مطابق ٹھیکہ ریٹ لسٹ برائے مالی سال 27-2026، مورخہ 27 جون 2026ء بروز ہفتہ بوقت 11:00 بجے دن بمقام دفتر مارکیٹ کمیٹی کاہنہ کاچھا لاہور نیلام عام کر رہی ہے۔

پری کوالیفکیشن / رجسٹریشن

مارکیٹ کمیٹی کاہنہ کاچھا لاہور میں رجسٹرڈ فرم ہائے / حضرات بولی سے قبل کال ڈیپازٹ کی صورت میں زر ضمانت مبلغ -/25,00,000 روپے (پچیس لاکھ روپے) بحق مارکیٹ کمیٹی کاہنہ کاچھا لاہور جمع کروانا ہوں گے۔ زر ضمانت کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جمع کروانا ہوگا نیز رجسٹریشن فیس مبلغ -/30000 روپے ناقابل واپسی ہوگی۔

ٹھیکہ تقسیم ریٹ لسٹ سبزی، پھل و برائلر زندہ وغیرہ

مارکیٹ کمیٹی کاہنہ کاچھا لاہور تقسیم ریٹ لسٹ سبزی، پھل و برائلر زندہ وغیرہ کیلئے ٹھیکہ برائے مالی سال 27-2026 مورخہ 01-07-2026 تا 30-06-2027 نیلام کر رہی ہے۔ کامیاب بولی دہندہ کا ٹھیکہ معیاد ختم ہونے پر منسوخ تصور ہوگا۔ معیاد ٹھیکہ میں توسیع ہرگز نہ ہوگی۔ خواہشمند حضرات / فرم کی رجسٹریشن نیلامی سے ایک گھنٹہ قبل تک ہو سکے گی۔ رجسٹریشن کیلئے درخواست دہندہ کو شناختی کارڈ بینک اسٹیٹمنٹ اور ٹیکس سرٹیفکیٹ لف کرنا ہوگا۔

دیگر شرائط

سرکاری بولی سابقہ تین سال کی اوسط رقم کی بنیاد پر ہوگی۔ نیلام عام کی دیگر شرائط و تفصیلات دفتری اوقات کار میں دفتر مارکیٹ کمیٹی کاہنہ کاچھا لاہور سے ملاحظہ کی جاسکتی ہیں اور موقع پر بھی پڑھ کر سنائی جائیں گی۔ نیلام کمیٹی کو شرائط میں اضافہ، تخفیف و ترمیم کرنے کا اختیار ہوگا جو کہ تابع منظوری جناب ڈائریکٹر جنرل پامرا ہوگی۔ افسر مجاز (کنوینیئر نیلام کمیٹی) کو اختیار ہوگا کہ وہ بوجوہ تمام بولی یا کسی ایک بولی کو مسترد کر دے۔ اگر کسی وجہ سے مورخہ 27-06-2026 بروز ہفتہ کو بولی نہ ہو سکی تو آئندہ بولی مورخہ 29 جون 2026ء بروز سوموار کو ہوگی۔ جس کے لیے کوئی علیحدہ اطلاع نہ دی جائے گی اور نہ ہی کوئی منادی / مشتری کروائی جائیگی۔ کسی بھی مارکیٹ کمیٹی کے نادہندہ افراد / فرم ہائے بولی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔

المشتہر: مجاز آفیسر / سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی کاہنہ کاچھا لاہور

0300-7544813

IPL:5611



باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

"روزنامہ قوت لاہور" (3) 4 جون 2026ء

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے تحصیل چوآسیدن شاہ کا دورہ کیا

اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ محمد اقبال اکرم، متعلقہ محکموں کے افسران اور ستھرا پنجاب پروگرام کے نمائندگان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے تحصیل چوآسیدن شاہ کا دورہ کیا اور مختلف عوامی سہولیات و ترقیاتی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ محمد اقبال اکرم، متعلقہ محکموں کے افسران اور ستھرا پنجاب پروگرام کے نمائندگان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چوآسیدن شاہ کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور عملے کی حاضری کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور علاج معالجے کے معیار میں مزید بہتری لائی جائے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے چوآسیدن شاہ پارک کا دورہ کیا اور وہاں صفائی، شجرکاری اور عوامی سہولیات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے پارک کی خوبصورتی اور دستیاب سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے شہر کے مرکزی نالے کی صفائی کے جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی آپریشن کو مزید مؤثر بنانے اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مریم نواز کلینک رتوچھ کا بھی معائنہ کیا اور مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی اور طبی عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت، صحت، صفائی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور شہریوں کو بہتر ماحول اور معیاری خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی#

ایران امریکہ کشیدگی کے باعث شپنگ روٹس و کارگو سرگرمیاں متاثر ہیں، فراز اکرم اعوان

حالیہ کشیدگی سے برآمدی آرڈرز کی لاگت میں اضافہ ہوا ہے۔ معروف بزنس مین

اسرائیل امریکہ کے ایران پر حملوں نے مشرق وسطیٰ سمیت خطے کے ممالک کو اپنی لپیٹ میں لے لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) موجودہ صورتحال ایک نئے اور زیادہ پیچیدہ موڑ میں داخل ہو چکی ہے جس کے اثرات عالمی تجارت پر محسوس کیے جا رہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین فراز اکرم اعوان سابق وائس چیئرمین سیال نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ اہم صنعتی شہر ہے جہاں تیار ہونے والی مصنوعات کا براہ راست تعلق انٹرنیشنل مارکیٹ سے ہے کھیلوں کا سامان سرجیکل آلات سمیت کوالٹی پراڈکٹس مینوفیکچرنگ کے بعد بیرون ملک برآمد کیجاتی ہیں تاہم مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باعث شپنگ روٹس، فضائی کارگو اور تجارتی ترسیل متاثر ہونے کے خدشات بڑھ گئے ہیں جس سے ایکسپورٹرز و مقامی صنعتکار شدید متاثر ہو رہے ہیں حالیہ ایران اور اسرائیل امریکہ کشیدگی اور جنگی صورتحال کے باعث خطے میں غیر یقینی فضا نے کاروباری سرگرمیوں پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔

بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 7 بجے سے دن 1 بجے تک 4، 6، 8 جون کو عمران شہید، باغ فیڈرز، 7، 10، 13، 16، 20 جون کو شاہ جیونہ فیڈر، 9 جون کو لکھی شاہ فیڈر، دن 2 بجے سے دن 4 بجے تک 14، 18 جون کو بھون شوگر مل فیڈر، صبح 6 بجے سے دن 12 بجے تک 6، 11، 15، 24 جون کو فیض آباد فیڈر میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

چونیاں سبزی منڈی شہر کی حدود سے باہر ہونی چاہیے: عابد حسین قصوری

روزانہ سینکڑوں گاڑیوں کی آمدورفت سے ٹریفک جام، ماحولیاتی آلودگی اور شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

چونیاں (تحصیل رپورٹر) چونیاں میں بڑھتی ہوئی آبادی اور ٹریفک کے مسائل کے پیش نظر سبزی و فروٹ منڈی کو شہر کی حدود سے باہر منتقل کرنا وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ نائب صدر سبزی و فروٹ منڈی عابد حسین قصوری کے مطابق موجودہ منڈی شہر کے وسط میں واقع ہونے کی وجہ سے روزانہ سینکڑوں گاڑیوں کی آمدورفت سے ٹریفک جام، ماحولیاتی آلودگی اور شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر سے باہر جدید سہولیات سے آراستہ سبزی و فروٹ منڈی کے قیام سے نہ صرف ٹریفک کے مسائل میں کمی آئے گی بلکہ تاجروں، کسانوں اور خریداروں کو بھی بہتر ماحول میسر آئے گا۔ نئی منڈی میں کشادہ سڑکیں، پارکنگ، لوڈنگ اور ان لوڈنگ کے بہتر انتظامات کیے جا سکتے ہیں جس سے کاروباری سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوگا عابد حسین قصوری نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ عوامی مفاد اور شہر کی خوبصورتی کو مدنظر رکھتے ہوئے سبزی و فروٹ منڈی کو جلد از جلد شہر کی حدود سے باہر منتقل کیا جائے تاکہ شہریوں کو درپیش مسائل کا مستقل حل ممکن ہو سکے۔

رباب سعید نے بطور انچارج پیرا فورس اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

چارج سنبھالتے ہی ماتحت آفیسران کیساتھ میٹنگ میں اہم امور پر تبادلہ خیال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) رباب سعید نے بطور ڈسٹرکٹ انچارج پیرا فورس اپنے عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد ماتحت فیلڈ آفیسران کیساتھ خصوصی میٹنگ کی۔ اس دوران اہم پیشہ ورانہ امور پر غور ہوا۔ عملہ پیرا فورس نے بریفنگ دی۔ رباب سعید نے کہا کہ پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کے دوران میرٹ یقینی بنایا جائے اور اینٹی انکروچمنٹ آپریشنز بلا امتیاز کیے جائیں۔ پیرا فورس کے دائرہ کار میں قانون کے مطابق شہریوں کو گرانفروشی و درپیش مسائل کا تدارک کیا جائے گا۔ عوامی شکایات پر میرٹ یقینی بناتے ہوئے بااثر قبضہ مافیا کیخلاف قانون کے مطابق کارروائیاں کی جائیں۔ شہریوں سے سرکاری نرخ نامے سے زیادہ وصول کرنیوالے و گرانفروشی کے مرتکب دوکانداروں کیخلاف فوری کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔

کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر دفعہ 144 کے تحت عائد پابندی

جہلم (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب نے صوبہ بھر میں کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر دفعہ 144 کے تحت عائد پابندی میں مزید 30 روز کی توسیع کر دی سرکاری ذرائع سے معلوم ہوا ہیکہ جہلم سمیت پنجاب بھر میں آوٹ ڈور ڈرون اڑانے پر مکمل پابندی برقرار ہے۔ حکومت پنجاب نے سیکورٹی خدشات کے پیش نظر ڈرون کے استعمال پر پابندی عائد کی ہے ترجمان حکومت نے واضح کیا کہ ہالز اور مارکیز کے اندر تقریبات کے دوران چھوٹے ڈرون کے محدود استعمال کی اجازت ہے تاہم اندرونی تقریبات میں ڈرون کے محفوظ استعمال کی ذمہ داری منتظمین پر عائد ہوگی جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق انٹیلیجنس اور قانون نافذ کرنیوالے ادارے پابندی سے مستثنیٰ قرار دیئے گئے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ عوامی تحفظ، امن و امان کا قیام اور املاک کی حفاظت حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے پابندی ضابطہ فوجداری 1898 کے سیکشن 144 (6) کے تحت لگائی ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبہ بھر میں انتظامیہ اور پولیس کو جاری کردہ احکامات پر من و عن عملدرآمد کروانے کی ہدایت کی ہے،

مہنگائی کا طوفان نہ تھم سکا، غریب، سفید پوش طبقہ شدید متاثر

روزمرہ استعمال کی اشیاء، اور دیگر ضروریات زندگی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے غریب سفید پوش طبقہ سے سفید پوشی کا بھرم بھی چھین لیا گیا، اعلیٰ حکام سے نوٹس کا مطالبہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم عیدالاضحیٰ بھی گزر گئی، مہنگائی کا طوفان نہ تھم سکا، غریب، سفید پوش طبقہ شدید متاثر ہو رہا ہے حکمران پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں ڈیڑھ سو روپیہ فی لٹر مقرر کریں تفصیلات کے مطابق عیدالاضحیٰ کے گزرنے کے باوجود مہنگائی کا طوفان تھمنے کا نام نہیں لے رہا۔ روزمرہ استعمال کی اشیاء، اور دیگر ضروریات زندگی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے غریب سفید پوش طبقہ سے سفید پوشی کا بھرم بھی چھین لیا ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ حالیہ مہنگائی نے دو وقت کی روٹی کے ساتھ ساتھ ذہنی سکون بھی چھین لیا ہے شہریوں کے مطابق سرکاری و نجی اداروں میں خدمات سرانجام دینے والے افراد کی تنخواہوں اور آمدنی میں اضافہ نہ ہونے اور مہنگائی میں غیر معمولی اضافے کے باعث عام آدمی کا مہنگائی کا بوجھ برداشت کرنا ناممکن بنتا جا رہا ہے۔ گھریلو اخراجات، بچوں کی تعلیم، علاج معالجہ اور یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی نے غریب سفید پوش طبقہ کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ سماجی اور عوامی حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مہنگائی پر قابو پانے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں ڈیڑھ سو روپیہ فی لٹر مقرر کی جائے لیوی سمیت دیگر ٹیکسز کا خاتمہ کیا جائے ذخیرہ اندوزوں اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں توانائی کی بچت کے لیے سرکاری محکموں کے افسران وزرا اور مشیروں کو لگژری گاڑیوں کی جگہ ہزار سی سی گاڑیاں دی جائیں 60 لٹر پٹرول بجلی کے 2 سو یونٹ سرکاری طور پر دیے جائیں اضافی یونٹ اور پٹرول افسران اپنی جیب سے ادا کریں تاکہ غریب عوام سکھ کا سانس لے سکیں،

ملک بھر میں بچوں کی پیدائش کے فوری بعد رجسٹریشن کا عمل مزید تیز

نئے نظام کے تحت ہسپتال یا کسی بھی طبی مرکز میں بچے کی پیدائش کے فوراً بعد والدین کے موبائل فون پر اطلاع آئے گی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سمیت ملک بھر میں بچوں کی پیدائش کے فوری بعد اب رجسٹریشن کا عمل مزید تیز اور ڈیجیٹل ہونے جا رہا ہے۔ نادرا نے ایک نیا برتھ نوٹیفکیشن ٹول متعارف کروا دیا ہے جس کے ذریعے بچے کی پیدائش ہوتے ہی والدین کو خودکار ایس ایم ایس موصول ہوگا اور قانونی شناخت کے عمل کا آغاز فوراً ہو جائے گا نئے نظام کے تحت ہسپتال یا کسی بھی طبی مرکز میں بچے کی پیدائش کے فوراً بعد والدین کے موبائل فون پر اطلاع آئے گی۔ اس اقدام سے نہ صرف رجسٹریشن کا عمل آسان ہوگا بلکہ سرکاری دستاویزات کے حصول میں ہونے والی تاخیر میں بھی کمی واقع ہوگی۔ نادرا کے ذرائع کے مطابق اس اقدام کا بنیادی مقصد پاکستان کے شہری اندراج کے نظام کو عالمی معیار کے مطابق بنانا ہے۔ یہ نظام سرکاری ہسپتالوں کے تعاون سے نافذ کیا گیا ہے اور ایس ایم ایس ایک ابتدائی ریکارڈ کے طور پر کام کرے گا جو یونین کونسل میں پیدائش کی رجسٹریشن میں مددگار ثابت ہوگا۔ رجسٹریشن کا پہلا مرحلہ یونین کونسل سے پیدائش کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنا ہے جو تمام قانونی دستاویزات کے لیے بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ والدین یہ عمل شناختی کارڈ، اسپتال کے پروس ریکارڈ یا نادرا کے بھیجے گئے

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے رینالہ خورد میں محرم الحرام کے جلوسوں کے روٹس کا معائنہ کیا

دورے کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر صائمہ نذیر، اہل تشیع کے نمائندگان اور امن کمیٹی کے ممبران بھی موجود تھے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے رینالہ خورد میں محرم الحرام کے جلوسوں کے روٹس کا معائنہ کیا۔ دورے کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر صائمہ نذیر، اہل تشیع کے نمائندگان اور امن کمیٹی کے ممبران بھی موجود تھے۔ دونوں افسران نے مرکزی امام بارگاہ کا دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ محرم الحرام سے قبل تمام روٹس کی مکمل کلیرنس کی جائے اور جلوسوں کی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام محکمے بہترین انتظامات کے لیے تیاریاں مکمل کریں۔ ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے کہا کہ امن و امان کے قیام اور عزاداروں کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے پولیس کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی۔

اللہ رکھا ولد محمد اسلم قوم کلر نے معززین علاقہ کی موجودگی میں قرآن پاک پر حلف لے کر چوری چکاری و دیگر برے کاموں سے ہمیشہ کے لیے توبہ کر لی

تھوڑا کھالوں گا بھوکا رہ لوں گا مگر خود اور اپنے معصوم بچوں کو حلال کا رزق کھلاؤں گا: اہلیان علاقہ کی مبارکباد



عارفوالا (سٹی رپورٹر) تفصیلات کے مطابق اللہ رکھا ولد محمد اسلم قوم کلر سکنہ چک نمبر 163 ای بی اڈہ محمد نگر نے اہلیان علاقہ کی موجودگی میں قرآن پاک پر حلف لے کر چوری چکاری و دیگر جرائم سے ہمیشہ کے لیے توبہ کر لی اس موقع پر اللہ رکھا کا کہنا تھا کہ چوری ڈکیتی جیسے برے کاموں سے میں پہلے ہی دور تھا اور آج تک نہیں کی میں ایک موٹر سائیکل مکینک ہوں اور یہی کام کر کے اپنے چار معصوم بچوں کا پیٹ پالتا ہوں آج حلفاً میں یہ کہتا ہوں کہ آئندہ بھی میں یہ چوری چکاری والا مکروہ فعل نہیں کروں گا تھوڑا کھالوں گا بھوکا رہ لوں گا مگر خود اور اپنے معصوم بچوں کو حلال کا رزق کھلاؤں گا اہلیان علاقہ نے اللہ رکھا کی توبہ پر اللہ رکھا کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اللہ فرماتا ہے کہ میرے بندے سے عمر بھر گناہ ہوتے رہیں یہاں تک کہ گناہ آسمان کو لگ جائیں اور میرا بندہ سچے دل سے مجھ سے توبہ طلب کرے میں خدا اس کی توبہ قبول کر کے اسے معاف فرما دیتا ہے اللہ رکھا نے متعلقہ اداروں سے ہاتھ جوڑ کر اپیل کی ہے کہ میرا اپنے رشتہ داروں سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے اُن کے کیے کی سزا مجھے نہ دی جائے اور نہ ہی میرے گھر پر بلاوجہ ریڈ کر کے مجھے پریشان کیا جائے میں حلال رزق کما کر اپنے بچوں کا پیٹ پالنا چاہتا ہوں ادارے میرے ساتھ تعاون فرمائیں

عبدالغفور ملک کو چیئرمین وسید شاہد رضا کو وائس چیئرمین سیال منتخب ہونے پر مبارکباد

نو منتخب عہدیداران سیال اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو ترقیوں کی بلندیوں پر لیجائیں گے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سنیئر وائس پریزیڈنٹ سیالکوٹ ویمن چیمبر محترمہ گلذیب وقاص اعوان نے نو منتخب سیال عہدیداران کو بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ سنیئر وائس پریزیڈنٹ سیالکوٹ ویمن چیمبر آف کامرس مسز گلذیب وقاص اعوان نے سابق صدر سیالکوٹ چیمبر عبدالغفور ملک کو بلامقابلہ چیئرمین و سید شاہد رضا کو وائس چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ قائد نیشنل بزنس کمیونٹی ریاض الدین شیخ گروپ کے نامزد کردہ امیدواران کیخلاف کسی نے بھی کاغذات نامزدگی جمع نہیں کروائے جو نیشنل بزنس کمیونٹی کے عظیم قائد ریاض الدین شیخ کیلئے بزنس کمیونٹی میں ان کا عزت و احترام ہے۔ امید واثق ہے کہ نو منتخب عہدیداران سیال اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو ترقیوں کی بلندیوں پر لیجائیں گے۔

غیر قانونی درختوں کی کٹائی کے خلاف مؤثر کارروائیاں

چوہدری بابر نذیر کی خدمات عوامی حلقوں میں سراہی جانے لگیں



چکوال (ایم ایوب سلطانی) جنگلات کے تحفظ اور غیر قانونی درختوں کی کٹائی کی روک تھام کے لیے کیے جانے والے مؤثر اقدامات کے باعث چوہدری بابر نذیر کی خدمات کو عوامی و سماجی حلقوں کی جانب سے بھرپور خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔ چوہدری بابر نذیر نے ذمہ داریاں سنبھالتے ہی جنگلات کے تحفظ کو اپنی اولین ترجیح بناتے ہوئے عملی اقدامات کا آغاز کیا، جن کے مثبت نتائج اب نمایاں طور پر سامنے آ رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق انہوں نے ملک طارق اور اپنی ٹیم کے ہمراہ جنگلات کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف مربوط حکمت عملی اختیار کی، جس کے نتیجے میں جنگلات کو ہونے والا نقصان نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق غیر قانونی طور پر درختوں کی کٹائی میں ملوث افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں اور متعدد افراد پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ بعض خلاف ورزیوں پر ایک لاکھ روپے تک کے جرمانے کیے گئے، جبکہ مجموعی طور پر لاکھوں روپے کے جرمانے وصول کیے گئے ہیں۔ ان کارروائیوں کے بعد علاقے میں غیر قانونی درختوں کی کٹائی کے واقعات میں واضح کمی دیکھنے میں آئی ہے، جسے مقامی آبادی جنگلات کے تحفظ کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دے رہی ہے۔

ڈپٹی کمشنر کا پبلک پارکس اور بیوٹیفکیشن منصوبوں کا معائنہ، مقررہ ٹائم لائن کے مطابق کام مکمل کرنے کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر کو متعلقہ افسران نے منصوبے پر ہونے والی پیشرفت، مقررہ ٹائم لائن اور آئندہ مراحل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے سٹی بیوٹیفکیشن وژن کے تحت پبلک پارکس پر جاری ترقیاتی و خوبصورتی کے منصوبوں کا دورہ کر کے پیشرفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سفیان دلاور اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر کو متعلقہ افسران نے منصوبے پر ہونے والی پیشرفت، مقررہ ٹائم لائن اور آئندہ مراحل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ انہیں بتایا گیا کہ سٹی بیوٹیفکیشن کے بیشتر کام تیزی سے مکمل کیے جا رہے ہیں جبکہ بجلی کی تمام تاریں زیر زمین منتقل کرنے کا عمل جاری ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ اس مرحلے کی تکمیل کے بعد سڑک کی تعمیر و مرمت اور دیگر بیوٹیفکیشن سرگرمیوں کو حتمی شکل دی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام منصوبے مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیے جائیں، کام کے دوران حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے اور دکانداروں و شہریوں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا ہو۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی، بہتر انفراسٹرکچر اور شہری سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے اور ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے شہریوں کو بہتر اور خوشگوار ماحول میسر آئے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر میں پبلک پارکس کی مکمل بحالی کا عمل تیزی سے جاری ہے۔

کاشف رضا اوپن آل پنجاب کبڈی ٹورنامنٹ کا فائنل استاد نذر محمد بھٹی کبڈی کلب نے جیت لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) کاشف رضا اوپن آل پنجاب کبڈی ٹورنامنٹ کا فائنل استاد نذر محمد بھٹی کبڈی کلب نے جیت لیا، سابق چیئرمین بلدیہ اظہر محمود چوہدری، پرنسپل کیڈٹ کالج اوکاڑہ عامر رؤف نے انعامات تقسیم کیے۔ فائنل میچ کو دیکھنے کے لیے ہزاروں افراد کی شرکت تفصیلات کے مطابق کاشف رضا اوپن آل پنجاب کبڈی ٹورنامنٹ چک نمبر 33 ٹو آر میں منعقد ہوا۔ ٹورنامنٹ میں 8 ٹیموں نے حصہ لیا۔ فائنل میچ استاد نذر محمد بھٹی کبڈی کلب اور گجر کبڈی کلب فیصل آباد کے درمیان کھیلا گیا۔ ٹورنامنٹ کا فائنل استاد نذر محمد بھٹی کبڈی کلب نے 3 پوائنٹ سے جیت لیا۔ فائنل میچ کے مہمان خصوصی سابق چیئرمین بلدیہ اوکاڑہ چوہدری اظہر محمود، پرنسپل کیڈٹ کالج اوکاڑہ عامر رؤف تھے جبکہ تین روزہ اس ٹورنامنٹ میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما مہیمن عبد الستار، سیکرٹری جنرل آر یو جے پاکستان عابد مغل، مرکزی صدر چیمبر فوڈ اینڈ ایگری کلچر شوکت چدھڑ ایڈووکیٹ، صدر سٹی پریس کلب اوکاڑہ عباس علی جٹ، رہنما پی پی پی ریاض ساگر، عمیر نا گوری، سابق چیئرمین یونین کونسل چوہدری وسیم، چوہدری یاسین، ارشد وٹو، چوہدری ناصر اشرف لمبوہ، رائے لیاقت کھمانہ، مہر شہزاد سٹی نمبردار، احسان اعجاز بھٹی، افتخار بھٹی ایڈووکیٹ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

حضرت عثمان غنیؓ کے یوم شہادت کے سلسلے میں ایک پروقار سیمینار کا انعقاد

آپؓ کا دورِ خلافت عدل و انصاف اور فتوحات کا سنہری دور تھا: مقررین

کوٹ رادھاکشن (نامہ نگار) پریس کلب کوٹ رادھاکشن میں سنی علماء کونسل کے زیراہتمام سیدنا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے یوم شہادت کے سلسلے میں ایک پروقار سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ ایوان صحافت پریس کلب کوٹ رادھاکشن میں زیر سرپرستی میاں خالد سیف اللہ اور شوکت الرحمان خان کی زیر نگرانی شہادت حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے سلسلے میں ایک پروقار سیمینار کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی سنی علماء کونسل ضلع قصور کے صدر مولانا طاہر محمود قصوری تھے۔ سیمینار سے نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع قصور میاں خالد سیف اللہ، جنرل سیکرٹری قرآن و سنہ موومنٹ کوٹ رادھاکشن قاری محمد اعظم سلفی، مفتی محمد عارف شاکر، مولانا محمد طیب نور اور مولانا محمد اعجاز معاویہ نے خطاب کیا۔ مقررین نے جامع القرآن حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی اسلام کے لیے مالی و جانی قربانیوں، سخاوت اور بلند کردار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ سیمینار سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے صدر سنی علماء کونسل قصور مولانا طاہر محمود قصوری نے کہا کہ سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی زندگی امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے ہر مشکل گھڑی میں دل کھول کر اسلام کی مالی خدمت کی، جس پر انہیں ××غنی×× کا لقب ملا۔ ان کا دورِ خلافت عدل و انصاف اور فتوحات کا سنہری دور تھا۔ سیمینار کے اختتام پر ملکی سلامتی، امت مسلمہ کی اتحاد اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

رائیونڈ: چیئرمین ٹرانسپورٹ پنجاب چوہدری شہزاد نذیر سندھو سے سیاسی و سماجی شخصیات کی ملاقات

اس موقع پر اہل علاقہ کی جانب سے چوک رانا بارو والا میں نالے کی تعمیر کا کام مکمل کروانے پر چیئرمین ٹرانسپورٹ پنجاب اور متعلقہ ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا گیا

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) چیئرمین ٹرانسپورٹ پنجاب چوہدری شہزاد نذیر سندھو سے کوآرڈینیٹر سابق صوبائی وزیر و تحصیل رائیونڈ کے سیاسی رہنما فیض الحسن صداقت عرف فیضی نے اپنے ساتھیوں رانا منور خان، رانا وقار خان، رانا طاہر وارث خان، رانا فاروق اصحاب، رانا آصف خان اور رانا عدیل خان کے ہمراہ خوشگوار ماحول میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران چیئرمین ٹرانسپورٹ پنجاب چوہدری شہزاد نذیر سندھو نے حلقے سے آئے دوست احباب کے مسائل بغور سنے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ اس موقع پر اہل علاقہ کی جانب سے چوک رانا بارو والا میں نالے کی تعمیر کا کام مکمل کروانے پر چیئرمین ٹرانسپورٹ پنجاب اور متعلقہ ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا گیا۔ اہل محلہ کے رہائشیوں نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ترقیاتی منصوبوں کو سراہتے ہوئے رائیونڈ میں جاری ترقیاتی کاموں پر خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا۔ ملاقات میں لالا امانت، حاجی نذیر، شفیق انصاری، رانا سکندر خان، اعجاز میو، بابا ذوالفقار مغل، جمشید انصاری، رانا مدثر ریاست سمیت دیگر دوست احباب بھی شریک تھے، جنہوں نے علاقے کی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں کو عوامی فلاح کے لیے اہم قرار دیا۔

بائی سائیکل سستی اور ماحول دوست سواری ہے: محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتیں عام آدمی کے لیے شدید مشکلات پیدا کر رہی ہیں



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) صدر سیالکوٹ لائنز کلب محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے 3 جون ورلڈ بائی سائیکل ڈے کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ بائی سائیکل نہ صرف ایک سستی بہترین اور ماحول دوست سواری ہے بلکہ صحت مند زندگی گزارنے کا بھی اہم ذریعہ ہے موجودہ دور میں مہنگائی بے روزگاری اور معاشی دباؤ کے باعث لوگ ذہنی بے چینی اور پریشانی کا شکار ہیں جبکہ پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتیں عام آدمی کے لیے شدید مشکلات پیدا کر رہی ہیں ایسے حالات میں سائیکل کا استعمال نہ صرف جسمانی صحت کے لیے مفید ہے بلکہ معاشی بدحالی سے نکلنے کا ایک بہترین ذریعہ بھی بن سکتا ہے سائیکل چلانے سے انسان ورزش بھی کرتا ہے جسمانی ذہنی فٹنس بھی بہتر ہوتی ہے اور غیر ضروری اخراجات میں بھی کمی آتی ہے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ آج کا نوجوان سوشل میڈیا اور موبائل فون کے زیادہ استعمال کے باعث گھنٹوں ایک ہی جگہ بیٹھا رہتا ہے جس سے جسمانی کمزوری ذہنی دباؤ اور مختلف بیماریوں میں اضافہ ہو رہا ہے اگر نوجوان نسل سائیکلنگ کو اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنالے اور اسے ایک صحت مند سرگرمی اور بہترین ایکسر سائز کے طور پر اپنائے تو یہ ان کی زندگی میں مثبت تبدیلی لا سکتی ہے انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک میں سائیکلنگ کو خصوصی اہمیت دی جاتی ہے کیونکہ یہ ماحول کو آلودگی سے بچانے ٹریفک کے مسائل کم کرنے اور عوام کو صحت مند رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے بائی سائیکل انسان کے لیے ایک بڑی نعمت اور بہترین سہولت ہے جسے اپنانے سے نہ صرف جسمانی بلکہ ذہنی سکون بھی حاصل کیا جا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ ورلڈ بائی سائیکل ڈے منانے کا مقصد عوام میں صحت مند طرز زندگی ماحول کے تحفظ اور سائیکل کے استعمال کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے تاکہ معاشرہ صحت مند متوازن اور خوشحال بن سکے۔

صحت مند معاشرے کے لئے کھیلوں کا انعقاد انتہائی اہم ہے: کمشنر ساہیوال

27 سال بعد ساہیوال کلب میں قومی سطح کی رینکنگ ٹینس چیمپئن شپ کا انعقاد خوش آئند ہے: ڈاکٹر آصف طفیل



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ صحت مند معاشرے کے لئے کھیلوں کا انعقاد انتہائی اہم ہے۔ جس سے جسم اور ذہن دونوں مضبوط ہوتے ہیں اور انسان سپورٹس مین سپرٹ سے بہت سی مشکلات پر قابو پا سکتا ہے۔ ساہیوال میں مختلف کھیلوں میں نوجوانوں کی زیادہ سے زیادہ شرکت یقینی بنائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 27 سال بعد ساہیوال کلب میں قومی سطح کی رینکنگ ٹینس چیمپئن شپ کا انعقاد خوش آئند ہے۔ انہوں نے ملک کے دوسرے حصوں سے ساہیوال آنے والے تمام مہمانوں کا خیر مقدم کر کیا اور توقع ظاہر کی کہ اس ٹورنامنٹ میں شائقین کو اعلیٰ معیار کے سنسنی خیز مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ساہیوال کلب میں آل پاکستان نیشنل رینکنگ ٹینس چیمپئن شپ 2026 کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق اور کلب سیکرٹری شیخ عظمت سلیم نے بھی شرکت کی۔ تقریب میں کھلاڑیوں، والدین، کوچز اور سپورٹس شخصیات کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ چیمپئن شپ 2 جون سے 7 جون 2026 تک جاری رہے گی جس میں ملک بھر سے 150 سے زائد نامور اور نوجوان ٹینس کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں۔ چیمپئن شپ میں میلز سنگلز (پنجاب رینکنگ)، میلز ڈبلز (پنجاب رینکنگ)، سینئرز 45 پلس ڈبلز، سینئرز 55 پلس ڈبلز، بوائز و گرلز انڈر 18 سنگلز، بوائز انڈر 18 ڈبلز، بوائز و گرلز انڈر 14 سنگلز، بوائز انڈر 14 ڈبلز، بوائز و گرلز انڈر 12 سنگلز، بوائز انڈر 12 ڈبلز اور بوائز/گرلز انڈر 10 سنگلز (پنجاب رینکنگ) کیٹیگریز کے مقابلے منعقد کیے جا رہے ہیں۔

محرم الحرام کے دوران امن و امان کا قیام ہماری اولین ترجیح ہے: ڈی پی او جھنگ ساجد حسین

جھنگ پولیس کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کیلئے پیشگی منصوبہ بندی، جامع مانیٹرنگ اور مؤثر سکیورٹی اقدامات پر عمل پیرا ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) محرم الحرام کے پرامن اور محفوظ انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے جھنگ پولیس نے اپنی تیاریاں حتمی مرحلے میں داخل کر دی ہیں ڈی پی او جھنگ ساجد حسین کے احکامات پر ضلع بھر میں سیکورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنانے کیلئے والنٹیئرز کی عملی تربیت کا سلسلہ جاری ہے ایلیٹ فورس کے ماہر انسٹرکٹرز کی جانب سے مختلف مقامات پر والنٹیئرز کو شرکاء کی تلاشی، مشکوک سرگرمیوں کی نشاندہی، ہجوم کے نظم و ضبط اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے حوالے سے خصوصی تربیتی مشقیں کروائی جا رہی ہیں تاکہ جلوسوں اور مجالس کے دوران سکیورٹی کے حصار کو مزید مضبوط بنایا جا سکے ڈی پی او جھنگ ساجد حسین کا کہنا ہے کہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کا قیام ہماری اولین ترجیح ہے جھنگ پولیس کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کیلئے پیشگی منصوبہ بندی، جامع مانیٹرنگ اور مؤثر سکیورٹی اقدامات پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تربیت یافتہ والنٹیئرز پولیس کے شانہ بشانہ فرائض انجام دیتے ہوئے عزاداروں کے تحفظ کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جھنگ پولیس محرم الحرام کے تقدس، عوام کے تحفظ اور بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

تعلیم کے بغیر کوئی قوم ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتی: سید حماد حسن جعفری

معیاری درسگاہیں ہی مستقبل کے معماروں کی بہترین تعلیم و تربیت کی ضامن ہوتی ہیں

عارفوالا (نامہ نگار سید حماد حسن جعفری سے) تعلیم کے بغیر کوئی قوم ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتی، اور معیاری درسگاہیں ہی مستقبل کے معماروں کی بہترین تعلیم و تربیت کی ضامن ہوتی ہیں۔ ہم آنے والی نسلوں کے لیے ایک محفوظ، خوشحال اور ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر کے لیے کوشاں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سید حماد حسن جعفری، ڈائریکٹر دی انٹرنیشنل سکول عارفوالا، نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ دی انٹرنیشنل سکول عارفوالا بچوں اور بچیوں کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی پر بھی خصوصی توجہ دے رہا ہے۔ جدید سائنسی تعلیم کے ساتھ دینِ اسلام کی تعلیمات سے روشناس کروانا بھی ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ سید حماد حسن جعفری نے کہا کہ تعلیم وہ واحد ہتھیار ہے جو ہمارے مستقبل کو محفوظ اور ہمیں مضبوط بناتا ہے۔ معیاری تعلیم کی آسان اور مؤثر فراہمی کو یقینی بنانا ہمارا مشن ہے، اور اس مشن کی تکمیل میں ہمارے اساتذہ کا کردار قابل ستائش ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیمی ترقی اور معیاری تعلیم کا فروغ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، جس کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی بھی معاشرے میں مدرس، معلم اور استاد کی حیثیت ایک معمار کی سی ہوتی ہے۔ جس قوم کو اچھے اساتذہ میسر آ جائیں، وہ قوم ترقی کی راہ پر گامزن ہو جاتی ہے، کیونکہ اچھے اساتذہ قوموں کی نسلیں سنوارتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ دی انٹرنیشنل سکول عارفوالا میں جدید تعلیمی سہولیات کے ساتھ ساتھ تربیت یافتہ اور تجربہ کار اساتذہ کی نگرانی میں طلبہ و طالبات کو معیاری تعلیم فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ مستقبل میں ملک و قوم کے مفید شہری بن سکیں۔

مٹی، ریت اور اینٹوں سے بھری ٹرالیوں نے موٹر سائیکل سوار شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا

عوامی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر بروقت کارروائی نہ کی گئی تو کسی بھی وقت کوئی بڑا حادثہ رونما ہو سکتا ہے

ساہیوال (بیورو رپورٹ) ساہیوال موٹروے پولیس کی غفلت و نااہلی کے باعث کیمبر قادر آباد میں بغیر ایس او پیز کے مٹی، ریت اور اینٹوں سے بھری ٹرالیوں نے موٹر سائیکل سوار شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے آئی جی موٹروے سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق موٹروے پولیس بیٹ 15 ساہیوال کی غفلت اور نااہلی کے باعث بغیر ایس او پیز کے کیمبر قادر آباد میں مٹی، ریت اور اینٹوں سے بھری ٹرالیوں نے موٹر سائیکل سوار شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اوور لوڈ اور بغیر حفاظتی انتظامات کے چلنے والی ٹرالیاں سڑکوں پر گرد و غبار پھیلا کر حادثات کا سبب بن رہی ہیں جبکہ متعلقہ حکام خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ عوامی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر بروقت کارروائی نہ کی گئی تو کسی بھی وقت کوئی بڑا حادثہ رونما ہو سکتا ہے۔ انہوں نے آئی جی موٹروے پولیس سے فوری نوٹس لینے، ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کرنے اور ٹرالیوں کو حفاظتی اصولوں کا پابند بنانے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

ضلع جہلم کا تاریخی، مذہبی اور سماجی اعتبار سے اہم قصبہ جلالپور شریف متعدد مسائل کا شکار

جلالپور شریف کو تحصیل کا درجہ دیا جائے تاکہ ہزاروں شہریوں کو بنیادی سرکاری امور کی انجام دہی کے لیے طویل سفر اور اضافی اخراجات سے نجات مل سکے: عوامی حلقے

جہلم (بیورو رپورٹ) ضلع جہلم کا تاریخی، مذہبی اور سماجی اعتبار سے اہم قصبہ جلالپور شریف آج کے ترقی یافتہ دور میں بھی تحصیل کا درجہ نہ ملنے کے باعث متعدد انتظامی اور عوامی مسائل کا شکار ہے۔ علاقہ مکینوں نے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ جلالپور شریف کو تحصیل کا درجہ دیا جائے تاکہ ہزاروں شہریوں کو بنیادی سرکاری امور کی انجام دہی کے لیے طویل سفر اور اضافی اخراجات سے نجات مل سکے۔ تفصیلات کے مطابق جلالپور شریف ایک قدیم اور تاریخی قصبہ ہے جہاں تعلیم، صحت، پولیس، ریونیو اور دیگر متعدد سرکاری ادارے پہلے سے ہی موجود ہیں۔ اس کے باوجود تحصیل کا درجہ نہ ہونے کے باعث عوام کو زمینوں کے انتقالات، فردات، عدالتی امور، ریونیو معاملات اور دیگر سرکاری کاموں کے لیے دور دراز تحصیل پنڈدادنخان کا رخ کرنا پڑتا ہے، جس سے قیمتی وقت اور مالی وسائل ضائع ہوتے ہیں۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ جلالپور شریف نہ صرف ایک بڑی آبادی کا مرکز ہے بلکہ گرد و نواح کے درجنوں دیہات بھی اس سے منسلک ہیں۔ تحصیل کا درجہ ملنے سے نہ صرف عوامی سہولیات میں اضافہ ہوگا بلکہ انتظامی امور میں بہتری، ترقیاتی منصوبوں میں تیزی اور مقامی سطح پر روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ شہری، سماجی و سیاسی حلقوں نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف عوامی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے جلالپور شریف کو تحصیل کا درجہ دینے کے مطالبے پر سنجیدگی سے غور کریں گی۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ علاقے کی دیرینہ محرومیوں کے خاتمے اور عوام کو ان کی دہلیز پر سرکاری سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوگا۔ علاقہ مکینوں نے متفقہ طور پر کہا ہے کہ جلالپور شریف کو تحصیل کا درجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس اقدام سے نہ صرف ہزاروں شہریوں کی مشکلات میں نمایاں کمی آئے گی بلکہ پورے خطے کی ترقی اور خوشحالی کی نئی راہیں بھی ہموار ہوں گی۔

غیر قانونی پٹرول پمپس اور ایل پی جی شاپس مالکان کے خلاف محکمہ سول ڈیفنس کی ریکارڈ کارروائیاں

پٹرول پمپس مالکان کے خلاف 13 مقدمات جبکہ ایل پی جی شاپس کے خلاف 10 مقدمات درج کروا دیے گئے

اوکاڑہ/دیپالپور (راؤ اکرام ربانی/نمائندہ خصوصی+ملک محمد نواز) غیر قانونی پٹرول پمپس اور ایل پی جی شاپس مالکان کے خلاف محکمہ سول ڈیفنس کی ریکارڈ کارروائیاں، 40 پمپس اور ایل پی جی شاپس سیل، 23 مقدمات درج، سول ڈیفنس آفیسر جاوید اختر بھٹی کی زیر نگرانی ٹیموں نے گزشتہ 15 روز میں ضلع بھر میں غیر قانونی پٹرول پمپس اور ایل پی جی شاپس کے خلاف ریکارڈ کارروائیاں کیں۔ چیکنگ کے دوران 15 غیر قانونی پٹرول پمپس اور 25 ایل پی جی شاپس کو سیل کر دیا گیا اور پٹرول پمپس مالکان کے خلاف 13 مقدمات جبکہ ایل پی جی شاپس کے خلاف 10 مقدمات درج کروا دیے گئے۔ اس دوران قانون کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کو 55 ہزار کے جرمانہ بھی عائد کر دیا۔ اس کے علاوہ مختلف تعلیمی اداروں اور انڈسٹریل یونٹس کے 350 طالب علموں اور ورکرز کو فائر سیفٹی کی ٹریننگ بھی دی گئی۔ سول ڈیفنس آفیسر جاوید اختر بھٹی نے بتایا کہ بغیر چلائے جانے والے پٹرول پمپس اور گنجان آباد علاقوں میں گیس بھرائی کرنے والی خطرناک دکانیں جان لیوا حادثات کا باعث بن سکتی ہیں، جس کی قطعی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ کریک ڈاؤن ضلع بھر سے اس غیر قانونی دھندے کے مکمل خاتمے تک بلاامتیاز جاری رہے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سول ڈیفنس کی ٹیمیں دن رات فیلڈ میں موجود ہیں اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ تسلسل سے جاری رکھا جائے گا۔

ادارتی صفحہ

EDITORIAL

عام آدمی کا مسئلہ

پاکستان معدنی وسائل، زرعی پیداوار، نوجوان اکثریتی آبادی، جغرافیائی اہمیت اور بڑی آبادی ہونے کے ناتے بڑی منڈی کا حامل ملک ہے۔ مگر ملکی معیشت میں وہ اٹھان پیدا نہیں ہوسکی جو اصولی طور پر ان اسباب کے نتیجے میں ہونی چاہیے تھی۔ بادی النظر میں مسئلہ وسائل کا نہیں ناقص تقسیم، بدانتظامی اور پالیسیوں کے عدم تسلسل کا ہے۔ گزشتہ چند برسوں کے اعداد و شمار اس حقیقت کو مزید واضح کریں گے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعداد وشمار کے مطابق 2021ء میں ایف بی آر کی ٹیکس وصولیاں 4764 ارب روپے تھیں جو 2025ء تک بڑھ کر تقریباً 11744 ارب روپے تک پہنچ گئیں۔ یعنی اس دوران قومی خزانے میں تقریباً سات ہزار ارب روپے کا اضافی ٹیکس جمع ہوا جبکہ نان ٹیکس ریونیو 1505 ارب روپے سے بڑھ کر 5056 ارب روپے تک پہنچ گیا اور سیلز ٹیکس 1990 ارب روپے سے بڑھ کر 3901 ارب روپے تک پہنچ گیا۔ یہ اضافہ کسی معمولی معیشت میں ممکن نہیں ہوتا۔ اگر ملک واقعی وسائل سے محروم ہوتا تو اتنی بڑی مالیاتی وسعت پیدا نہ ہوسکتی۔ مگر سوال یہ ہے کہ جب ٹیکس وصولیوں میں اتنا نمایاں اضافہ ہوا تو عوام کی زندگی میں بہتری کیوں نہیں آئی؟ عام شہری آج بھی مہنگائی، بیروزگاری، صحت اور تعلیم کے ناقص نظام اور بنیادی سہولتوں کی کمی کا شکار کیوں ہے؟

ملک میں مہنگائی کی شرح اس وقت 7.11 فیصد تک پہنچ چکی ہے جبکہ 2021ء میں یہ 6.8 فیصد تھی۔ 2021ء سے 2025ء کے دوران بیروزگاری کی شرح بھی 3.6 فیصد سے بڑھ کر 9.6 فیصد تک پہنچ گئی۔ آخر کیا وجہ ہے کہ پانچ برسوں میں حکومتی محصولات میں 5.146 فیصد اضافے کے باوجود عوام کے حالات نہیں بدلے، معاشی دلدر بدستور بلکہ پہلے سے زیادہ ہیں۔ اس کا جواب حکومتی اخراجات کے ماڈل میں ہے۔ وفاقی بجٹ کا بڑا حصہ ترقیاتی منصوبوں کے بجائے قرضوں کے سود، انتظامی اخراجات اور غیر پیداواری مدات میں صرف ہو جاتا ہے نتیجتاً تعلیم، صحت، توانائی، تحقیق، ٹیکنالوجی اور صنعتی ترقی کیلئے محدود وسائل بچتے ہیں۔ یہاں تعلیم پر سرکاری اخراجات کا ذکر برمحل ہوگا جسکے بارے ایک رپورٹ کہتی ہے کہ گزشتہ پانچ برسوں سے اخراجات میں اضافے کے بجائے کمی کا رجحان ہے۔ 2019-20ء میں تعلیمی اخراجات جی ڈی پی کا 9.1 فیصد تھے جو 2020-21ء میں کم ہو کر 4.1 فیصد ہو گئے، 2021-22ء میں ان میں عارضی طور پر اضافہ ہوا مگر 2022-23ء میں دوبارہ 5.1 فیصد پر آ گئے جبکہ 2024-25ء کے پہلے نو ماہ کے دوران یہ اخراجات جی ڈی پی کے 8.0 فیصد کے برابر تھے۔ یعنی ریونیو میں اضافے کے اثرات عوام کو منتقل ہونے کے شواہد ڈھونڈنا کارِ حاصل ہے۔ ایک اور مسئلہ ٹیکس کے بوجھ کی غیر مساوی تقسیم کا ہے۔

ٹیکس نیٹ میں شامل افراد اور شعبوں کی تعداد محدود ہے جبکہ بالواسطہ ٹیکسوں کا بوجھ عام صارفین پر منتقل کر دیا جاتا ہے جسکے نتیجے میں بجلی، گیس، پٹرول اور روزمرہ استعمال کی اشیا مہنگی ہوتی ہیں تو اسکا سب سے زیادہ اثر متوسط اور کم آمدنی والے طبقے پر پڑتا ہے۔ ہمارے ہاں ٹیکس چھوٹ اور مراعات کی مالیت کھربوں روپے تک پہنچ چکی ہے جو قومی خزانے کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچاتی ہیں۔ اگر ٹیکس نظام کو منصفانہ بنایا جائے اور چوری کے امکانات کا سدباب کیا جائے تو ریاست کو کہیں زیادہ وسائل دستیاب ہو سکتے ہیں۔ مگر جب تک سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر نہیں ہوتی، غیر ضروری اخراجات کم نہیں کیے جاتے اور وسائل کو انسانی ترقی پر خرچ نہیں کیا جاتا تب تک محض زیادہ ٹیکس وصول کرنا عوام کی مشکلات کم نہیں کر سکے گا اور نہ ہی قومی ترقی کی رفتار میں مطلوبہ اضافہ ممکن ہے۔ ملکی معیشت میں صلاحیت کی کمی نہیں

بے شرمی سے لکھتی ہوں

تحریر: ڈاکٹر رخشندہ پروین

میں نے حساب لگایا ہے۔ سوشل میڈیا پر ہزاروں فالوورز ہیں۔ فون میں ہزار سے زیادہ رابطے ہیں۔ ملک کی معتبر یونیورسٹیوں، سماجی ترقی کے اداروں، اور انسانی حقوق کے نیٹ ورکس سے وابستگی ہے۔ تیس سال سے زیادہ سماجی ترقی کی صنعت میں، اور پندرہ سال سے زیادہ عرصہ ایک ایسے موضوع کو دیا ہے جسے کوئی چھونا نہیں چاہتا۔ کتابیں لکھی ہیں اردو میں، انگریزی میں، جن میں سے زیادہ تر ڈیجیٹل شکل میں دستیاب ہیں۔ اس کی توجیہہ بھی ہے جو کوئی بھی ایماندار ٹیکس دہندہ ہے اور نشر و اشاعت کی سیاست سے واقف ہے، اسے پتا ہے کہ کتاب چھپوانا کتنا بڑا دردِ سر ہے۔ پھر بھی سوال یہ ہے کہ آواز رجسٹر کیوں نہیں ہوتی؟ پہلے میں نے اپنے آپ سے پوچھا۔ کیا غلطی میری ہے؟ حکمتِ عملی کا فقدان؟ پی آر کی کمی؟ بولنے کا انداز؟ لکھنے کا طریقہ؟ میں نے ایمانداری سے جائزہ لیا۔ اور جواب یہ ملا کہ ہاں، شاید کچھ کمزوریاں ہوں۔ لیکن یہ پوری تصویر نہیں ہے۔

پوری تصویر کچھ اور ہے۔

ادبی اور ثقافتی دنیا میں ایک غیر لکھا ہوا "قانون" ہے جو موثر طریقے سے ناگزیر بھی بن چکا ہے۔ وہ آوازیں جو سنی جاتی ہیں، جن کی کتابوں پر تقریبات ہوتی ہیں، جنہیں فورمز پر بلایا جاتا ہے وہ اکثر کسی نہ کسی "بیرونِ ملک" سے آتی ہیں، یا کسی سرکاری دروازے کی چوکھٹ سے جڑی ہوتی ہیں، یا کسی رُعب دار عہدے کے سائے تلے پلتی ہیں۔ کوئی چوکھٹ ہے، کوئی سرپرست ہے، کوئی ادارہ پشت پر ہے، کوئی نام ہے جو ساتھ لگا ہوا ہے۔ میرے پاس یہ سب نہیں ہے۔

میں خود ساختہ ہوں۔ کتنا عجیب سا اردو ترجمہ ہے "سیلف میڈ" کا۔ اور یہ الفاظ میں فخر سے لکھتی ہوں اور تھکاوٹ سے بھی۔ کیونکہ یہ راستہ ہمیشہ سے تنگ رہا ہے ان لوگوں کے لیے جن کے پیچھے کوئی ادارہ نہیں، کوئی لابی نہیں، کوئی "مفادِ مشترک" نہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ تنہا ٹیلنٹ شاذ و نادر ہی "اوپر" پہنچتا ہے۔ جب تک کہ اسے کوئی اٹھا نہ لے، یا وہ خودکسی کے کام نہ آئے۔

اور پھر خواتین کے لیے کچھ اور بھی "شرائط" ہیں۔ جون ایلیا نے کہا تھا: "حسن اتنی بڑی دلیل نہیں۔" جان انکل، آپ حیات ہوتے تو حدِ ادب کی جرات لا کر عرض کرتی حسن بہت بڑی دلیل ہے۔ اب فیمنسٹ لیڈران کا پارہ چڑھ جائے گا۔ خاص طور پر وہ جو خود تو بہت روایتی زندگی گزارتے ہیں، بس تحریر اور تقریر کی حد تک اپنے آپ کو "بولڈ، بے شرم، بے زبان، بے لحاظ" یا جنسی معاملات پر "بے لاگ مبصر" ثابت کرنے میں مصروف ہیں۔ خیر سے یہ فیمنسٹ ہونے کی شرائط نہیں ہیں۔ مگر مارکیٹ میں یہی پیمانہ چل رہا ہے۔ اور جو اس پیمانے پر پوری نہ اترے، وہ "سیریس" نہیں۔ میں نے طاقت کو قریب سے دیکھا ہے۔ میں نے یہ بھی دیکھا ہے کہ جب کسی کے بارے میں یہ تاثر ہو کہ وہ "طاقتور" ہے۔ تو فون کیسے بجتے ہیں، ای میلیں کیسے آتی ہیں، دعوت نامے کیسے پہنچتے ہیں۔ اور جب وہ تاثر ختم ہو یا وہ "کام کا" نہ رہے تو وہی فون کیسے خاموش ہو جاتے ہیں۔ میلنگ لسٹوں سے نام ہٹا دیے جاتے ہیں۔ دعوت ناموں پر خاموشی چھا جاتی ہے۔ یہ اتفاق نہیں ہوتا۔ یہ فیصلہ ہوتا ہے۔ اس کا ایک نام ہے: اخراج۔ Exclusion

میں نے اس کے بارے میں لکھا ہے۔ میں نے اپنی تنہائی یعنی Seclusion کے بارے میں بھی لکھا ہے۔ اور واضح کر دوں کہ یہ تنہائی، اکیلے پن سے مختلف ہے۔ Seclusion اور Loneliness ایک نہیں ہوتے۔ ایک انتخاب ہے، دوسرا سزا۔ اور بعض اوقات دونوں ایک ساتھ چلتے ہیں۔ اور آپ خود نہیں جانتے کہ کون سا کہاں ختم ہوتا ہے۔ اب وہ حصہ جو شاید سب سے مشکل ہے اور شاید سب سے خطرناک بھی۔

جو لوگ اس موضوع سے یعنی "بنگلہ دیش میں پھنسے پاکستانیوں کے مسئلے سے" جڑے ہیں، ان میں سے اکثر کا کام رسمی ہے۔ تقریبیں ہیں، تصویریں ہیں، رابطے بنانے کی کوششیں ہیں، خود کو نمایاں کرنے کی مشق ہے اور اس سے آگے؟ بہت کم۔ یہ موضوع ایک "مفید" حوالہ بن گیا ہے۔

سی وی میں، خطبوں میں مگر ان کیمپوں کی مٹی تک جانے کی زحمت بہت کم لوگوں نے اٹھائی ہے۔ بہت کم لوگ ایم پاتھ ہیں۔ بہت کم لوگ جو کہنے کو لکھاری بھی ہیں اور اسپیکرز بھی ہیں بلکہ پاکستانی یا دہری شہریت والے پاکستانی بھی ہیں ان کو بہت کم ہی توفیق ہوئی کہ اس معاملے پر علمی اور فکری وقت صرف کریں۔ جو لوگ ڈھاکہ فال جس کو میں سقوط مشرقی پاکستان کہتی ہوں، کے بعد بچ بچا کر بچے ہوئے پاکستان آ گئے اور اپنی زندگی کو اپنی محنت سے دوبارہ بنا لیا وہ بھی پتھر دل ہو چکے ہیں، ان چار فٹ ضرب چار کے نام نہاد "کیمپ" نشینوں کو برابر کا انسان بھی نہیں گردانتے اور جہاں موقع ملے ان کی پاکستان منتقلی کے خلاف کوئی نہ کوئی "شرارت" کرنے سے باز نہیں آتے۔ وہ لوگ جو واقعی وہاں گئے، جنہوں نے وہاں کے لوگوں کی آواز سنی اور اپنے وی لاگز ر پوڈ کاسٹس ر تحریر یا ایڈووکیسی میں ان کا ذکر تسلسل سے کیا اپنی پی آر کی قیمت پر کیا، وہ نا ہونے کے برابر ہیں یا وہ، جنہوں نے اس موضوع کو علمی اور ادبی سطح پر اٹھایا ان کی تعداد انگلیوں پر گنی جا سکتی ہے اور ان میں سے بھی اکثر کو وہ جگہ نہیں ملی

آئندہ مالی سال کا بجٹ

آئندہ مالی سال کا بجٹ بھی آئی ایم ایف کی شرائط سے جکڑا ہوا معلوم ہوتا ہے، جس میں حکومت کی بنیادی دلچسپی عوام کو معاشی آسانیاں بہم پہنچانے کے بجائے مالیاتی ادارے کی تجاویز اور شرائط کی تعمیل میں نظر آتی ہے۔ حالیہ دنوں تواتر سے ایسے شواہد سامنے آ رہے ہیں جو آنے والے بجٹ اور معاشی فیصلہ سازی میں آئی ایم ایف کے گہرے عمل دخل اور اثر و رسوخ کی نشاندہی کرتے ہیں۔ اس سلسلے کی تازہ مثال جنرل سیلز ٹیکس کی معیاری شرح کو 18 فیصد سے بڑھا کر 19 فیصد کرنے کی تجویز ہے جس کا مقصد آئندہ مالی سال کیلئے ریونیو کی بلند شرح کے حصول کو یقینی بنانے میں آسانی پیدا کرنا بتایا جاتا ہے۔ جی ایس ٹی میں ایک فیصد اضافے سے خیال کیا جا رہا ہے کہ ریونیو کی مد میں 250 سے 300 ارب روپے زیادہ حاصل ہو سکتے ہیں، مگر یہ اضافہ شہریوں پر اضافی مالی بوجھ اور مہنگائی میں اضافے کی قیمت پر ہوگا۔ جنرل سیلز ٹیکس پہلے ہی خوراک سمیت سبھی اشیائے ضروریہ پر لاگو ہے اور عام آدمی کی جیب پر اس کا اچھا خاصا بوجھ ہے۔ ضرورت تو اس بات کی تھی کہ حکومت کم از کم دودھ سمیت خوراک کے بنیادی اجزا اور ادویات پر جی ایس ٹی کی شرح میں کمی کرتی تا کہ مہنگائی میں کچھ کمی آتی۔ ان حالات میں جی ایس ٹی میں اضافے کا مطالبہ سراسر غیر منطقی اور اضافی ہے، جس کی نہ تو معاشی حالات اجازت دیتے ہیں اور نہ ہی اس کی کوئی گنجائش نظر آتی ہے۔ یہ غیر حقیقی اقدامات جو لوگوں کی معیشت کو کمزور کریں گے، آئی ایم ایف کے ریونیو اہداف میں اضافے کے نتائج ہیں۔ ریونیو میں اضافے کیلئے ضروری تھا کہ ایف بی آر کے نظام میں وہ بنیادی اصلاحات کی جاتیں جن سے اس ادارے کی صلاحیت میں اضافہ ہوتا، مگر اس پر کام کرنے اور ٹیکس چوری کے رخنے بند کرنے کے بجائے ہر سال پہلے سے لاگو ٹیکسوں میں اضافے کی روایت برقرار ہے۔ جی ایس ٹی میں اضافے کا مطالبہ اس کی واضح مثال ہے۔ اس سے قبل پٹرولیم لیوی اور دیگر ٹیکسوں کی شرح میں اضافے بھی یہی ثابت کرتے ہیں کہ ریونیو اہداف پورے کرنے کیلئے ٹیکس کا دائرہ کار بڑھانے کے بجائے ٹیکس کی شرح بڑھانے پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ معیشت کا ایک محدود حصہ تو ٹیکسوں کے انتہائی بوجھ تلے پس رہا ہے جبکہ ایک بڑا حصہ بدستور ٹیکس نیٹ سے باہر ہے۔ حالیہ برسوں میں ٹیکسوں وصولیوں میں بہت بڑا اضافہ ہوا۔ 2021ء سے 2025ء تک ٹیکس وصولی 3.4764 ارب سے بڑھ کر 29.11744 ارب روپے تک پہنچ گئی اور رواں سال ایف بی آر کا ٹیکس وصولی کا ہدف 14307 ارب روپے تھا جسے بعد میں کم کر کے 13979 ارب روپے کیا گیا۔ رواں مالی سال کے پہلے نو ماہ کے دوران پٹرولیم لیوی کی مد میں 1205 ارب روپے جمع کیے گئے۔ آئندہ مالی سال کے لیے ٹیکس ریونیو کا ہدف 15267 ارب روپے تجویز کیا گیا ہے اور اس اضافی ہدف کو پورا کرنے کے لیے اگر صارفین پر جی ایس ٹی اور توانائی کی قیمتوں میں اضافے جیسی تجاویز زیرِ غور ہیں تو یہ معیشت کے لیے کوئی احسن اقدام نہیں۔ ریونیو کے اہداف میں اضافے کے لیے معیشت کا مکمل طور پر دستاویزی ہونا اور ہر شعبے سے ٹیکس وصول کیا جانا ناگزیر ہے۔ اگر چند ایک بندھے ٹکے شعبے ہی ٹیکس کے دائرہ کار میں رہیں یا وہ صارفین جنہیں توانائی اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر مزید سے مزید تر ٹیکسوں کا بوجھ اٹھانا پڑے تو یہ ٹیکس اہداف میں اضافے کا کوئی مناسب طریقہ نہیں۔ ٹیکس میں مساوات کا تقاضا ہے کہ اس کا اثر یکساں ہو نہ کہ کسی ایک یا چند ایک شعبے ہی اس کے سزاوار ٹھہریں۔ اس طرح ٹیکس وصولی بھی معیشت کے حجم کے مطابق ہونی چاہیے نہ کہ حکومتی ضروریات کے حساب سے۔ پاکستان کی معیشت میں ٹیکس وصولی کی گنجائش موجود ہے مگر اس کے لیے ٹیکس نظام کی اصلاح ناگزیر ہے۔

ادیب کی کامیابی کے راز

تحریر: ڈاکٹر خالد سہیل

پچھلے مہینے ایک نوجوان ادیب کا ادبی محبت نامہ موصول ہوا۔ لکھا تھا ڈاکٹر سہیل آپ ایک کامیاب ادیب ہیں۔ آپ نے اپنی زندگی میں ستر سے زیادہ کتابیں اور پچھلے سات برسوں میں سات سو سے زیادہ کالم لکھے ہیں۔ میں بھی ایک کامیاب ادیب بننا چاہتا ہوں۔ آپ کی نگاہ میں ادیب کی کامیابی کے کیا راز ہیں؟

میں ایسے بہت سے ادیبوں، شاعروں اور دانشوروں کو جانتا ہوں جو اپنی بے پناہ تخلیقی صلاحیتوں کے باوجود ان کا بھرپور اظہار نہ کر سکے اور اب تک تخلیقی سن یاس MENOPAUSECREATIVE تک پہنچ چکے ہیں اور ایک اداس و غمگین زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ بہت سے پچھتاووں کا بوجھ اپنے کندھوں پر اٹھائے پھرتے ہیں۔ انہیں زندگی نے بہت سے مواقع فراہم کیے لیکن انہوں نے وہ مواقع ضائع کر دیے۔ چونکہ انہوں نے غیر دانشمندانہ فیصلے کیے اس لیے اب وہ اپنے غلط فیصلوں کے نتائج سے خوفزدہ ہیں۔

میں نے اپنے نوجوان دوست سے کہا کہ ادیبوں شاعروں اور دانشوروں کی کامیابی کا بنیادی راز تخلیقی آزادی حاصل کرنا ہے اور تخلیقی آزادی حاصل کرنے کے لیے تین اور آزادیوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ میں ان تین آزادیوں کے بارے میں، ہم سب، کے قارئین کے لیے اس کالم میں کچھ لکھنا چاہتا ہوں تا کہ وہ بھی اس حوالے سے کچھ سنجیدگی سے سوچ سکیں۔

پہلی آزادی معاشی آزادی ہے۔ وہ ادیب اور فنکار جو معاشی مسائل کا شکار رہتے ہیں اور دن رات بیوی بچوں کے کھانے پینے اور مکان کے کرائے کے بارے میں پریشان رہتے ہیں وہ یکسوئی سے تخلیقی کام نہیں کر سکتے۔

اب یورپ کے بہت سے فائن آرٹس کے سکول اور کالج سنجیدگی سے سوچ رہے ہیں کہ وہ اپنے طلبا و طالبات کو فنونِ لطیفہ کی تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ ایک ایسا ہنر بھی سکھائیں جو ان کے معاشی مسائل کا حل ہو۔ وہ ایک سنگر، پینٹر اور ایکٹر کو ایک ترکھان اور الیکٹریشن بھی بنائیں گے تا کہ وہ طالب علم اگر اپنے فن کی وجہ سے تنگ دستی کا شکار ہوں تو وہ اپنے ہنر سے استفادہ کریں اور عزت سے اپنی زندگی گزار سکیں۔

دوسری آزادی جذباتی آزادی ہے۔ جن ادیبوں شاعروں اور دانشوروں کو نفسیاتی آزادی حاصل نہیں ہوتی وہ جب غیر روایتی انداز سے سوچتے ہیں تو احساس ندامت اور خجالت کے ساتھ احساس گناہ کا بھی شکار ہو جاتے ہیں۔ ایسے ادیب مذہب جنس اور سیاست جیسے شجر ممنوعہ موضوعات پر لکھتے ڈرتے شرماتے اور گھبراتے ہیں۔

مشہور وجودی فلسفی سورن کرکیگارڈ اپنی ڈائری میں لکھتے ہیں کہ اکثر شاعر اور فنکار آزادی اظہار و گفتار کے لیے جنگیں لڑتے رہتے ہیں لیکن یہ نہیں جانتے کہ سب سے زیادہ قیمتی آزادی خیال اور فکر کی آزادی ہے۔

آزادی افکار آزادی اظہار و گفتار و کردار سے کہیں زیادہ قیمتی ہے۔ ایسی داخلی آزادی کے لیے کسی خارجی پابندی سے آزادی کی ضرورت نہیں۔

نفسیاتی آزادی اس وقت حاصل ہوتی ہے جب کوئی ادیب شاعر اور دانشور اپنے عہد اور سماج کی نسل در نسل کی غیر فطری روایتوں اور غیر انسانی پابندیوں سے ذہنی آزادی حاصل کر لیتا ہے۔ میرا ایک شعر ہے

اس درجہ روایات کی دیواریں اٹھائیں
نسلوں سے کسی شخص نے باہر نہیں دیکھا

تیسری آزادی سماجی آزادی ہے۔ سماجی آزادی حاصل کرنے کے لیے ادیبوں شاعروں اور دانشوروں کو ایسے دوستوں کا حلقہ بنانا پڑتا ہے جو ان کی غیر روایتی تخلیقات کو سمجھیں بھی اور سراہیں بھی۔ ایسی آزادی حاصل کرنا قدرے آسان ہو جاتا ہے اگر ادیب شاعر اور دانشور کسی آزاد منش سیکولر معاشرے میں مقیم ہوں۔ اگر وہ کسی روایتی اور مذہبی ماحول میں بستے ہوں تو انہیں خدشہ اور خطرہ رہتا ہے کہ کہیں ان کے غیر روایتی خیالات و نظریات کی وجہ سے انہیں پابند سلاسل یا سنگسار یا ملک بدر نہ کر دیا جائے۔

میں تخلیقی آزادی کے حوالے سے اپنے آپ کو ایک خوش قسمت ادیب سمجھتا ہوں

معاشی آزادی حاصل کرنے کے لیے میں ایک ڈاکٹر بنا تا کہ ساری عمر مجھے روزمرہ کے اخراجات کی فکر نہ رہے

جذباتی آزادی حاصل کرنے کے لیے میں نے روایتی مذہب کو چھوڑ کر انسان دوستی کے فلسفے کو گلے لگایا تا کہ میں احساس ندامت و خجالت و گناہ سے نجات حاصل کر سکوں اور

سماجی آزادی حاصل کرنے کے لیے میں کینیڈا جیسے آزاد منش اور سیکولر ملک میں آ بسا اور یہاں فیملی آف دی ہارٹ جیسی انجمن بنائی جہاں غیر روایتی ادیبوں شاعروں اور دانشوروں کا خیر مقدم کیا جا سکے

امن معاہدہ تو تیار ہے، صرف سرنامے پر 'اختلاف' ہے

ایران اور امریکہ کے درمیان بار بار امن معاہدے کی نوید آنے کے بعد تعطل پیدا ہونے سے دنیا بھر کے لوگ حیران ہیں کہ آخر اس کی کیا وجہ ہو سکتی ہے۔ فریقین کے موقف سے سب آگاہ ہیں اور ایک دوسرے کی ریڈ لائنز کے بارے میں بھی کوئی رازداری نہیں برتی گئی۔ اس کے باوجود معاہدہ نہ ہونے کی وجہ شاید جنگ میں فتح کے اعلان کا کریڈٹ لینے کا سوال بنا ہوا ہے۔ دونوں ملک جنگ سے گریز کرنا چاہتے ہیں۔ اور شاید کسی نئی جنگی کارروائی کے متحمل بھی نہیں ہو سکتے لیکن اس کے باوجود تہران ہو یا واشنگٹن امن کی بات چیت کے بارے میں حوصلہ افزا پیغامات دیتے ہوئے یک بیک ایک دوسرے کو مطعون کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ اس طرح یہی لگتا ہے کہ شاید باہمی رابطوں کا سلسلہ بند ہو چکا ہے اور اب دونوں ایک بار پھر میدان جنگ میں اترنے کے لیے پر تول رہے ہیں۔ جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ طرفین جنگ بندی کے اصول اور آبنائے ہرمز کھولنے پر اصولی طور سے متفق ہو چکے ہیں۔ اور یہ بھی طے ہو گیا ہے کہ عبوری معاہدہ کے بعد دونوں ممالک براہ راست مذاکرات میں شریک ہوں گے اور ایران کے جوہری پروگرام اور افزودہ یورینیم کے بارے میں اتفاق رائے پیدا کیا جائے گا۔ کافی حد تک یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ تہران اور امریکہ کے مذاکرات کاروں کے درمیان یہ افہام و تفہیم موجود ہے کہ مذاکرات کے اگلے مرحلے میں کون سی رعایات دی جائیں گی اور کن مطالبات سے ایک قدم پیچھے اٹھایا جائے گا۔ اس حد تک اتفاق رائے کے بعد بھی لیکن ایران اور امریکہ کسی باقاعدہ یادداشت یا معاہدے کا اعلان کرنے میں لیت و لعل سے کام لے رہے ہیں۔ اس کی واحد وجہ اس مرحلے پر کسی معاہدے کی زبان یا متن کو اس انداز میں تحریر کرنا معلوم ہوتا ہے جس میں فریقین اپنے اپنے طور پر خود کو کامیاب قرار دے کر یہ اعلان کر سکیں کہ دوسرے فریق نے شکست تسلیم کر کے معاہدہ پر رضامندی ظاہر کر دی ہے۔ گویا آسان لفظوں میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس وقت ایران اور امریکہ کے درمیان جو 'ہاتھا پائی' ہو رہی ہے، اس کا مقصد کسی اصول پر اختلاف نہیں ہے بلکہ یہ خواہش ہے کہ کسی دستاویز کا سرنامہ یا عنوان اس کی 'حمایت' میں ہو۔ مثلاً اگر اس کا عنوان ہو کہ 'ایران جنگ میں فاتح تھا' تو تہران سے چند لمحوں میں اسے منظور کرنے کا اعلان سامنے آ سکتا ہے۔ دوسری طرف اگر اس سے ملتی جلتی کوئی عبارت امریکہ کے حق میں عنوان کے طور پر لکھ دی جائے تو اسی متن کے ساتھ ساری یادداشت کو منظور کرنے کا اعلان صدر ٹرمپ

سوشل میڈیا پوسٹ میں کرتے دیر نہیں لگائیں گے۔ اس سنگین اور افسوسناک سانحہ کا یہ پہلو بلاشبہ مضحکہ خیز اور بچگانہ لگتا ہے لیکن اس معاملہ کو قریب سے دیکھنے والے تصدیق کر سکتے ہیں کہ معاہدہ پر اتفاق کے باوجود اس کا اعلان نہ کرنے کی وجہ کریڈٹ لینے کا تنازعہ ہے۔ فی الوقت کوئی بھی یہ کریڈٹ شیئر کرنے پر آمادہ نہیں ہے۔ ایسے میں دیکھنا چاہیے کہ دونوں ملکوں کے درمیان تنازعہ کی نوعیت کیا ہے۔ امریکہ نے ایران پر معاشی دباؤ بڑھانے کے لیے آبنائے ہرمز کا بلاکیڈ کیا ہوا ہے اور ایران امریکہ کے ساتھ بات چیت میں اپنی اہمیت نمایاں کرنے کے لیے آبنائے ہرمز سے بحری آمد و رفت روکنے کا اعلان کرتا ہے۔ اس کا مطالبہ ہے کہ اس آبی گزرگاہ سے جانے والے تمام جہاز ایرانی حکام سے اجازت لیں اور اس کا عوضانہ ادا کریں۔ دوسری طرف امریکہ نے یہ جنگ ایران کے جوہری پروگرام کو تباہ کرنے کے لیے شروع کی تھی۔ اس کا کہنا تھا کہ ایران کسی صورت جوہری ہتھیار حاصل نہیں کر سکتا۔ ایران کسی حد تک یہ مطالبہ 2016 کے جوہری معاہدے میں تسلیم کر چکا تھا۔ اس کے علاوہ موجودہ جنگ شروع ہونے سے پہلے عمان کے تعاون سے دونوں ملکوں کے درمیان جو مذاکرات ہو رہے تھے، ان میں اس معاملہ پر تقریباً اتفاق رائے پیدا ہو چکا تھا۔ ایرانی لیڈروں کے متعدد بیانات اس حقیقت کی تصدیق کے طور پر پیش کیے جا سکتے ہیں۔ جہاں تک آبنائے ہرمز کا تعلق ہے وہ ہمیشہ سے بین الاقوامی سمندر کے طور پر تسلیم کی گئی تھی اور ایران نے کبھی اس پر اپنے اختیار کا مطالبہ نہیں کیا تھا۔ لیکن امریکی حملے کے ردعمل میں ایران نے اس آبی راستے پر دعویٰ شروع کیا۔ بظاہر وہ اس سے دست بردار ہونے پر آمادہ نہیں ہے۔ تاہم اس حوالے سے یہ پہلو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ آبنائے ہرمز کے متاثرین میں امریکہ سرفہرست نہیں ہے۔ وہ اس راستے سے مال و اسباب یا تیل حاصل کرنے کا محتاج نہیں۔ دوسری طرف چین، انڈیا، ایشیا کے بیشتر ممالک اور یورپی ممالک کے لیے اس راستے سے ہونے والی سپلائی بے حد اہم ہے۔ یہ سمندری راستہ تیل پیدا کرنے والے خلیجی ممالک کے تیل کی فراہمی میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔

اس کے علاوہ اس گزرگاہ پر ایرانی دسترس کا دعویٰ اگر امریکہ قبول کر بھی لے تو اس کے ہمسایہ عرب ممالک کو کبھی یہ یک طرفہ فیصلہ قبول نہیں ہو گا۔ گزشتہ چند دہائیوں کے دوران ایرانی پالیسیوں اور دوران جنگ عرب ممالک کو نشانہ بنانے کی حکمت عملی کی وجہ سے اب تہران حکومت پر رہا سہا اعتماد بھی ختم ہو چکا ہے۔ عرب ممالک کے لیے آبنائے ہرمز کو ایرانی کنٹرول میں دینے کا اصول کسی صورت گوارا نہیں ہو گا۔ اس لیے اگر امریکہ اس ایرانی ضد کو تسلیم بھی کر لے تو بھی اس ایرانی ہتھکنڈے کی وجہ سے علاقے میں ایک نئی جنگ کا خطرہ موجود رہے گا۔

تین کتابیں، تین مصنف، تین ماہ

تحریر: یاسر پیرزادہ

میں کتابوں کے معاملے میں خاصا بدلحاظ ہوں۔ اِس جملے میں اگر آپ 'بھی' کا اضافہ کر دیں تو کوئی مضائقہ نہیں، لوگ مجھے 'بائی ڈیفالٹ' بدلحاظ ہی سمجھتے ہیں، یہ اللہ کی دین ہے۔ خدا جھوٹ نہ بلوائے تو ہر ہفتے ڈاک میں ایک آدھ کتاب موصول ہو جاتی ہے، لوگ نہایت محبت سے بھیجتے ہیں اور یہ امید کرتے ہیں کہ میں اِن پر رائے دوں گا۔ خدا یہ حسنِ ظن قائم رکھے، لیکن بدلحاظی آڑے آ جاتی ہے، میں اِن کتابوں کو سونگھتا ہوں اور زیادہ تر کو پرے رکھ دیتا ہوں۔ البتہ کچھ کتابیں ایسی ضرور ہوتی ہیں جنہیں میں سنبھال کر رکھتا ہوں اور گاہے گاہے پڑھتا رہتا ہوں۔ آج میں نے ایسی تین کتابیں چھانٹی کی ہیں۔ سچ پوچھیں تو یہ تینوں کتابیں علیحدہ علیحدہ کالم کی متقاضی ہیں، لیکن آپ اسے میری سُستی پر محمول کریں اور تھوڑے لکھے کو بہت جانیں۔

پہلی کتاب 'تصویرِ یار' ہے۔ یہ آسکر وائلڈ کے مشہور ناول DorianofPictureThe Gray کا اردو ترجمہ ہے جو عارف وقار صاحب نے کیا ہے۔ عارف صاحب نے اِس ناول کے ترجمے کا کام تقریباً ایک سال میں مکمل کیا۔ جو لوگ انگریزی ادب سے شغف رکھتے ہیں، انہوں نے یہ کلاسیکی ناول ضرور یہ ناول پڑھا ہوگا۔ یہ اُن ناولوں میں شامل ہے جسے آپ 'ReadMust' کی فہرست میں رکھتے ہیں۔ عارف صاحب نے اِس کا اردو ترجمہ اِس انداز میں کیا ہے کہ بندہ اَش اَش کر اٹھتا ہے۔ عارف وقار اُس مکتب فکر سے تعلق رکھتے ہیں جو لفظی ترجمے کا قائل نہیں، اُن کے نزدیک ترجمہ ایسا ہونا چاہیے کہ قاری کو یوں لگے جیسے وہ اصل متن پڑھ رہا ہے۔ ذرا پہلی سطر ملاحظہ کریں: "مصور کا سٹوڈیو پھولوں کی خوشبو سے مہک رہا تھا۔ باہر باغ میں بادِ صبا کا جھونکا پودوں سے اٹکھیلیاں کرتا ہوا سٹوڈیو کے کھلے دروازے سے اندر داخل ہوتا تو بکائن کی مہک ہر طرف پھیل جاتی جس میں گلاب کی خاردار جھاڑیوں کی سگندھ بھی شامل ہوتی۔" عارف صاحب نے جس عرق ریزی سے ناول کا ترجمہ کیا ہے اُس کی تحسین کرنا کم از کم میرے جیسے عامی کے لیے تو ممکن نہیں، وجاہت مسعود سے کچھ بھاری بھرکم الفاظ مستعار لینے پڑیں گے۔ لیکن چونکہ کشمیر کی آزادی تک ادھار بند ہے سو فی الحال میرا مشورہ عارف صاحب کو یہ ہوگا کہ چیٹ جی پی ٹی کو ایک رقعہ لکھیں، ساتھ اپنی کتاب بھی ارسال کریں اور اسے بتائیں کہ برخوردار اِس ترجمے کو اپنے سینے میں محفوظ کر لو اور آئندہ جو شخص بھی تمہیں لُقمہ دے کر کہے کہ فلاں متن کا بامحاورہ اردو ترجمہ کر دو تو مکھی پہ مکھی مارنے کی بجائے اِس طرح ترجمہ کر کے حق بندگی ادا کرنا۔ تصویرِ یار کو ریڈنگز، لاہور نے شائع کیا ہے اور اگر آپ خود کو ادب کا شناور سمجھتے ہیں تو پہلی فرصت میں پڑھ ڈالیں، مجھے اور عارف صاحب کو دعائیں دیں گے۔

اب ذرا منہ کا ذائقہ بدلتے ہیں۔ دوسری کتاب ہے 'ہیں کواکب کچھ'۔ اِس کتاب کے نام سے دھوکا نہ کھائیں، یہ نہ رضیہ بٹ کا ناول ہے اور نہ ہی دکھی قسم کے رومانوی افسانوں کا مجموعہ۔ یہ اُن کتابوں میں سے ہے جو ہر اُس پاکستانی کو پڑھنی چاہیے جس نے کالج یا یونیورسٹی کی شکل دیکھی ہے، استاد ہو یا طالب علم، سرکاری ملازم ہو یا تاجر، سیاستدان ہو یا فوجی، مزدور ہو یا سرمایہ دار، ڈاکٹر ہو یا انجینئر۔ اِس کتاب میں پاکستان کے معاشی و سماجی مسائل کا نہ صرف احاطہ کیا گیا ہے بلکہ حقائق کی روشنی میں اُن مفروضوں کو بھی غلط ثابت کیا گیا ہے جو ہمارے دماغ میں حرفِ آخر کی طرح راسخ ہو چکے ہیں۔ کتاب کے مصنف کا نام احسن رانا ہے، تعلق اِن کا سول سروس سے تھا مگر افسری اِن کا کچھ نہیں بگاڑ سکی، سو آج کل یہ لمز میں پڑھاتے ہیں۔ جس قسم کا کام احسن رانا نے یہ کتاب لکھ کر کیا ہے اُس کام کے لیے حکومتیں عموماً کنسلٹنٹ بھرتی کرتی ہیں جو لاکھوں ڈالر کے عوض وہی باتیں بتاتے ہیں جو ہمیں پہلے سے معلوم ہوتی ہیں۔ کسی زمانے میں دیوانِ حافظ سے فال نکالی جاتی تھی، عاشق اور پریشان حال لوگوں کو حافظ کے کسی نہ کسی شعر میں اپنے مسئلے کا حل نظر آ جاتا تھا۔ آج اگر آپ نے پاکستان کے کسی مسئلے کا حل تلاش کرنا

پاکستان میں عورت مارچ: عورتوں کو آج بھی بنیادی حقوق کیوں مانگنے پڑتے ہیں؟

تحریر: سفینہ جاوید

نعروں، پلے کارڈز، جلوسوں اور طاقت کے سامنے سچ بولنے کے ذریعے، عورت مارچ پاکستان کی حالیہ تاریخ کی سب سے اہم نسوانی تحریکوں میں سے ایک بن چکی ہے۔ 2018 میں آغاز کے بعد سے، عورت مارچ نے خواتین، ٹرانس جینڈر افراد، نان بائنری افراد، مزدوروں، طلبہ، اقلیتوں اور دیگر محروم طبقات کو یہ موقع فراہم کیا کہ وہ تشدد، عدم مساوات اور نظامی امتیاز کے خلاف کھل کر آواز اٹھا سکیں۔

لیکن ہر سال، ان مسائل پر بات کرنے کے بجائے جنہیں عورت مارچ اجاگر کرتا ہے، قومی بحث کا رخ عورتوں کے نعروں، لباس، پلے کارڈز اور "مغربی ایجنڈے" کے الزامات کی طرف موڑ دیا جاتا ہے۔ اس تحریک کو مسلسل غلط انداز میں پیش کیا جاتا ہے، ہراساں کیا جاتا ہے اور بعض اوقات مجرمانہ رنگ دینے کی کوشش کی جاتی ہے۔ صرف اس لیے کہ یہ پدرشاہی اور طاقت کے گہرے ڈھانچوں کو چیلنج کرتی ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ عورت مارچ کوئی خصوصی رعایت نہیں مانگ رہا۔

یہ صرف وقار، تحفظ، مساوات اور انصاف کا مطالبہ کر رہا ہے۔

خواتین کے اخراج کی تاریخی حقیقت

پاکستان کی تاریخ تضادات سے بھری ہوئی ہے۔ خواتین نے سیاسی تحریکوں، آزادی کی جدوجہد، مزدور تنظیم سازی، تعلیم اور سماجی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس کے باوجود انہیں مسلسل عوامی زندگی سے دور رکھنے کی کوشش کی گئی۔

ایک وقت تھا جب اشرافیہ کے بعض سماجی کلبوں کے باہر یہ بورڈ آویزاں ہوتے تھے:

"عورتوں اور کتوں کا داخلہ ممنوع ہے۔"

بورڈ شاید ہٹا دیا گیا، لیکن اس کے پیچھے موجود ذہنیت آج بھی زندہ ہے۔

پدرشاہی نے صرف اپنی شکل بدل لی ہے۔ اب وہ سماجی روایات، قانونی خامیوں، ثقافتی دباؤ؟ اور مذہب کی مخصوص تشریحات کے ذریعے عورتوں کو قابو میں رکھنے کی کوشش کرتی ہے۔

آج بھی عورتوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ خاموش، فرمانبردار اور بنیادی آزادیوں پر شکر گزار رہیں۔

عورت مارچ کیوں ضروری ہے؟

عورت مارچ کا وجود خود اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان میں عورتیں اب بھی وسیع پیمانے پر تشدد اور امتیاز کا سامنا کر رہی ہیں۔

یہ تحریک ایسے مسائل اٹھاتی ہے جو کبھی متنازع ہونے ہی نہیں چاہئیں تھے:

غیرت کے نام پر قتل بند کیے جائیں

ریپ اور جنسی تشدد کا خاتمہ کیا جائے

ازدواجی ریپ کو جرم تسلیم کیا جائے

اقلیتی لڑکیوں کو جبری مذہب تبدیلی اور جبری شادیوں سے تحفظ دیا جائے

کام کی جگہوں پر ہراسانی ختم کی جائے

تولیدی اور صحت کے حقوق یقینی بنائے جائیں

گھریلو اور نگہداشت کے غیر معاوضہ کام کو تسلیم کیا جائے

خواتین کے لیے محفوظ عوامی مقامات اور آزادانہ نقل و حرکت یقینی بنائی جائے

ٹرانس جینڈر اور نان بائنری کمیونٹیز کے حقوق کا تحفظ کیا جائے

خواتین مزدوروں کے لیے معاشی انصاف فراہم کیا جائے

یہ کوئی انتہا پسندانہ مطالبات نہیں۔

یہ بنیادی انسانی حقوق ہیں۔

پھر بھی، ہر سال عورتوں کے مساوات اور تحفظ کے مطالبات کو اخلاقیات، مذہب اور حتیٰ کہ قومی سلامتی کے لیے خطرہ بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔

پاکستان میں خواتین کے خلاف تشدد

پاکستان میں خواتین جن حقائق کا سامنا کرتی ہیں، وہ سنگین اور اچھی طرح دستاویزی ہیں۔

تیزاب گردی

پاکستان میں برسوں کے دوران سینکڑوں خواتین تیزاب گردی کا شکار ہو چکی ہیں۔ اکثر یہ حملے شادی سے انکار، طلاق لینے یا خودمختاری ظاہر کرنے کی "سزا" کے طور پر کیے جاتے ہیں۔ مجرموں کو سزا دینے کی شرح اب بھی کم ہے، جبکہ متاثرہ خواتین انصاف اور بحالی کے لیے طویل جدوجہد کرتی ہیں۔

جبری مذہب تبدیلیاں اور اغوا

خصوصاً ہندو اور مسیحی برادری کی لڑکیاں اغوا، جبری مذہب تبدیلی اور جبری شادیوں کا شکار بنتی ہیں۔ ان میں سے بہت سی کم عمر ہوتی ہیں، لیکن قانونی اور ادارہ جاتی ناکامیوں کے باعث خاندان انصاف حاصل نہیں کر پاتے۔

غیرت کے نام پر قتل

ہر سال سینکڑوں خواتین "غیرت" کے نام پر قتل کر دی جاتی ہیں۔ متاثرین کی اکثریت عورتوں پر مشتمل ہوتی ہے، جبکہ قاتل اکثر سماجی حمایت یا قانونی سمجھوتوں کے ذریعے بچ نکلتے ہیں۔

کم عمری کی شادیاں

بڑھتی آگاہی کے باوجود کم عمری کی شادیاں اب بھی جاری ہیں، اور بعض حلقے مذہب یا روایت کو جواز کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ اس عمل سے لڑکیوں سے تعلیم، صحت اور اپنی زندگی پر اختیار چھین لیا جاتا ہے۔

ریپ اور ازدواجی ریپ

جنسی تشدد ایک سنگین مسئلہ ہے، جبکہ ازدواجی ریپ کو اب بھی سماجی اور قانونی سطح پر مکمل طور پر تسلیم نہیں کیا گیا۔ بہت سی خواتین کو بتایا جاتا ہے کہ شادی کے بعد رضامندی کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ افسوس کہ یہ سوچ "تعلیم یافتہ" طبقوں میں بھی موجود ہے۔

اور یہی وجہ ہے کہ نسوانی تحریکیں اب بھی ضروری ہیں۔

عوامی ردِعمل اور غلط بیانی

خواتین کے خلاف تشدد اور امتیاز پر بات کرنے کے بجائے، ناقدین اکثر عورت مارچ کو عورتوں کے لباس یا نعروں تک محدود کر دیتے ہیں۔

ایک دوپٹے پر اتنا شور مچایا جاتا ہے جتنا ریپ کے اعداد و شمار پر نہیں۔

پلے کارڈز قومی بحران بن جاتے ہیں، جبکہ گھریلو تشدد، ہراسانی اور استحصال کا شکار عورتیں نظر انداز کر دی جاتی ہیں۔

یہ ردِعمل ایک تلخ حقیقت ظاہر کرتا ہے:

بہت سے لوگ عورتوں پر ہونے والے ظلم سے زیادہ عورتوں کے بولنے سے پریشان ہیں۔

ریاستی دباؤ؟ اور رکاوٹیں

پاکستان بھر میں عورت مارچ کے منتظمین کو بار بار دھمکیوں، قانونی ہراسانی، نگرانی، دباؤ؟ اور پرامن اجتماع پر پابندیوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

پنجاب میں منتظمین کے خلاف ایف آئی آرز درج کی گئیں اور مارچ روکنے کی مہمات چلائی گئیں۔

سندھ میں بھی گرفتاریوں، دباؤ؟ اور اجتماعات پر پابندیوں کی اطلاعات سامنے آتی رہی ہیں۔

پیغام واضح ہے:

حقوق مانگتی عورتوں کو اکثر جمہوری شہری نہیں بلکہ مسئلہ سمجھا جاتا ہے۔

وہ خواتین جنہوں نے خاموشی قبول نہیں کی

پاکستان میں خواتین کے حقوق کی جدوجہد مزاحمت کی ایک طویل تاریخ سے جڑی ہوئی ہے۔

شیما کرمانی

پاکستان میں کلاسیکی رقص کی علمبردار اور ثقافتی مزاحمت کی علامت، شیما کرمانی نے دہائیوں تک آزادیِ اظہار، خواتین کے وقار اور فن کی آزادی کے لیے آواز بلند کی۔ ان کے ساتھ روا رکھا جانے والا سلوک اس بات کی علامت ہے کہ طاقتور نظام ان عورتوں سے کتنا خوفزدہ ہوتا ہے جو خاموش رہنے سے انکار کرتی ہیں۔

سبین محمود

سماجی کارکن اور سماجی کاروباری شخصیت سبین محمود کو 2015 میں بلوچستان پر مکالمہ منعقد کرنے کے بعد قتل کر دیا گیا۔ ان کی شہادت اس حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ پاکستان میں سچ بولنا کس قدر خطرناک ہو سکتا ہے۔

ایمان مزاری

وکیل اور کارکن ایمان مزاری نے ریاستی طاقت اور عسکری اختیار پر سوال اٹھانے کی وجہ سے مسلسل قانونی اور سیاسی دباؤ؟ کا سامنا کیا ہے۔

چہرے: ایک حیرت انگیز تحقیق کی دلچسپ تفصیلات

تحریر: روخانہ رحیم وزیر

اس سچ کو جھٹلا نہیں سکتے کہ انسان ہمیشہ سے خوبصورتی اور دلکشی کے رازوں کا متلاشی رہا ہے۔ کبھی دیر تک آئینے کے سامنے کھڑے ہو کر اپنے ہی عکس میں چھپی حقیقتوں کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہے تو کبھی دوسروں کے چہروں میں جھلکتی دلآویز مسکراہٹوں، پرکشش آنکھوں کی چمک اور تاثرات کی نرم و ملائم لہروں میں کسی پوشیدہ دلکشی کی تلاش میں کھو جاتا ہے۔ یہ سوال کہ جمالیاتی ذوق آخر ہے کیا، ہر دور میں مختلف شکلوں میں سامنے آتا رہا ہے۔ کہیں اسے تناسب اور توازن سے جوڑا گیا، تو کہیں جذبات اور احساسات سے اور کہیں سماجی قبولیت کے پیمانوں سے۔ یہی وجہ ہے کہ انسانی چہرہ جسمانی ساخت ادراک، احساس اور ذہنی تاثر کا ایک پیچیدہ امتزاج سمجھا جاتا ہے، جسے ہر دیکھنے والا اپنے انداز سے پرکھتا ہے۔ حال ہی میں سامنے آنے والی ایک عالمی تحقیق نے اسی پرانے مگر ہمیشہ تازہ رہنے والے موضوع کو ایک نئے زاویے سے روشنی میں رکھا ہے، جس نے سماجی، نفسیاتی اور حیاتیاتی پہلوو؟ں پر ایک نئی بحث چھیڑ دی ہے۔

اس تحقیق میں مختلف ممالک، ثقافتوں اور عمر کے طبقات سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد کی آراء کو اکٹھا کیا گیا۔ مجموعی طور پر 76 ممالک سے حاصل کردہ 52 مختلف مطالعات کا تجزیہ کیا گیا، جس میں تقریباً 17 ہزار چہروں اور 30 ہزار سے زائد افراد کی درجہ بندی شامل تھی۔ نتائج نے ایک عمومی رجحان کی طرف اشارہ کیا کہ خواتین کے چہرے مجموعی طور پر مردوں کے مقابلے میں زیادہ پرکشش سمجھے گئے۔ اعداد و شمار کے مطابق ایک اوسط خاتون کے چہرے کو مردوں کے چہروں کے مقابلے میں تقریباً 60 فیصد زیادہ دلکشی کا حامل قرار دیا گیا۔ تاہم یہ نتیجہ کسی سادہ یا سطحی فیصلے کی پیداوار نہ تھا، اس کے پیچھے مختلف جمالیاتی، نفسیاتی اور ثقافتی عوامل کارفرما تھے۔ تحقیق میں یہ بات بھی نمایاں ہوئی کہ نرم خدوخال، متوازن ساخت اور نسبتاً گول نقوش انسانی ذہن پر زیادہ خوشگوار اثر ڈالتے ہیں۔ یہی وہ عناصر ہیں جو عمومی طور پر نسوانی چہرے میں زیادہ نمایاں پائے جاتے ہیں۔ جب انہی خصوصیات کو ڈیجیٹل یا تجرباتی طور پر کم کیا گیا تو کشش کی درجہ بندی میں بھی واضح کمی دیکھی گئی۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ مرد کے ساتھ ساتھ خواتین نے بھی دیگر خواتین کے چہروں کو زیادہ دلکش قرار دیا۔ یہ پہلو اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ انسانی ادراکِ حسن محض رجحان تک محدود نہیں بلکہ اس میں ایک مشترکہ جمالیاتی فہم بھی شامل ہوتا ہے جو ماحول اور تجربات کے ساتھ تشکیل پاتا ہے۔ عمر کے بڑھنے کے ساتھ ساتھ یہ فرق بتدریج کم ہوتا جاتا ہے، کیونکہ وقت کے اثرات چہرے کے نمایاں خطوط اور جلد کی ساخت کو تبدیل کر دیتے ہیں۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ کشش پیدائشی ساخت پر منحصر نہیں رہتی ہے۔ زندگی کے تجربات اور وقت کی روانی بھی اس میں اپنا حصہ ڈالتی ہے۔ ماہرین اس تحقیق کو ایک وسیع تر حقیقت کا حصہ قرار دیتے ہیں، جس کے مطابق انسانی خوبصورتی کے تصور میں سماجی رویے، ثقافتی ترجیحات اور ذہنی وابستگیاں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ مختلف معاشروں میں خوبصورتی کے معیار بدلتے رہتے ہیں اور یہی تنوع اس تصور کو مزید پیچیدہ مگر دلچسپ بنا دیتا ہے۔ یہاں ایک اہم سوال بھی جنم لیتا ہے کہ اگر عمومی رجحان کے مطابق نسوانی چہرے زیادہ دلکش سمجھے جاتے ہیں تو پھر جدید معاشروں میں میک اپ اور کاسمیٹکس کی صنعت اتنی وسعت کیوں اختیار کر گئی ہے؟ اس کا جواب خوبصورتی کی کمی یا زیادتی میں تلاش کرنا درست نہیں ہوگا۔ میک اپ دراصل نہ خامیوں کو چھپانے کا ذریعہ ہے یہ خود اظہار، اعتماد اور سماجی پیشکش کا ایک ذریعہ بھی ہے۔ بہت سی خواتین کے لیے یہ ایک فن ہے جس کے ذریعے وہ اپنی شخصیت کے مختلف پہلو اجاگر کرتی ہیں۔

انٹرنیشنل

واشنگٹن: (L-R) امریکی سینیٹر ایڈم شِف (D-CA)، امریکی سینیٹر ایلیسا سلوٹکن (D-MI) اور امریکی سینیٹر مارک کیلی (D-AZ) یو ایس کیپیٹل میں ایک نیوز کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں

وفاقی حکومت کے سماجی کٹوتیوں، پنشن میں اصلاحات اور صحت کی پالیسی کے خلاف مظاہرے میں تقریباً سوا فراد شریک ہیں۔

کولمبیا میں چھوٹا طیارہ ٹیک آف کے دوران تباہ ہوگیا، 4 افراد ہلاک

بگوٹا (این این آئی) کولمبیا میں چھوٹا طیارہ ٹیک آف کے دوران گر کر تباہ ہوگیا جس کے نتیجے میں 4 افراد ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کولمبیا کے فضائی حادثات کی تحقیقات کے ادارے نے بتایا کہ یہ حادثہ گزشتہ روز اس وقت پیش آیا جب سیسنا 206 طیارہ وسطی کولمبیا کے میٹا کے دارالحکومت ویلاویسین سیوسیلا ماکارینا جا رہا تھا کہ ٹیک آف کے دوران حادثے شکار ہوگیا۔ حادثے کے بعد فضائی حادثات کی تحقیقات کے ادارے نے ہنگامی پروٹوکول نافذ کرتے ہوئے تحقیقاتی ٹیم جائے وقوعہ پر روانہ کر دی۔ ٹیم حادثے کی وجوہات معلوم کرنے کے لیے تکنیکی شواہد اور عینی شاہدین کے بیانات جمع کرے گی۔

فلسطینیوں کے حقوق کی حمایت کرنے والے 2 امریکی دانشوروں کی برطانیہ داخلے پر پابندی

سینک یغور اور حسن پائیکر پر پابندی کے باعث کانفرنس منسوخ کردی، انتظامیہ آکسفورڈ یونین ڈیبیٹنگ سوسائٹی

لندن (این این آئی) برطانوی حکام نے فلسطینیوں کے حقوق کی حمایت کرنے والے 2 امریکی دانشوروں کو اپنے ہاں آنے سے روک دیا، دوسری جانب معروف برطانوی یونیورسٹی آکسفورڈ کی یونین ڈیبیٹنگ سوسائٹی نے اس اقدام کو برطانیہ میں جمہوریت کا زوال قرار دیتے ہوئے اس پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق آکسفورڈ یونین ڈیبیٹنگ سوسائٹی کی صدر عروہ الرئیس کی طرف سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ بولنے والوں کو روکنا جمہوری زوال سے بڑھ کر ہے۔ یہ آزادی اظہار کے لیے براہ راست خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کو اس بات پر شدید تشویش ہے کہ فلسطینیوں کے حقوق کی حمایت کرنے والے امریکی دانشوروں سینک یغور اور حسن پائیکر کو سفری اور دیگر دستاویزات ہونے کے باوجود آخر وقت پر یہ کہہ کر برطانیہ داخل ہونے سے روک دیا گیا کہ ان کی ملک میں آمد برطانوی شہریوں کے لیے سازگار نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آکسفورڈ یونین کی بنیاد اس اصول پر رکھی گئی تھی کہ نظریات کو بحث کے ذریعے چیلنج کیا جاتا ہے، فرمان کے ذریعے خاموش نہیں کیا جاتا۔ ہم نے کبھی کسی مقرر کو اس کے سیاسی نظریات کی وجہ سے اظہار خیال سے نہیں روکا اور نہ ہی ہم نے ریاست سے اجازت مانگی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس تقریب میں سینک یغور اور حسن پائیکر نے شرکت کرنا تھی اسے منسوخ نہیں کیا جائے گا۔ یونین اس بات کو یقینی بنائے گی کہ یہ بحث ہو۔ انہوں نے کہا کہ آزادانہ تقریر کے لیے برطانوی حکومت کے ویزا کی ضرورت نہیں ہے۔

ایرانی دھمکی کام کرگئی، ٹرمپ کا نیتن یاہو سے ٹیلیفونک رابطہ، حزب اللہ پر حملوں سے روک دیا

لبنان پر حملے جاری رکھنے کے اعلان پر ٹرمپ طیش میں آگئے، یاہو پاگل اور ناشکرا ہے، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) ایرانی دھمکی کام کرگئی، ٹرمپ نے نیتن یاہو سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے اور حزب اللہ پر حملوں سے روک دیا ہے، امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے لبنان پر جارحیت جاری رکھنے والے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کو پاگل شخص قرار دے دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صدر ٹرمپ نے اسرائیلی وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو سے ٹیلے فون پر سخت لہجے میں بات کی اور لبنان میں جارحیت جاری رکھنے پر وہ اسرائیلی وزیراعظم کے ساتھ انتہائی بدزبانی سے پیش آئے۔ تلخ لہجہ کا پس منظر بتاتے ہوئے امریکی نیوز ویب سائٹ نے تسلیم کیا کہ وجہ یہ تھی کہ ایران نے لبنان میں اسرائیلی حملے جاری رہنے کی صورت میں امریکا سے بات چیت روکنے کی دھمکی دیدی تھی۔ ویب سائٹ کے مطابق صدر ٹرمپ نے اسرائیلی وزیراعظم کو پاگل کے ساتھ ساتھ ناشکرا بھی کہا۔ ساتھ ہی واضح کیا کہ بیروت پر حملے نہیں ہونے چاہیں اور خبردار کیا کہ اسرائیل نے یہ اقدام کیا تو وہ دنیا میں مزید تنہا ہوجائے گا۔ امریکی صدر نے جتایا کہ انہوں نے کرپشن ٹرائل میں نیتن یاہو کو جیل سے باہر رکھنے میں کیسے مدد کی تھی۔ بولے اگر میں نہ ہوتا تو تم جیل میں ہوتے۔ میں تمہاری چمڑی بچا رہا ہوں، ہر شخص اب تم سے نفرت کرتا ہے اور ہر شخص اسرائیل سے نفرت کرتا ہے۔ دوران گفتگو صدر ٹرمپ ایک بار شدید طیش میں آکر چلا اٹھے کہ تم کیا احمقانہ کام کر رہے ہو، امریکی اہلکار نے نیوز ویب سائٹ کو بتایا کہ صدر ٹرمپ کے نزدیک نتین یاہو جارحیت کو غیر معمولی تناسب سے بڑھا رہے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ کو تشویش ہے کہ اسرائیل نے لبنان میں بڑی تعداد میں شہریوں کو قتل کیا ہے اور صرف ایک حزب اللہ کمانڈر کو نشانہ بنانے کی خاطر رہائشی عمارتوں پر عمارتیں تباہ کی جا رہی ہیں۔ امریکی اہلکار نے کہا کہ یوں تو صدر ٹرمپ اور اسرائیلی وزیراعظم کے درمیان کئی بار تلخ جملوں کا تبادلہ ہو چکا ہے مگر دوسری بار صدارت سنبھالنے کے بعد ڈونلڈ ٹرمپ کی یہ اسرائیلی وزیراعظم کو بدترین ٹیلے فون کال تھی۔ جواب میں نیتن یاہو اوکے، او کے کہتے رہے اور یہ کہ بس یہ یقینی بنائیں کہ ہر بات کا خیال رکھا جائے۔

حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان امریکی تجویز کے تحت جزوی جنگ بندی پر اتفاق

واشنگٹن (این این آئی) حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان امریکی تجویز کے تحت جزوی جنگ بندی پر اتفاق ہوگیا۔ واشنگٹن میں لبنانی سفارتخانے کے مطابق حزب اللہ اسرائیل پر حملے روک دے گی جبکہ اسرائیل بیروت کے جنوبی مضافاتی علاقوں پر فضائی حملے بند کرے گا۔ لبنانی صدر جوزف عون اور امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے رابطے کے بعد لبنانی حکام نے تصدیق کی کہ حزب اللہ نے امریکی تجویز قبول کرلی ہے

روس نے یوکرین کے کئی بڑے شہروں پر 656 ڈرونز، 73 میزائل داغ دیے، 10 افراد ہلاک

روسی میزائل حملے میں ایک 24 منزلہ عمارت کا حصہ گر گیا جس کے ملبے تلے متعدد افراد کے دبے ہونے کا خدشہ ہے، میئر کیف

کیف (این این آئی) یوکرینی دارالحکومت کیف سمیت دیگر بڑے شہروں پر روسی حملوں میں 10 افراد ہلاک اور تقریباً 100 زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یوکرینی حکام کا کہنا ہے کہ یوکرین کے چوتھے بڑے شہر دنیپر و پر روسی میزائل اور ڈرون حملوں میں 5 افراد ہلاک جبکہ 25 زخمی ہوئے۔ حکام کا مزید کہنا تھا کہ کیف پر حملوں میں کم از کم 4 افراد ہلاک اور 51 زخمی ہوئے۔ دارالحکومت کیف کے میئر کا کہنا تھا کہ روسی میزائل حملے میں ایک 24 منزلہ عمارت کا حصہ گر گیا جس کے ملبے تلے متعدد افراد کے دبے ہونے کا خدشہ ہے۔ میئر کا مزید کہنا تھا کہ عمارت کے ملبے میں پھنسے افراد کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ میئر کیف وٹالی کلیچکو کا یہ بھی کہنا تھا کہ میزائلوں کے ٹکڑے گرنے سے ایک 9 منزلہ عمارت سمیت متعدد عمارتوں میں آگ بھی لگ گئی ہے جبکہ اوبولون ضلع میں کئی گاڑیاں جل کر تباہ ہو گئیں۔ روسی وزارت دفاع کا کہنا تھا کہ حملے میں یوکرینی دفاعی صنعتی اہداف کا نشانہ بنایا گیا، اس حملے میں انتہائی درستگی سے نشانہ بنانے والے ہتھیار استعمال کیے گئے۔ روسی حملے کا مرکزی ہدف دارالحکومت کیف تھا جبکہ مجموعی طور پر روسی میزائل اور ڈرونز نے یوکرین میں 38 مقامات کو نشانہ بنایا۔ یوکرینی فضائیہ کا کہنا ہے گزشتہ رات روس نے یوکرین پر 656 ڈرونز، 73 میزائل اور 602 داغے جن میں سے 40 میزائل اور 602 ڈرونز مار گرائے گئے۔

میکسیکو سٹی: میکسیکو کی صدر، کلاڈیا شین بام پارڈو پالاسیو نا سیونال میں روزانہ صبح کی بریفنگ کے دوران خطاب کر رہی ہیں

پینٹاگون کے پریس آفس میں صحافیوں کے داخلے پر پابندی عائد

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ دفاع نے صحافیوں کے اپنے پریس آفس میں داخلے پر پابندی عائد کر دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پینٹاگون کے قائم مقام پریس سیکریٹری جوئل والڈیز کے مطابق پریس آفس کے حکومت کی خفیہ معلومات تک رسائی کے لیے استعمال ہونے کی وجہ سے اب انتظامیہ نے اسے حساس کمپارٹمنٹڈ انفارمیشن فیسیلٹی کے طور پر نامزد کر دیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ یہی وجہ ہے کہ اب صحافیوں کو آفس میں داخلے کی اجازت نہیں ہوگی، تاہم صحافیوں کو وزیر جنگ کے معاون کے دفتر اور پریس سیکریٹری تک رسائی دستیاب ہوگی مگر اس کے لیے بھی اپوائنٹمنٹ کی ضرورت ہوگی۔ امریکا کے نیشنل پریس کلب نے پینٹاگون کی جانب سے عائد کی گئی ان پابندیوں کی شدید مذمت کی ہے۔

اوڈینس: ڈنمارک کے کنگ فریڈرک ایکس اور ڈنمارک کی ملکہ مریم اپنے سمر ٹور کے دوران اوڈینس کے دی فیری ٹیل گارڈن پہنچے

SPORTS سپورٹس

ٹورینو ڈی: انالپی ایرینا میں پیر کی رات RAW کے دوران برون بریکر کے خلاف کارروائی میں سیٹھ رولنز مار رہے ہیں

آئرلینڈ میں پاکستان کی سفیر مریم آفتاب کی جانب سے پاکستان ویمنز ٹیم اور مینجمنٹ کے اعزاز میں اعشائیہ

ڈبلن (این این آئی) آئرلینڈ میں پاکستان کی سفیر مریم آفتاب کی جانب سے پاکستان ویمنز ٹیم اور مینجمنٹ کے اعزاز میں اعشائیہ دیا گیا۔ پاکستانی سفیر مریم آفتاب نے پاکستان ویمنز ٹیم کا خیر مقدم کیا، تقریب میں آئرلینڈ کرکٹ بورڈ کے آفیشلز نے بھی شرکت کی۔ تقریب میں پاکستان ویمنز ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا نے قومی ٹیم کی شرٹ سفیر پاکستان کو بطور تحفہ پیش کی۔ پاکستانی سفیر مریم آفتاب نے پاکستان ویمنز ٹیم کے لیے کامیابیوں کی دعا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور کہا کہ مریم آفتاب نے کہا کہ امید ہے پاکستان ٹیم آئندہ میچز میں بہترین کھیل پیش کرے گی۔ پاکستان ویمنز ٹیم آئرلینڈ میں ٹی ٹوئنٹی ٹرائی سیریز میں شرکت کر رہی ہے

AIN کی آرینا سبالینکا Roland-Garros میں Roland-Garros 2026 کے 9 ویں دن کے دوران جاپان کی Naomi OSAKA کے خلاف مقابلہ کر رہی ہیں

ہوم سیریز میں اسپن وکٹوں کے استعمال پر ہونے والی تنقید ہیڈ کوچ نے رد کردی

ورلڈ کپ جنوبی افریقا کے علاوہ زمبابوے اور نمیبیا میں بھی کھیلا جائے گا جہاں اسپن بولنگ اہم کردار ادا کرتی ہے، ہیسن

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے وائٹ بال ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے آسٹریلیا کے خلاف ہوم سیریز میں اسپن وکٹوں کے استعمال پر ہونے والی تنقید رد کردی۔ اسپن وکٹوں پر تنقید کا جواب دیتے ہوئے مائیک ہیسن نے کہا کہ یہ تاثر درست نہیں کہ آئندہ ورلڈ کپ میں صرف تیز اور باؤنسی وکٹوں پر ہی کھیلنا ہوگا، پہلے میچ کے بعد بعض کرکٹ ماہرین اور مبصرین نے اسپن کے لیے سازگار وکٹوں پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا تھا کہ جنوبی افریقا میں ہونے والے ورلڈ کپ کی تیاری کیلئے پاکستان کو فاسٹ اور باؤنسی وکٹوں پر کھیلنا چاہیے۔ مائیک ہیسن نے اس موقف کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ جنوبی افریقا کی تمام وکٹوں کو یکساں طور پر تیز اور باؤنس والی قرار دینا حقیقت کے برعکس ہے۔ ہیسن نے کہا کہ وہ گزشتہ چند دنوں سے یہ بحث سن رہے ہیں کہ پاکستان میں تیار کی جانے والی وکٹیں ورلڈ کپ کی مناسب تیاری نہیں ہیں لیکن حقیقت اس سے مختلف ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2027 کا ورلڈ کپ صرف جنوبی افریقا میں نہیں بلکہ زمبابوے اور نمیبیا میں بھی کھیلا جائیگا جہاں اسپن بولنگ اہم کردار ادا کرتی اور پاکستان کو وہاں میچز کھیلنے ہوں گے۔ ورلڈ کپ جنوبی افریقا کے علاوہ زمبابوے اور نمیبیا میں بھی کھیلا جائے گا جہاں اسپن بولنگ اہم کردار ادا کرتی ہے، ہیسن

انٹرڈیپارٹمنٹل نیشنل کبڈی (ایشین سٹائل) چیمپئن شپ کے افتتاحی روز پانچ میچوں کا فیصلہ ہوگیا

رپورٹ کے مطابق پاکستان آرمی نے پاکستان واپڈا کو 45-42 پوائنٹس سے، پاکستان نیوی نے پاکستان پولیس کو 57-34 پوائنٹس سے شکست دے دی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کبڈی فیڈریشن کے زیر اہتمام جاری انٹرڈیپارٹمنٹل نیشنل کبڈی (ایشین سٹائل) چیمپئن شپ کے افتتاحی روز پانچ میچوں کا فیصلہ ہوگیا۔ چیمپئن شپ کا افتتاح پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن کے صدر اور ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس اینڈ سپورٹس ڈائریکٹریٹ، جی ایچ کیو، راولپنڈی کرنل نبیل احمد رانا نے کیا۔ اس موقع پر پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا کے علاوہ شائقین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ گزشتہ روز پاکستان سپورٹس کمپلیکس کے لیاقت جمنازیم، اسلام آباد میں جاری چیمپئن شپ کے افتتاحی روز کھیلے گئے مقابلوں میں پاکستان آرمی، پاکستان نیوی، پاکستان ائیر فورس، پاکستان واپڈا اور پاکستان نیوی کی ٹیموں نے اپنے، اپنے میچز جیت لئے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان آرمی نے پاکستان واپڈا کو 45-42 پوائنٹس سے، پاکستان نیوی نے پاکستان پولیس کو 57-34 پوائنٹس سے شکست دے دی۔ پاکستان ائیر فورس نے ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس کو ایک سخت مقابلے کے بعد 42-40 پوائنٹس سے ہرا دیا۔ پاکستان واپڈا نے پاکستان پولیس کو 69-41 پوائنٹس سے اور پاکستان نیوی نے پاکستان ائیر فورس کو 42-32 پوائنٹس سے شکست دے دی۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے فیڈریشن سے منسلک 36 ڈیپارٹمنٹس کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن میں پاکستان آرمی، پاکستان ائیر فورس، پاکستان واپڈا، پاکستان پولیس، پاکستان نیوی اور ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس کی ٹیمیں شامل ہیں۔ ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس کی ٹیم پہلی بار ایشین سٹائل چیمپئن شپ میں حصہ لے رہی ہے۔ چیمپئن شپ کا فائنل اور

نیشنل جونیئر ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں

نیشنل جونیئر ایتھلیٹکس چیمپئن شپ 7 جون سے قیوم اسٹیڈیم، پشاور پشاور میں شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے زیر اہتمام، خیبر پختونخوا ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن اور ڈائریکٹوریٹ جنرل آف اسپورٹس خیبر پختونخوا کے تعاون سے نیشنل جونیئر ایتھلیٹکس چیمپئن شپ 7 جون سے قیوم اسٹیڈیم، پشاور پشاور میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے صدر بریگیڈیئر ریٹائرڈ وجاہت حسین نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے۔ چیمپئن شپ 10 جون تک جاری رہے گی اور چیمپئن شپ میں کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔ گراس روٹ سطح پر نئے ٹیلنٹ کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں بریگیڈیئر وجاہت حسین نے کہا کہ چیمپئن شپ کے دوران نیا ٹیلنٹ سامنے آنے کی توقع ہے اور اس ٹیلنٹ کو ابھارنے کے لئے ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان ایک سلیکشن کمیٹی تشکیل دے گی اور منتخب ٹیلنٹ کو تربیتی کیمپ میں مزید پالس کر کے بین الاقوامی سطح کے ٹورنامنٹس کے لئے تیار کرے گی۔

سابق آسٹریلوی وکٹ کیپر بیٹر این ہیلی اپنی ٹیم پر برس پڑے

مجھے نہیں علم دیگر ممالک کا، آسٹریلوی کھلاڑیوں کے لیے 50 اوور کا گیم مشکل ہوگیا ہے، انٹرویو

سڈنی (این این آئی) سابق آسٹریلوی وکٹ کیپر بیٹر این ہیلی اپنی ٹیم پر برس پڑے، انہوں نے آسٹریلین بیٹرز کے اسپنرز کو کھیلنے کے انداز پر سوالات اٹھا دیئے۔ این ہیلی کے مطابق مجھے نہیں علم دیگر ممالک کا تاہم آسٹریلوی کھلاڑیوں کے لیے 50 اوور کا گیم مشکل ہوگیا ہے، ٹیسٹ کرکٹ میں تمام پرفارمنسز ٹریوس ہیڈ اور اسٹیو اسمتھ کے ارد گرد گھومتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 50 اوورز کی کرکٹ ٹیم میں کوئی بیٹر زیادہ گیندوں کا سامنا نہیں کرتا، یہ بہت زیادہ بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہیں، زیادہ باؤنڈریز مارنے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے اسپنرز کے لیے آپ کو آگے بڑھ کر کھیلنا پڑتا ہے، اٹیک کرنا پڑتا ہے، پاکستان کے اسپنرز کے خلاف بال مس کرنے کے خوف میں مبتلا نہیں ہونا چاہیے۔ سابق وکٹ کیپر بیٹر نے کہا کہ میں بھی خود کو کوئی ماہر نہیں مانتا تاہم میں ڈین جونز کا ضرور ذکر کروں گا، وہ حریف اسپنرز کا اثر اپنے قدموں کا استعمال کر کے ختم کر دیتے تھے۔ این ہیلی نے کہا کہ میں بھی کریز میں کھڑے ہو کر بال کا انتظار کرتا، سویپ یا کٹ شاٹ کھیلتا لیکن ڈین جونز بال کی لائن پر دوڑتے، ڈین جونز کو اگر آگے نکلنے کا موقع نہ ملتا تو وہ لیگ سائیڈ کے گیپ میں شاٹس کھیلتے۔ مجھے نہیں علم دیگر ممالک کا، آسٹریلوی کھلاڑیوں کے لیے 50 اوور کا گیم مشکل ہوگیا ہے، انٹرویو۔ مجھے نہیں علم دیگر ممالک کا، آسٹریلوی کھلاڑیوں کے لیے 50 اوور کا گیم مشکل ہوگیا ہے، انٹرویو پاکستان کے اسپنرز کے لیے آپ کو آگے بڑھ کر کھیلنا پڑتا ہے، اٹیک کرنا پڑتا ہے، پاکستان کے اسپنرز کے خلاف بال مس کرنے کے خوف میں مبتلا نہیں ہونا چاہیے

لاہور میں لیول ٹو کوچنگ کورس کا آغاز ہوگیا، کورس 7 جون کو اختتام پذیر ہوگا

لاہور (این این آئی) لاہور میں لیول ٹو کوچنگ کورس کا آغاز ہوگیا۔ نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں جاری لیول ٹو کوچنگ کورس میں 29 شرکا شریک ہوئے۔ کورس 7 جون کو اختتام پذیر ہوگا۔ ٹیسٹ کرکٹرز فخر زمان، آصف خان آفریدی اور عثمان خان شنواری، انٹرنیشنل کرکٹر حسین طلعت چھ روزہ لیول ٹو کوچنگ کورس کا حصہ ہیں۔ کورس میں جدید کوچنگ فلاسفی اور جدید بیٹنگ تکنیکوں کی تربیت دی جائے گی۔ شرکا کو کھیل کے جدید تکنیکی اور حکمتِ عملی کے پہلوؤں سے آگاہ کیا جائے گا۔ کورس میں سپورٹس سائیکالوجی، کمیونیکیشن سکلز اور ایتھلیٹ مینجمنٹ پر بھی توجہ دی جائے گی۔ کھلاڑیوں کی ذہنی اور جسمانی فٹنس سے متعلق تربیت بھی کورس کا حصہ ہوگی۔ بائیو مکینکس کے کھیلوں میں کردار پر خصوصی سیشنز منعقد کیے جائیں

برلن: ALBA برلن سے سیم گریزل اور BMA365 ALBA Onu Ejiofor سے Baskets Bamberg BMA365 برلن اور Baskets Bamberg کے درمیان ایزی کریڈٹ باسکٹ بال بنڈس لیگا میچ کے دوران ایک ڈوئل میں

کرائسٹ چرچ: ون این زیڈ سٹیڈیم میں کروسیڈرز اور ہریکینز کے درمیان راؤنڈ 16 کے سپر رگبی میچ کے دوران ہریکینز کے بریڈ شیلڈز نے لائن آؤٹ جیتتے ہوئے عمومی منظر

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال کا دورہ کیا

ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، انتظامی امور اور مریضوں کو دستیاب سہولتوں کا تفصیلی جائزہ لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال کا دورہ کیا اور ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، انتظامی امور اور مریضوں کو دستیاب سہولتوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ایمرجنسی سمیت مختلف وارڈز کا معائنہ کیا، زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اوران سے علاج معالجہ، ادویات کی فراہمی اور دیگر سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے ادویات کے مین سٹور، اولڈ گائنی وارڈ، کانفرنس روم اور ہسپتال کے دیگر شعبہ جات کا بھی معائنہ کیا اوران کی بہتری کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شدید گرمی کے پیش نظر تمام وارڈز میں ایئر کنڈیشنرز مسلسل فعال رکھے جائیں تاکہ مریضوں اوران کے لواحقین کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ عائشہ رضوان نے ہسپتال کی تمام طبی مشینری کو مکمل طور پر فعال اور ورکنگ حالت میں رکھنے کی بھی ہدایت کی اور کہا کہ علاج معالجے میں استعمال ہونے والے آلات کی بروقت مرمت اور دیکھ بھال کو یقینی بنایا جائے تاکہ مریضوں کو بہتر اور بروقت طبی خدمات فراہم کی جاسکیں۔ اس موقع پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ثاقب منیر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ڈاکٹر شوکت اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ پر زور دیا کہ مریضوں کی خدمت کو اولین ترجیح بنایا جائے اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔

ملک اسامہ کی ساتویں سالگرہ کی تقریب کا اہتمام ملک اشرف کی رہائش گاہ پر کیا گیا

اللہ تعالیٰ میرے بھانجے کی عمر دراز کرے اور اسے اپنے ماں باپ کا فرماں بردار بنائے۔ ملک سجاد سیفی

ننکانہ صاحب (نمائندہ قوت ساجد حسین) تفصیلات کے مطابق ملک سجاد سیفی کے بھانجے ملک اسامہ کی ساتویں سالگرہ کی تقریب کا اہتمام ملک اشرف کی رہائش گاہ پر کیا گیا جس میں معززین علاقہ نے شرکت کی اس کے بعد کیک کاٹنے کی تقریب ہوئی اس موقع پر ملک سجاد سیفی نے کہا کہ اللہ تعالی میرے بھانجے کی عمر دراز کرے اور اسے اپنے ماں باپ کا فرماں بردار بنائے شرکاء تقریب نے بھی ملک اسامہ کی سالگرہ کے موقع پر نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے اس کی درازی عمر کے لیے خصوصی دعا کی۔

محرم الحرام کے پرامن انعقاد کے لئے ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محرم الحرام کے پرامن انعقاد کے لئے ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں علماء کرام اور امن کمیٹی ممبران نے انتظامیہ سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان اور ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کی زیر صدارت محرم الحرام کے سلسلہ میں ضلعی امن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلعی امن کمیٹی کے ممبران، تمام مکاتب فکر کے جید علماء کرام، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران ضلع بھر میں امن و امان کی صورتحال، جلوسوں اور مجالس کے انتظامات، سیکیورٹی پلان، ٹریفک مینجمنٹ، صفائی ستھرائی، بجلی کی بلاتعطل فراہمی، ریسکیو اور طبی سہولیات سمیت دیگر انتظامی امور کے حوالے کیے گئے انتظامات بارے آگاہ کیا، اس موقع پر محرم الحرام کے دوران ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد، بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ اور مذہبی رواداری کو یقینی بنانے کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے دوران مجالس اور جلوسوں کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے کے ساتھ فرائض انجام دیں گے

بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان متحد ہیں

پیپلز پارٹی کی جڑیں چاروں صوبوں میں مضبوط ہیں لیلی پروین سواتی سینیئر رہنما

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر رانا اکرم حمید) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیر رہنما لیلی پروین سواتی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ گلگت بلتستان کے مختلف مقامات کا دورا کیا اور عوامی جلسوں سے خطاب کیا انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی جڑیں چاروں صوبوں میں مضبوط ہیں انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان متحد ہیں خیبر پختونخوا میں بھی ہماری حکومت بنے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے سربراہ بلاول بھٹو زرداری نے اعلان کیا ہے کہ پیپلز پارٹی بلتستان میں اپنی بجلی پیدا کرے گی اور اسلام آباد کو فروخت کرے گی پیپلز پارٹی کے بانی سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کو ایٹمی طاقت بنایا عالمی سربراہی کانفرنس منعقد کی بے نظیر بھٹو نے جمہوریت کی بحالی کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا پاکستان پیپلز پارٹی شہداء کی پارٹی ہے جن کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ جمہوریت سے ہی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے پیپلز پارٹی جمہوریت پر مکمل یقین رکھتی ہے اس نے ہمیشہ آمریت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا

روحانی شخصیت الحاج مفتی ابوداؤد محمد صادق رضویؒ کے سالانہ عرس کا آغاز

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ملک کی معروف دینی مذہبی اور روحانی شخصیت الحاج مفتی ابوداؤد محمد صادق رضویؒ کے سالانہ عرس پاک کی مرکزی تقریب میں حافظ آباد سے عقیدتمندوں کا ایک کارواں آج صبح نو بجے علامہ عبدالقیوم بھٹی اور صوفی اخلاق احمد رضوی کی قیادت میں گوجرانوالہ روانہ ہوگا جہاں وہ جماعت رضائے مصطفےٰ ﷺ پاکستان کے مرکزی امیر پیر محمد داؤد رضوی کی سرپرستی میں منعقدہ عرس پاک اور دعائی تقریب میں شرکت کریں گے۔

واسا چنیوٹ کی جانب سے عوامی آگاہی مہم

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) واسا چنیوٹ کی جانب سے عوامی آگاہی پیغام پانی اللہ تعالی کی ایک عظیم نعمت اور رحمت ہے، اسے ضائع مت کریں۔ روزمرہ استعمال میں پانی کی بچت کو یقینی بنائیں، نل کھلے نہ چھوڑیں اور پانی کو ذمہ داری کے ساتھ استعمال کریں محکمہ واسا چنیوٹ کے مینیجنگ ڈائریکٹر محمد رفیع نے کہا کہ آج پانی بچائیں تاکہ کل بھی یہ نعمت میسر رہے پانی کی ہر بوند قیمتی ہے پانی کو ضائع مت ہونے دیں پانی کا استعمال ضرورت کے مطابق کریں جبکہ محکمہ واسا کے میڈیا انچارج علی زین نور نے کہا کہ عوام آگاہی مہم کے ذریعے محکمہ واسا شہریوں تک اپنا پیغام پہنچا رہا ہے شہری محکمہ واسا کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔

حضرت سیدنا عثمان غنیؓ نے دین اسلام کیلئے گرانقدر خدمات سرانجام دیں: سید وسیم الحسن نقوی

آپؓ نے ساری عمر اپنی دولت حضور نبی کریم ﷺ کے قدموں میں نچھاور کیے رکھی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) جماعت الصفہ پاکستان کے سربراہ اور معروف دینی مذہبی اسکالر بیرسٹر سید وسیم الحسن نقوی نے کہا ہے کہ خلیفہ سوم امیر المومنین حضرت سیدنا عثمان غنیؓ نے دین اسلام کے لئے جو گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔ وہ اسلامی تاریخ کا زریں اور انمول باب ہے۔ ایک اجتماع سے خطاب کرتے بیرسٹر وسیم الحسن نقوی نے مزید کہا کہ حضرت سیدنا عثمان غنیؓ کو ذوالنورین ہونے کا بھی شرف بھی حاصل ہوا اور پھر آپؓ نے ساری عمر اپنی دولت حضور نبی کریم ﷺ کے قدموں میں نچھاور کیے رکھی۔ آپؓ کے دور حکومت میں اسلام کی سلطنت کا دائرہ مزید وسیع ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم حضور نبی کریم ﷺ بتائے ہوئے طریقوں پر عمل پیرا ہو کر اور خلفائے راشدینؓ کے انداز حکمرانی کو مینارہ نور بنا کر اپنے معاشروں کو جنت نظیر بنائیں۔

خانقاہ سید نفیس الحسینیہ المکیہ نصرت آباد چناب نگر میں پیکر شرم حیا سیمینار کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خانقاہ سید نفیس الحسینیہ المکیہ نصرت آباد چناب نگر میں پیکر شرم حیا سیمینار کا انعقاد شرکا سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین انوار ختم نبوت ٹرسٹ مولانا قاری محمد رفیق نفیسی حاجی محمد اویس رسول علوی مولانا مفتی عتیق الرحمن نفیسی نے کہا کہ شرم وحیا مومن کی معراج نجات کا ذریعہ ہے پیکر شرم وحیا ہم زلف علی المرتضیٰ شیر خدا داماد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم مظلوم مدینہ شہید تلاوت قرآن ذوالنورین حضرت سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی سیرت و کردار ہمارے لئے عملی نمونہ خلافت راشدہ مسلم حکمرانوں کے لئے مشعل راہ ہے آپکی تعلیمات خیر الوریٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی عکاس کامیابی کی کنجی ہے دنیا و آخرت کی کامیابی اتباع رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میں ہے اتباع رسول اتباع صحابہ کرام رضوان اللہ علیہ اجمعین کی اتباع میں ہے صحابہ کرام کا نقش قدم کامیابی کی ضمانت اتباع سنت نبوی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی بنیاد ہے محسن اسلام سیدنا عثمان غنی کی دین اسلام بارے خدمات ناقابل فراموش آپکے عظیم کارنامے تاریخ اسلام کے ماتھے کا جھومر تاریخ جس مثال پیش کرنے سے قاصر ہے آپ نے اپنی ساری زندگی غلامی رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے لئے وقف کر رکھی تھی جس پر سرور کونین صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے آپ کو جنتی ہونے کی بشارت نسل نو سیرت عثمان بن عفان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دنیا و آخرت میں کامیابی کے لئے حصول کو ممکن بنا سکتی ہے ہمیں چاہئے کہ اتباع رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم تک رسائی کے لئے اصحاب رسول کے نقش قدم پر چلیں

کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت اعلی سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں سٹی منیجر محمد اسجد علی خان نے پسپ پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی کاموں پر تفصیلی بریفنگ دی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت پسپ پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر، ایم ڈی واسا تنویر قیصر سندھو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن شیخ اشفاق احمد، سٹی منیجر پسپ محمد اسجد علی خان سمیت محکمہ ہائی وے، محکمہ انہار اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی جبکہ چیف انجینئر شیخ طاہر ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں سٹی منیجر محمد اسجد علی خان نے پسپ پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی کاموں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ ٹیوب ویلز، واٹر سپلائی و کنکشنز اور آڑتلہ روڈ سمیت تمام باقی ماندہ منصوبے جون کے آخر تک مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے شہریوں کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی اور وہ ان منصوبوں کے ثمرات سے جلد مستفید ہوسکیں گے۔

ضلع بھر میں غیر قانونی ایل پی جی گیس فروخت کرنے والی دوکانوں کی بھرمار

سول ڈیفنس سمیت قانون نافذ کرنے والے ادارے خاموش تماشائی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں غیر قانونی ایل پی جی گیس فروخت کرنے والی دوکانوں کی بھرمار، سول ڈیفنس سمیت قانون نافذ کرنے والے ادارے خاموش تماشائی، گنجان آباد علاقوں میں کھلے عام ایل پی جی کی فروخت کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے تفصیلات کے مطابق شہر سمیت ضلع بھر میں غیر قانونی ایل پی جی گیس کی بھرائی کی دوکانوں میں روز بروز تیزی سے اضافہ ہوتا جارہا ہے شہر کے گنجان آباد علاقوں گلی محلوں میں غیر قانونی ایل پی جی گیس سلنڈرز کی بھرائی کی دوکانیں کھول رکھی ہیں اس میں اندرون شہر سمیت ضلع بھر میں جگہ جگہ ایل پی جی گیس سلنڈرز کی بھرائی کی دکانیں کھل چکی ہیں شہریوں نے وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف، کمشنر راولپنڈی ڈپٹی کمشنر سمیت ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے،

ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی زیر صدارت ڈی پی او آفس کمپلینٹ سیل میں کھلی کچہری منعقد

ڈی پی او نے تمام سائلین کی شکایات خود توجہ سے سنیں اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ان مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی زیر صدارت ڈی پی او آفس کمپلینٹ سیل میں کھلی کچہری منعقد کی گئی، جس میں شہریوں نے اپنے مختلف نوعیت کے مسائل براہ راست ڈی پی او ساہیوال کے سامنے پیش کیے ڈی پی او ساہیوال نے تمام سائلین کی شکایات خود توجہ سے سنیں اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ان مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں اس موقع پر ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کا کہنا تھا کہ عوامی مسائل کا بروقت، شفاف اور منصفانہ ازالہ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد شہریوں اور پولیس کے درمیان اعتماد کو فروغ دینا اور عوام کو فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے ڈی پی او ساہیوال نے افسران کو واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ تمام درخواستوں پر میرٹ کے مطابق کارروائی کی جائے اور کسی بھی شکایت کے حل میں غفلت یا تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

شہریوں کو پاسپورٹ کے اجراء میں کوئی مشکل درپیش نہیں: گل آصف

روزانہ سینکڑوں افراد محکمانہ خدمات سے مستفید ہورہے ہیں: اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ آفس شیخوپورہ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ آفس شیخوپورہ گل آصف نے کہا ہے کہ شہریوں کو پاسپورٹ کے اجراء میں کوئی مشکل درپیش نہیں پاسپورٹ آفس شیخوپورہ شہریوں کے کوائف کی تکمیل کی خاطر ہر ممکن کردار ادا کررہا ہے یہی وجہ ہے کہ روزانہ سینکڑوں افراد محکمانہ خدمات سے مستفید ہورہے ہیں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر گل آصف نے کہا کہ پاسپورٹ آفس کے تمام امور ڈیجیٹلائز ہیں کسی معاملہ میں جان بوجھ کر کبھی کوئی تاخیر نہیں کی گئی غیر معمولی رش کے ایام میں بھی عملہ نے نہایت ذمہ دارانہ کردار ادا کرتے ہوئے شہریوں کو ہمہ وقت محکمانہ سروسز سے مستفید کیا ہے جن شہریوں کے کوائف کی تکمیل میں کسی طرح کی کوئی تاخیر واقع ہوتی ہے تو اسکی وجہ کوائف میں کمی یا ابہام واقع ہونا ہے جن کی تصدیق کیلئے ادارہ ریکارڈ کی چھان بین کرتا ہے اسے محکمانہ کمزوری یا دانستہ تاخیر کا نام دینا کسی صورت مناسب نہیں جن شہریوں کے کوائف ریکارڈ کے مطابق درست پائے جاتے ہیں انہیں کبھی کسی طرح کی تاخیر کا سامنا کرنا نہیں پڑا اور مقررہ ایام میں انہیں پاسپورٹ فراہم کردیئے جاتے ہیں۔

ڈسٹرکٹ جیل کے قیدیوں اور حوالاتیوں کو تمام تر بنیادی سہولیات یکسر فراہم کی جارہی ہیں

ڈاکٹر و عملہ موجود ہونے سمیت ادویات بھی وافر میسر ہیں تاکہ بیمار قیدیوں و حوالاتیوں کو علاج معالجہ میں کسی طرح کی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے: سپرنٹنڈنٹ میاں عمیر اکرام

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ کے سپرنٹنڈنٹ میاں عمیر اکرام نے کہا کہ آئی جی جیل خانہ جات کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ جیل کے قیدیوں اور حوالاتیوں کو تمام تر بنیادی سہولیات یکسر فراہم کی جارہی ہیں ان کی صحت کے تحفظ اور علاج معالجہ کیلئے جیل ہسپتال فعال ہے اور ڈاکٹر و عملہ موجود ہونے سمیت ادویات بھی وافر میسر ہیں تاکہ بیمار قیدیوں و حوالاتیوں کو علاج معالجہ میں کسی طرح کی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے جبکہ حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق کھانا کی فراہمی اور پینے کے صاف پانی کا بھی وسیع انتظام کیا گیا ہے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سپرنٹنڈنٹ جیل میاں عمیر اکرام نے کہا کہ جس اسیر کا کوئی وارث نہیں اس کا محکمہ جیل خانہ جات وارث ہے جس کے تحت لاوارث اسیران کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں اسیران کی اصلاح یقینی بنانا ہماری اولین ذمہ داری ہے تاکہ وہ معاشرے کے مفید شہری بن سکیں اور سزا کاٹنے کے بعد معاشرے میں اپنا مثبت و تعمیری کردار ادا کرسکیں جس کی خاطر اسیران کی تعلیم و تربیت پر بھرپور توجہ دے رہے ہیں اور دینی و دنیاوی علوم کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے، جیل کے انتظام و انصرام کو مثالی بنایا گیا ہے اور حوالاتیوں و لواحقین کی شکایات کا مکمل ازالہ ہنگامی بنیادوں پر ممکن بنایا گیا ہے۔

نقب زن گینگ کے 2 ارکان گرفتار 13 لاکھ کا مالِ مسروقہ برآمد

پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کردیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) تھانہ کوتوالی پولیس جھنگ کی شاندار کارروائی نقب زن گینگ کے 2 ارکان گرفتار 13 لاکھ کا مالِ مسروقہ برآمد کرلیا گیا تفصیلات کے مطابق ڈی پی او جھنگ ساجد حسین کی خصوصی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں تھانہ کوتوالی پولیس نے بڑی کامیابی حاصل کرلی ہے ایس ایچ او شاہد امیر لدھیانہ کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے نقب زن گینگ کے دو سرگرم ارکان کو گرفتار کرلیا ہے پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 13 لاکھ روپے مالیت کا مالِ مسروقہ برآمد کرلیا گیا ہے جسے قانونی کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کر دیا گیا ہے پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش کا آغاز کردیا ہے تاکہ شہر میں ہونے والی دیگر وارداتوں کا سراغ بھی لگایا جاسکے ڈی پی او ساجد حسین نے نقب زن گینگ کی گرفتاری اور مال کی برآمدگی پر ایس ایچ او شاہد امیر لدھیانہ اور ان کی ٹیم کو بہترین کارکردگی پر شاباش دی ہے انہوں نے تاکید کی ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ایسی کارروائیاں مزید تیز کی جائیں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت ترین ایکشن لیا جائے

موٹروے ایم-2 کلرکہار کے قریب لاہور سے اسلام آباد جانے والی ڈائیوو بس کو حادثہ

ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر صورتحال کا جائزہ لیا تو معلوم ہوا کہ ڈائیوو بس بریک فیل ہوگئی تھی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) کلرکہار: موٹروے ایم-2 کلرکہار کے قریب لاہور سے اسلام آباد جانے والی ڈائیوو بس کو حادثہ، چار افراد زخمی، ریسکیو 1122 کا بروقت رسپانس۔ تفصیلات کے مطابق ریسکیو 1122 چکوال کے کمانڈ اینڈ کنٹرول روم کو موٹروے ایم-2 پر کلرکہار ریسٹ ایریا کے قریب ایک ٹریفک حادثے کی اطلاع موصول ہوئی۔ کالر نے بتایا کہ لاہور سے اسلام آباد جانے والی ڈائیوو بس حادثے کا شکار ہو گئی ہے جس کے نتیجے میں چار افراد زخمی ہوئے ہیں اور فوری امداد کی ضرورت ہے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 چکوال کے کمانڈ اینڈ کنٹرول روم نے کلرکہار سے دو ریسکیو ایمبولینسز کو فوری طور پر جائے حادثہ کی جانب روانہ کیا۔ ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر صورتحال کا جائزہ لیا تو معلوم ہوا کہ ڈائیوو بس بریک فیل ہونے کے باعث موٹروے کے ڈیوائیڈر سے ٹکرا گئی تھی۔ حادثے کے نتیجے میں چار افراد زخمی ہوئے جن میں سے دو افراد کو معمولی چوٹیں آئیں جبکہ ایک زخمی کے سر پر گہرا زخم تھا۔ بس کا ڈرائیور گاڑی کے اندر پھنس گیا تھا جسے ایف ڈبلیو او (FWO) کی ریکوری وہیکل جو وہاں قریب میں موجود تھی کی مدد سے بحفاظت نکال لیا گیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے تمام زخمیوں کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی، جبکہ دو زخمیوں کو مزید علاج معالجے کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کلرکہار منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے بروقت رسپانس اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے امدادی کارروائیاں مکمل کیں، جس سے زخمیوں کو فوری طبی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی گئی۔

مختلف مقامات سے 5 شہریوں کی موٹرسائیکلیں چوری ہوگئیں

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) مختلف مقامات سے 5 شہریوں کی موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں، چوروں نے بازار سے سودا سلف خریدنے کیلئے جانے والے وڈانہ لکھیکے اور شاہ نواز چوک کے رہائشیوں فاروق، شبیر، عثمان کی بس سٹاپ پر کھڑی موٹر سائیکلیں چوری کرلیں، علاوہ ازیں غربی بستی اور محلہ باغیچی کے رہائشی مبشر اور شہباز اپنے گھروں کے باہر موٹر سائیکلیں کھڑی کرکے اندر گئے، پیچھے سے چور ان کی موٹر سائیکلیں لے گئے، پولیس نے مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔

ٹرالی کی زد میں آکر 14 سالہ لڑکا جاں بحق

ڈسکہ (احسان بٹ/محمد عباس بٹ) ٹرالی کی زد میں آکر 14 سالہ لڑکا جاں بحق۔ عمیر علی کا بھانجا مزمل، اسد اور ہمشیرہ کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سوار جارہے تھے کہ نواحی موضع کوٹ گھمن کے قریب ٹریکٹر ٹرالی کے اچانک کٹ مارنے کے باعث موٹر سائیکل پر سوار 14 سالہ مزمل نیچے گر گیا اور ٹرالی کے نیچے کچلا گیا جس کے باعث وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا ریسکیورز نے ضروری کارروائی کے بعد نعش کو سول ہسپتال ڈسکہ منتقل کر دی۔ صدر پولیس نے مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے

تین مختلف وارداتوں میں شہری لاکھوں کے طلائی زیورات، نقدی، قیمتی گھڑیاں اور موٹر سائیکل سے محروم

ڈسکہ (احسان بٹ/محمد عباس بٹ) تین مختلف وارداتوں میں شہری لاکھوں کے طلائی زیورات، نقدی، قیمتی گھڑیاں اور موٹر سائیکل سے محروم۔ سٹی ہاؤسنگ میں عبدالجبار گوندل بطور مینیجر کام کرتا ہے فیکٹری مالک امجد جاوید فیملی کے ہمراہ اسلام آباد گئے ہوئے تھے واپس آئے تو ان کی رہائش گاہ کی الماری کے دراز سے نامعلوم چور دوعدد مردانہ قیمتی گھڑیاں اور 20 تولے طلائی زیورات چوری کر کے لے گئے۔ ملیکے میں دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر غلام عباس سے نقدی 35 ہزار روپے اور موبائل فون چھین لیا جبکہ بھگت پور میں ناصر محمود کی گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری۔ پولیس نے مقدمات درج کرلئے

ساہیوال پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری

چوری کی وارداتوں میں ملوث شان عرف شانی گینگ کے 2 ارکان شان عرف شانی اور احمد علی گرفتار

برآمد شدہ مال مسروقہ قانونی کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کردیا گیا۔

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کے احکامات کی روشنی میں ساہیوال پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ایس ایچ او تھانہ شاہکوٹ انسپکٹر نوریز عباس کی زیر قیادت پولیس ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے گھروں میں چوری کی وارداتوں میں ملوث شان عرف شانی گینگ کے دو ارکان شان عرف شانی اور احمد علی کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضہ سے 12 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مالِ مسروقہ برآمد کرلیا، جس میں نقدی، طلائی زیورات، کپڑے اور بستر شامل ہیں۔

قبرستان عیسائیاں والہ کے قریب ایک نامعلوم شخص کی نعش برآمد

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) کسوکی روڈ پر قبرستان عیسائیاں والہ کے قریب ایک نامعلوم شخص کی نعش پڑی ملی ہے جسے پولیس نے قبضہ میں لیکر تفتیش شروع کردی۔ چہرے سے مذکورہ شخص کوئی نشئی معلوم ہوتا ہے۔ تاحال مذکورہ شخص کی شناخت نہ ہوسکی ہے۔

جامکے چیمہ پٹرولنگ پولیس کا ایکشن، ڈکیتی کی واردات ناکام

ڈاکو اسلحہ سمیت گرفتار، دو فرار پٹرولنگ پولیس کی کارروائی پر شہریوں کا اظہار اطمینان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) شہریوں سے لوٹ مار کرنیوالا گروہ پکڑا گیا ایک ڈاکو قاسم

گرفتار، 30 بور پسٹل برآمد دو ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار، گرفتار ملزم تفتیش کیلئے تھانہ موترہ کے حوالے سیالکوٹ میں پٹرولنگ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی واردات ناکام بنا دی۔ پٹرولنگ پوسٹ جامکے چیمہ کے انچارج اے ایس آئی افضل اقبال کی ٹیم معمول کے گشت پر فضل آباد پہنچی تو چار شہریوں نے اطلاع دی کہ ہنڈا 125 موٹر سائیکل پر سوار تین مسلح ملزمان نقدی اور موبائل فون چھین کر ڈسکہ کی طرف فرار ہوئے ہیں۔ پٹرولنگ ٹیم نے فوری تعاقب شروع کیا اور ایک ملزم قاسم ولد محمد بشیر سکنہ جناح چوک شہاب پورہ کو گرفتار کرلیا۔ ملزم کی تلاشی پر لوڈ شدہ 30 بور پسٹل برآمد ہوا۔ دیگر دو ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار ہوگئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

راولپنڈی میں مسیحی نوجوان پر ڈولفن فورس کی فائرنگ کے واقعے کی مذمت

متاثرہ مسیحی نوجوان نہ تو کسی ایف آئی آر میں ملوث تھا اور نہ ہی اس کا کوئی کرمنل ریکارڈ موجود ہے

ڈسکہ (احسان بٹ/محمد عباس بٹ) راولپنڈی میں مسیحی نوجوان پر ڈولفن فورس کی فائرنگ کے واقعے کی صادر ایم گل ایڈووکیٹ ہائی کورٹ ممبر ہیومن رائٹس کمیٹی برائے اقلیت پنجاب کی جانب سے پرزور مذمت کی جاتی ہے ہم وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ سے اور اعلیٰ احکام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے اس افسوس ناک واقع کا فوری نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہیں اور شفاف تحقیقات کروا کر مسیحی قوم کو انصاف فراہم کیا جائے متاثرہ مسیحی نوجوان نہ تو کسی ایف آئی آر میں ملوث تھا اور نہ ہی اس کا کوئی کرمنل ریکارڈ موجود ہے، پھر اس پر فائرنگ کیوں کی گئی؟ یہ ایک انتہائی تشویشناک اور قابل مذمت عمل ہے۔ صادر ایم گل ایڈووکیٹ ہائی کورٹ ممبر ہیومن رائٹس کمیٹی برائے اقلیت پنجاب مطالبہ کرتا ہوں کہ ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف فوری طور پر قانونی کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کا سدباب ممکن ہو سکے اور اقلیتوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے

عوام کے جان و مال کا تحفظ اور جرائم کا خاتمہ اولین ترجیح ہے: آر پی او ساہیوال

محکمہ پولیس کی ساکھ بہتر بنانے کے لیے ہر اہلکار کو اپنی ذمہ داری ایمانداری سے نبھانی ہو گی

جرائم کے خلاف نمایاں کارکردگی دکھانے والے افسران و جوانوں میں تعریفی اسناد اور نقد انعامات بھی تقسیم کیے گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ریجنل پولیس آفیسر ساہیوال محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ، جرائم کے خاتمے اور شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی کے لیے پولیس افسران و جوان مزید محنت اور جذبے سے فرائض انجام دیں۔ انہوں نے یہ بات اوکاڑہ پولیس کے افسران و جوانوں کے اجلاس عام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس کا مقصد فورس کے مورال کو بلند کرنا، اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کرنا اور ان کے مسائل فوری حل کرنا تھا۔ آر پی او ساہیوال نے پولیس اہلکاروں کے مسائل ذاتی طور پر سنے اور ان کے فوری ازالے کے لیے متعلقہ احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر جرائم کے خلاف نمایاں کارکردگی دکھانے والے افسران و جوانوں میں تعریفی اسناد اور نقد انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔ محمد ایاز سلیم نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں کو شاباش دی اور فورس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس کی ساکھ بہتر بنانے کے لیے ہر اہلکار کو اپنی ذمہ داری ایمانداری سے نبھانی ہوگی۔ اجلاس کے اختتام پر پولیس افسران و جوانوں کے اعزاز میں خصوصی عشائیے کا اہتمام بھی کیا گیا۔

مدرسہ کے کمرے میں شارٹ سرکٹ کے باعث آگ بھڑک اٹھی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے ساگر روڈ پر واقع مدرسہ کے کمرے میں شارٹ سرکٹ کے باعث آگ بھڑک اٹھی، ریسکیو کے عملہ نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پالیا اور ملحقہ عمارتوں کو آگ کی زد میں آنے سے بچالیا۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ رات ساگر روڈ پر ایک دینی مدرسہ کے گراؤنڈ فلور کے کمرہ میں اچانک شارٹ سرکٹ کے باعث آگ بھڑک اٹھی جس سے وہاں پر موجود قیمتی فرنیچر جل گیا۔ اسی اثناء میں اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی فائر ٹیم نے موقع پر پہنچ کر پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائر فائٹنگ آپریشن کرکے آگ پر قابو پالیا اور دیگر عمارات کو آگ کی لپیٹ میں آنے سے بچالیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق واقعہ میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

مئی کے دوران سنگین جرائم میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ضلع اوکاڑہ میں ماہ مئی کے دوران سنگین جرائم میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے اور امن و امان کی صورتحال میں واضح بہتری آئی ہے۔ ترجمان اوکاڑہ پولیس کے مطابق پولیس نے ماہ مئی میں وارداتوں میں ملوث 9 گینگز کا خاتمہ کیا۔ ان گینگز کے 25 ارکان گرفتار کیے گئے اور ان سے ایک کروڑ 47 لاکھ روپے مالیت کا مسروقہ مال برآمد کیا گیا۔ ملزمان کے قبضے سے 53 پسٹل، 5 بندوق، 3 کلاشنکوف، 2 کاربین، 1 ریوالور اور 144 گولیاں بھی برآمد ہوئیں۔ منشیات کے خلاف کارروائیوں میں 104 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ان سے 33 کلو چرس، 1100 گرام آئس اور 1100 گرام افیون برآمد کی گئی۔ اس کے علاوہ 1840 لیٹر شراب، 230 لیٹر لہن اور 6 چالو بھٹیاں بھی ضبط کی گئیں۔ اشتہاری و عادی مجرمان کے خلاف بھی مؤثر کارروائیاں کی گئیں۔ پولیس نے 511 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا جن میں سنگین جرائم میں ملوث اے کیٹیگری کے 76 اور بی کیٹیگری کے 435 مجرمان شامل ہیں۔ 32 عدالتی مفروران اور 59 ٹارگیٹڈ آفینڈرز بھی گرفتار کیے گئے۔ شہر میں ایس او ایس ناکے، سرچ و کومبنگ آپریشنز اور کرائم پاکٹس پر مؤثر گشت کو یقینی بنایا گیا۔ ڈی پی او اوکاڑہ کا کہنا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔

پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری

مختلف کارروائیوں کے دوران تین منشیات فروش رنگے ہاتھوں گرفتار کرکے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی گئی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈی پی او ارسلان زاہد کی ہدایت پر ضلعی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کاروائیاں جاری۔ مختلف کارروائیوں کے دوران تین منشیات فروش رنگے ہاتھوں گرفتار کرکے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی گئی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر سانگلہ ہل پولیس نے دوران کارروائی دو منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے ملزمان سے 4 کلو سے زائد منشیات برآمد کی جنہیں بشارت عرف بلو سے 2 کلو سے زائد منشیات 2020 گرام جبکہ ملزم نوید سے 2060 گرام منشیات برآمد کی گئی۔ دوسری جانب تھانہ بڑا گھر کی چوکی بھیکی پولیس نے ملزم محمد عامر کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرکے اڑھائی کلو منشیات برآمد کرلی۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرکے مزید کارروائی کا عمل جاری ہے۔ ڈی پی او ارسلان زاہد کا کہنا ہے کہ نوجوان نسل کی رگوں میں نشے کا زہر گھولنے والے ناقابل معافی ہیں۔ وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن منشیات فری پنجاب کے تحت بھرپور کاروائیاں دن رات جاری ہیں۔

خواتین پر تشدد، ہراسمنٹ کی روک تھام کیلئے عملی اقدامات جاری

چنیوٹ پولیس کے زیر اہتمام خواتین میں احساس تحفظ اجاگر کرنے کیلئے گورنمنٹ اسلامیہ کالج میں آگاہی سیمینار کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق خواتین پر تشدد، ہراسمنٹ کی روک تھام کیلئے عملی اقدامات جاری چنیوٹ پولیس کے زیر اہتمام خواتین میں احساس تحفظ اجاگر کرنے کیلئے گورنمنٹ اسلامیہ کالج میں آگاہی سیمینار کا انعقاد انچارج اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل سب انسپکٹر شمائلہ نے Never Again سلوگن کے حوالے سے طالبات کو آگاہی دی سیمینار کے دوران خواتین کے حقوق اور حفاظت کیلئے پولیس سروسز سے مکمل آگاہی دی گئی خواتین میں احساس تحفظ اجاگر کرنے کیلئے ویمن سیفٹی ایپ ※ اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل و دیگر سروسز سے آگاہ کیا گیا طالبات کو ہراسمنٹ کی اقسام ※ سائبر ہراسمنٹ ※ ہراسگی کی صورت میں کارروائی کیلئے دستیاب فورمز کے حوالے سے آگاہی دی گئی خواتین پر گھریلو تشدد، ہراسمنٹ اور بدسلوکی کے واقعات کی روک تھام کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں، ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے کہا کہ تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے خواتین کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا خواتین کسی قسم کی ہراسمنٹ کی صورت میں بلاخوف اینٹی ویمن ہراسمنٹ سیل یا پولیس اسٹیشن سے رجوع کرسکتی ہیں

تھانہ سٹی جھنگ کے علاقہ جات میں قائم سنوکر کلب نوجوان نسل کی تباہی کا سبب بننے لگے

اونچی آواز میں گانے بجانے اور روزمرہ کے لڑائی جھگڑوں سے اہل علاقہ شدید ذہنی اذیت کا شکار ہوگئے

جھنگ (بیورو رپورٹ) تھانہ سٹی جھنگ کے علاقہ جات میں قائم سنوکر کلب نوجوان نسل کی تباہی کا سبب بننے لگے سنوکر کلبوں کی آڑ میں منشیات فروخت ہونے کا انکشاف اونچی آواز میں گانے بجانے اور روزمرہ کے لڑائی جھگڑوں سے اہل علاقہ شدید ذہنی اذیت کا شکار ہوگئے ذرائع کے مطابق تھانہ سٹی کے گنجان آباد علاقوں بالخصوص بستی عبداللہ پور میں قائم سنوکر کلب اس وقت جرائم کے اڈوں میں تبدیل ہو چکے ہیں رات گئے تک کھلنے والے ان کلبوں پر نہ صرف اوباش لڑکوں کا رش لگا رہتا ہے بلکہ وہاں سرعام ہر قسم کا مبینہ طور پر نشہ فروخت اور استعمال کیا جارہا ہے جس سے مقامی مائیں اپنے بچوں کے مستقبل کے حوالے سے شدید تشویش میں مبتلا ہیں مقامی رہائشیوں نے بتایا کہ وہ اس صورتحال کے خلاف تھانہ سٹی پولیس کو متعدد بار تحریری درخواستیں دے چکے ہیں مگر افسوسناک بات یہ ہے کہ تاحال پولیس کی جانب سے کوئی ٹھوس کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی جس سے جرائم پیشہ عناصر کے حوصلے مزید بلند ہو رہے ہیں اہل علاقہ نے ڈی پی او جھنگ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ بستی عبداللہ پور اور سٹی کے دیگر علاقوں میں قائم سنوکر کلبوں کے خلاف فوری اور سخت ترین کریک ڈاؤن کا حکم دیں تاکہ نوجوانوں کو تباہی سے بچایا جاسکے اور شہریوں کو اس عذاب سے نجات مل سکے

"قوت" کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت لاہور

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ جات 1

فوجی تنصیبات کو نشانہ بنانے کا اعلان کرتے ہوئے جوابی حملوں کا دعویٰ کیا ہے۔ ایرانی پاسداران انقلاب کی جانب سے امریکی اہداف پر میزائل اور ڈرون حملوں کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ جزیرہ قشم میں کمیونیکیشن ٹاور پر امریکا نے حملہ کیا جس کے جواب میں خطے میں موجود امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق پاسداران نے امریکی ففتھ فلیٹ ہیڈکوارٹر، ایئر بیس اور ہیلی کاپٹروں کو نشانہ بنایا، کارروائی امریکی حملوں کے جواب میں کی گئی، پاسداران نے آبنائے ہرمز کے قریب ایرانی آئل ٹینکر پر حملے کے بعد ایک جہاز کو میزائلوں سے نشانہ بنایا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق پاسداران انقلاب نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی سکیورٹی متاثر کرنے کی قیمت امریکا کو چکانا ہوگی۔ پاسداران انقلاب کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین محبی کہتے ہیں ایرانی فوج کسی بھی ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کیلئے پہلے سے زیادہ تیار ہے، دشمن کو جارحیت پر مختلف نوعیت کی فوجی کارروائیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ میدان جنگ اور ہتھیاروں کی اقسام بھی مختلف ہوں گی، جنگ بندی کے دوران ہماری عسکری صلاحیتوں میں اضافہ ہوا۔ خاتم الانبیا سینٹرل ہیڈکوارٹرز کے ڈپٹی انسپکٹر بریگیڈیئر جنرل جعفر اسدی کا کہنا ہے کہ امریکا مکمل سرینڈر کا مطالبہ کر رہا ہے لیکن ایرانی قوم کبھی نہیں جھکے گی، امریکا کے ساتھ دوبارہ جنگ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ابھی مکمل صلاحیتیں ظاہر نہیں کیں، جنگ میں نیٹو بھی شامل ہوتی ہے تو بھی ہمیں پریشانی نہیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کی جانب سے کہا گیا کہ ایران نے بیلسٹک میزائل ہمسایہ ممالک کی طرف داغے جو اہداف پر نہیں لگ سکے، کویت پر داغے گئے دو میزائل راستے میں گر گئے، بحرین پر داغے گئے تین میزائل امریکی اور بحرین فورسز نے مار گرائے۔ سینٹ کام کے مطابق ایران نے 3 ڈرون حملے بحری جہازوں پر کیے جنہیں ناکام بنا دیا گیا، بحرین میں ففتھ فلیٹ ہیڈکوارٹرز اور ایئر بیس کو نشانہ بنانے کا دعویٰ غلط ہے، امریکا نے قشم پر حملہ کر کے ایرانی فوجی تنصیب کو نشانہ بنایا، حملے ایران کی جانب سے میزائل اور ڈرون حملوں کے جواب میں کیے گئے۔ ادھر امریکی افواج نے بوٹسوانا کے پرچم بردار آئل ٹینکر کو ناکارہ بنا دیا، آئل ٹینکر ایرانی جزیرے خارگ کی جانب جا رہا تھا۔ واضح رہے کہ اس وقت دونوں ممالک کے درمیان صورتحال انتہائی کشیدہ ہے اور خطے میں امن وامان کے حوالے سے شدید تشویش پائی جاتی ہے۔

بقیہ جات 2

کہا گیا کہ پاسداران انقلاب کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق گزشتہ شب امریکی فوج نے آبنائے ہرمز کے قریب ایک ایرانی آئل ٹینکر کو فضائی حملے کا نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں جہاز کے انجن روم کو نقصان پہنچا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اس کارروائی کے جواب میں ایرانی بحریہ نے پانایا نامی ایک ایسے بحری جہاز پر میزائل داغے جو امریکی اور اسرائیلی مفادات سے وابستہ تھا۔ پاسداران انقلاب کے مطابق اس کے بعد امریکی فوج نے قشم جزیرے پر واقع ایک ایرانی مواصلاتی ٹاور کو بھی نشانہ بنایا۔ پاسداران انقلاب کا کہنا تھا کہ اس کے ردعمل میں ایرانی فضائیہ نے میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے خطے میں موجود ایک امریکی فضائی وہیلی کاپٹر اڈے اور امریکی پانچویں بحری بیڑے کے ہیڈکوارٹر کو نشانہ بنایا۔ ایرانی فوجی بیان میں کہا گیا ہے کہ ہم پہلے ہی خبردار کر چکے تھے کہ کسی بھی جارحیت کا جواب مختلف اور زیادہ سخت انداز میں دیا جائے گا اور ہم نے اپنے وعدے پر عمل کیا ہے۔ پاسداران انقلاب نے یہ بھی کہا ہے کہ حالیہ جوابی کارروائیاں امریکا کے لیے سبق ہونی چاہئیں اور خبردار کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کے امن واستحکام کو متاثر کرنے کی کسی بھی کوشش کی بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔

بقیہ جات 3

ں میں تیزی آگئی، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے فیلڈ مارشل عاصم منیر سے بھی رابطہ کیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے مختلف ممالک کے اعلیٰ حکام سے رابطے کر کے خطے کی تازہ صورت حال پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ عباس عراقچی نے پاکستان، فرانس، ترکیہ، قطر، مصر اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ سے ٹیلیفونک گفتگو کی ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق پاکستان کے ساتھ ہونے والی بات چیت میں فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی شریک تھے، جہاں عباس عراقچی نے خطے کی سیکیورٹی صورتِ حال اور حالیہ پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا۔ یہ سفارتی رابطے ایسے وقت میں ہوئے ہیں جب ایران نے کویت اور بحرین میں امریکی اہداف پر ڈرون اور میزائل حملوں کا دعویٰ کیا ہے۔ تہران کے مطابق یہ کارروائیاں امریکی جارحیت کے جواب میں کی گئی ہیں۔

بقیہ جات 4

پیش کیا ہے۔ دوسری جانب ایرانی پاسداران انقلاب کی فضائیہ نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے امریکی پانچویں بحری بیڑے کے ہیڈکوارٹر، ایک فضائی اڈے اور خطے میں موجود دیگر امریکی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق یہ کارروائی قشم جزیرے کے جنوب میں ایک مواصلاتی ٹاور پر امریکی حملے کے جواب میں کی گئی ہے۔ پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز کے قریب ایک ایرانی آئل ٹینکر پر مبینہ امریکی حملے کے بعد اس نے ایک ایسے بحری جہاز کو بھی نشانہ بنایا جسے ایران نے امریکی اور اسرائیلی مفادات سے منسلک قرار دیا۔ تاہم امریکی سینٹرل کمانڈ سینٹ کام نے ایرانی دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی پانچویں بحری بیڑے کے ہیڈکوارٹر کو کوئی نقصان نہیں پہنچا اور تمام خطرات کو بروقت ناکام بنا دیا گیا، امریکی حکام کے مطابق کسی امریکی تنصیب پر کامیاب حملہ نہیں ہوا۔

بقیہ جات 5

میں لانے کے لیے اقدامات کئے جا رہے ہیں، کاروبار دوست پالیسیوں کی بدولت ملکی معیشت مستحکم اور بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملک کے معروف صنعتکاروں اور ممتاز کاروباری شخصیات کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جس نے بدھ کو یہاں ان سے ملاقات کی۔ پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق یہ ملاقات ملک کی مجموعی معاشی ترقی کی رفتار تیز کرنے اور مالی سال 2026-27 کے بجٹ کے حوالے سے کاروباری برادری سے مشاورت کے تناظر میں تھی۔ وفد میں میاں محمد منشا، عارف حبیب، عاطف باجوہ، محمد علی تبہ، مصدق ذوالقرنین، زیاد بشیر، شہزاد سلیم، زیلاف منیر، عمر سعید، عمر منشا، یوسف سعید، کامران ارشد، خرم مختار، آصف پیر، سلطان گوہر اعجاز، فواد انور، ذوالفقار حیات، جاوید اقبال، یوسف حسین، عامر ابراہیم، خواجہ مسعود اختر اور اعجاز نبی شامل تھے۔ وزیراعظم نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ آپ پاکستان کے سفیر اور دنیا میں ہماری پہچان ہیں۔ انہوں نے مشکل معاشی حالات میں حکومت کا ساتھ دینے پر کاروباری برادری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اور نجی شعبے کی مضبوط شراکت داری معاشی ترقی کی ضمانت ہے، پاکستان کی معیشت کے حوالے سے پالیسی سازی میں کاروباری برادری سے مشاورت انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات پر مبنی ترقی کی راہ پر گامزن ہیں، یہی ہماری معاشی پالیسی کا محور ہے، غیر رسمی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے اقدامات کئے جا رہے ہیں، بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے اقدامات شامل کئے جا رہے ہیں، کاروبار دوست پالیسیوں کی بدولت ملکی معیشت مستحکم ہوئی اور بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایسی صنعتوں کے فروغ کے لئے کوشاں ہے جن سے ملکی پیداوار بڑھے، برآمدات میں اضافہ ہو، ملازمتوں کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا ہوں، صنعت، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں ترقی سے معیشت کو مزید استحکام ملے گا اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، نوجوانوں کیلئے تکنیکی وفنی تربیت کے پروگرام شروع کئے ہیں تاکہ ان کو روزگار ملنے میں آسانی ہو اور وہ قومی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرسکیں۔ وفد کو کاروبار، صنعت وتجارت کے فروغ کے حوالے سے حکومتی اقدامات پر بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ ٹیکس مقدمات جلد نمٹانے کیلئے ٹیکس ٹریبونلز میں اصلاحات کی گئی ہیں، ان ٹریبونلز میں انتہائی شفاف طریقہ کار کے ذریعے بھرتیاں کی گئی ہیں سپیشل کمرشل کورٹس کے قیام کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، کراچی کی بندرگاہوں سے اندرون ملک رسائی بہتر بنانے کے لئے موٹروے ایم 10 - کی اپ گریڈیشن اور پیپری فریٹ کوریڈور پر کام جاری ہے، موٹر وے ایم 13 (کھاریاں-راولپنڈی) کی تعمیر سے لاہور اور اسلام آباد کے درمیان فاصلہ کم ہوجائے گا، پاکستان ریلوے کی ایم۔ایل ون اور ایم ایل۔ٹو کی اپ گریڈیشن سے ریلوے کا انفرااسٹرکچر بہتر ہوگا جس سے تجارتی سامان کی ترسیل بہتر ہوگی۔ بریفنگ کے مطابق نیشنل اے آئی ٹرانسفارمیشن پلان تشکیل دیا جا رہا ہے، شوگر اور سیمنٹ سیکٹر کی پیداوار کے حوالے سے ان صنعتوں میں وڈیو اینالیٹکس کی تنصیب سے ریونیو کی مد میں بہتری آئی۔ وفد نے خطے میں امن کی بحالی کے لئے پاکستان کی سفارتی کوششوں پر وزیراعظم اور ان کی ٹیم کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ کاروباری رہنماؤں نے وزیراعظم کی قیادت میں معاشی بحالی کے سفر اور بہتر مالیاتی انتظام پر اعتماد کا اظہار کیا۔ وفد نے ملکی معیشت کو درست سمت میں گامزن کرنے اور کاروبار وسرمایہ کاری کیلئے موزوں ماحول فراہم کرنے پر وزیراعظم اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔ وفد کے ارکان نے ڈیجیٹل ادائیگیوں اور دستاویزی معیشت کے فروغ کے حکومتی وژن کو سراہتے ہوئے ٹیکس اصلاحات اور کاروباری آسانیوں کے فروغ کے اقدامات کا خیر مقدم کیا۔ کاروباری رہنماؤں نے صنعتوں کیلئے بجلی کے نرخوں میں کمی لانے، ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ لیوی کے خاتمے اور ٹیکس ریفنڈ کی بروقت ادائیگیوں پر وزیراعظم سے اظہار تشکر کیا اور آئندہ بجٹ کی تیاری میں کاروباری برادری کو اعتماد میں لینے کے اقدام کو سراہا۔ انہوں نے وزیراعظم کو قومی معیشت کی مضبوطی اور بجٹ کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کیں۔ کاروباری برادری نے معاشی بحالی اور ترقی کے لیے حکومت کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ وفد کے شرکا نے صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے حکومتی عزم کو سراہا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین، وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک، وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد لغاری، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی برائے صنعت وپیداوار ہارون اختر خان، اٹارنی جنرل منصور اعوان، گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد اور متعلقہ اعلی سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ جات 6

کے مطابق برطانوی وزارتِ دفاع نے تصدیق کی کہ تباہ ہونے والا ہیلی کاپٹر رائل نیوی کا تھا۔ برطانوی پولیس کا کہنا تھا کہ حادثے کے بعد ہنگامی امدادی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ واقعے کی مزید تفصیلات اور حادثے کی وجوہات سے متعلق تحقیقات جاری

بقیہ جات 7

مطابق گورنر سینٹ پیٹرز برگ نے بتایا کہ یوکرینی ڈرون حملے میں بنیادی انفرااسٹرکچر کی متعدد تنصیبات کو نقصان پہنچا ہے تاہم حملے میں کسی کے زخمی ہونے کی اطلاعات نہیں ہیں۔ دوسری جانب یوکرینی صدر نے دعویٰ کیا ہے کہ یوکرینی فوج نے سینٹ پیٹرز برگ کے آئل ٹرمینل اور روس کے تیموف ریجن میں واقع اسلحہ فیکٹری کو بھی نشانہ بنایا ہے۔ ادھر یوکرین کے دارالحکومت کیف سمیت متعدد بڑے شہروں پر روس کے میزائل اور ڈرون حملوں میں ہلاک افراد کی تعداد 22 ہوگئی جبکہ 100 سے زائد افراد زخمی ہیں۔

بقیہ جات 8

نے کہا کہ نیتن یاہو کی لبنان کے ساتھ مسلسل لڑائی سے پریشان تھا۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایران میں اس وقت ہمیں زمینی فوج بھیجنے کی ضرورت نہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ ایران نے اتفاق کیا ہے کہ ان کے پاس جوہری ہتھیار نہیں ہوں گے، آیت اللہ امریکا کے ساتھ مذاکرات میں شامل ہیں، شاید کسی موقع پر ایرانی آیت اللہ سے ملاقات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے یہاں مہنگائی بہت زیادہ نہیں ہے، ایران کا تنازع ختم ہوگا تو فیول کی قیمتیں کم ہوں گی، مستقبل قریب میں فیول کی قیمتوں میں کمی آئے

بقیہ جات 9

ت میں قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے رائٹ سائزنگ، مالی نظم وضبط اور ادارہ جاتی جدت پر مشتمل ایک جامع اصلاحاتی پروگرام کامیابی سے نافذ کیا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد کارکردگی بہتر بنانا، شفافیت بڑھانا اور عوامی وسائل کا موثر استعمال یقینی بنانا ہے، ان کفایت شعاری اقدامات کے نتیجے میں سیکرٹریٹ موجودہ مالی سال میں تقریباً 4.5 ارب روپے کی بچت حاصل کرنے کی طرف بڑھ رہا ہے، جو مجموعی بجٹ کا 27.3 فیصد بنتا ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق مالی سال 2025-26 کے لیے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کا مجموعی بجٹ 16.3 ارب روپے تھا۔ اس میں 9.4 ارب روپے ملازمین سے متعلق اخراجات شامل ہیں، جن میں تنخواہیں، الاؤنسز اور قومی اسمبلی کے ارکان و سیکرٹریٹ افسران کی ادائیگیاں شامل ہیں، جبکہ 6.9 ارب روپے غیر ملازمت اخراجات ہیں، جن میں آپریشنل اخراجات، یوٹیلیٹیز، دیکھ بھال، خریداری، ٹرانسپورٹ اور دیگر انتظامی اخراجات شامل ہیں۔ مختلف کفایت شعاری اور کارکردگی بہتر بنانے والے اقدامات کے ذریعے سیکرٹریٹ نے ملازمین سے متعلق اخراجات میں تقریباً 2.0 ارب روپے اور غیر ملازمت اخراجات میں 2.5 ارب روپے کی بچت حاصل کی ہے۔ رائٹ سائزنگ اقدامات کے تحت قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی منظور شدہ اسامیوں کی تعداد 1,725 سے کم کر کے 1,344 کی جا رہی ہے۔ اس طرح مجموعی طور پر 381 اسامیوں میں کمی کی جا رہی ہے جن میں سے 301 اسامیاں پہلے ہی ختم کی جا چکی ہیں جبکہ باقی 80 اسامیاں مالی سال 2026-27 کے دوران ختم کی جائیں گی، یہ اصلاحات سپیکر سردار ایاز صادق کے اس عزم کی عکاسی کرتی ہیں کہ ادارے کو زیادہ موثر، کارکردگی پر مبنی اور کم خرچ بنایا جائے تاکہ قومی خزانے پر بوجھ کم ہو۔ تاہم یہ واضح کیا جاتا ہے کہ اس عمل میں کسی بھی ملازم کو نہ برطرف کیا گیا ہے اور نہ ہی کسی کو مجبوراً استعفیٰ دینا پڑا، جو بہتر اور جدید انسانی وسائل کے انتظام کی مثال ہے۔ غیر ملازمت اخراجات میں نمایاں بچت سخت مالی نگرانی، کفایتی خریداری، توانائی کے موثر استعمال، آپریشنل اخراجات پر سخت کنٹرول اور جدید انتظامی نظام کے باعث ممکن ہوئی ہے۔ سپیکر کے وژن کے مطابق پیپر لیس پارلیمنٹ کے نفاذ نے ان بچتوں میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ پارلیمانی امور کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے ایجنڈا، بلز، رپورٹس، پارلیمانی دستاویزات اور کمیٹی ریکارڈز کی الیکٹرانک ترسیل شروع کی گئی ہے جس سے کاغذ کے استعمال، پرنٹنگ اخراجات، ریکارڈ مینجمنٹ اور انتظامی تاخیر میں واضح کمی آئی ہے۔ اس ڈیجیٹل نظام نے نہ صرف کارکردگی بہتر بنائی ہے بلکہ ماحولیاتی تحفظ میں بھی مدد دی ہے۔ جدید کاری کے ایجنڈے کے تحت قومی اسمبلی کے جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل ٹولز کے انضمام کے ذریعے ملک کی پہلی مصنوعی ذہانت (اے آئی) سے منسلک پارلیمنٹ بنا دیا گیا ہے جس کا مقصد قانون سازی کی تحقیق، دستاویزات کے انتظام، معلومات تک رسائی اور انتظامی کارکردگی کو بہتر بنانا ہے۔ یہ اقدامات پارلیمانی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے، ادارہ جاتی صلاحیت بڑھانے اور اراکین ومتعلقہ فریقین کے لیے خدمات بہتر بنانے میں مدد دے رہے ہیں۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے سرکاری ٹرانسپورٹ اور سفری اخراجات میں بھی سخت کفایت شعاری اقدامات کیے ہیں۔ سرکاری گاڑیوں کے بیڑے کے بہتر انتظام، گاڑیوں کے موثر استعمال، ایندھن کے استعمال میں کمی اور دیکھ بھال کے اخراجات پر سخت کنٹرول کے ذریعے نمایاں بچت حاصل ہوئی ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مالی نظم وضبط، شفافیت، ڈیجیٹل تبدیلی، ادارہ جاتی جدید کاری اور ذمہ دار حکمرانی قومی اسمبلی کی اولین ترجیحات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان اصلاحات کے ذریعے حاصل ہونے والی بچت اس بات کا ثبوت ہے کہ پارلیمنٹ عوامی وسائل کے موثر استعمال اور دیگر اداروں کے لیے مثال قائم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ اصلاحات کا یہ سلسلہ جاری رکھے گا تاکہ کارکردگی میں مزید بہتری، جوابدہی کا فروغ، جدت کا تسلسل اور قومی وسائل کا بہترین استعمال یقینی بنایا جا

بقیہ جات 10

کہا کہ سوشل میڈیا پر دفاعی سسٹم کی ویڈیو نشر کرنے پر کارروائی کی۔ وزارت داخلہ کے حکام کا کہنا تھا کہ ملزم ڈرائیونگ کے دوران ویڈیو بناتے ہوئے حادثے کا شکار ہوا، دفاعی کارروائیوں کی ویڈیوز قومی سلامتی کے لیے خطرہ ہیں۔ وزارت داخلہ نے فوجی تنصیبات کی تصاویر اور ویڈیوز شیئر نہ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سیکیورٹی ہدایات کی خلاف ورزی پر سخت قانونی کارروائی کا انتباہ جاری کر دیا۔ حکام کا کہنا تھا کہ غیر معمولی علاقائی حالات میں قوانین پر سختی سے عملدرآمد ہوگا، شہری اور غیر ملکی رہائشی حکومتی ہدایات پر عمل کریں، قومی سلامتی متاثر کرنے والے مواد پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے۔

بقیہ جات 11

ہوئے کہا کہ غیر قانونی امیگریشن اور غیر ملکی فراڈ سے امریکی ٹیکس دہندگان کے اربوں ڈالر سالانہ چوری کرتے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ٹرمپ کا کہنا تھا کہ انتظامیہ نے فراڈ اور غیر قانونی امیگریشن روکنے کے لیے نئے ایگزیکٹو آرڈر پر دستخط کیے ہیں جس پر محکمہ خزانہ کے تحت عمل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کے تحت بینکوں، کریڈٹ کارڈز اور اقتصادی اداروں کو انسانی اسمگلنگ، منشیات کی اسمگلنگ، غیر قانونی امیگریشن اور کرمنل کارٹیلز کے ہاتھوں استعمال سے روکا جاسکے گا۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ صرف قانونی حیثیت میں امریکا میں رہائش پذیر افراد اور ایسے لوگوں کو جو کہ قانونی طور پر کاروبار کرتے ہیں، انہیں امریکا کے اقتصادی نظام تک رسائی ہونی چاہیے۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ایسے بینک اکاؤنٹ جو کہ غیر قانونی امیگریشن میں معاونت کرتے ہوں، یا ان میں غیر قانونی امیگرینٹس کے ویلفیئر کی رقم رکھی جاتی ہو، انہیں بند کردیا جائے گا اور یہ رقم امریکی ٹیکس دہندگان کو واپس کی جائے گی۔ صدر ٹرمپ نے کہا یہ انتہائی خطرناک ہے کہ کوئی غیر قانونی امیگرینٹ ڈیموکریٹک ریاستوں کا ڈرائیور لائسنس دکھائے یا بائیڈن دور میں جاری سرحدی دستاویز دکھائے اور اسے امریکا کے اقتصادی نظام تک غیر محدود رسائی دیدی جائے۔ ٹرمپ کا مزید کہنا تھا کہ انکا یہ اقدام آئس مخالف مظاہرین کو بھی واضح پیغام ہے کہ انکا اقدامات سے ٹرمپ انتظامیہ کا عزم مزید مضبوط ہو رہا ہے، یہ ایگزیکٹو آرڈر مجرمانہ سرگرمیوں کیلئے اربوں ڈالر امریکا سے جانے سے بھی روکیگا۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ یہ حکمنامہ بائیڈن دور کے سرحدی اقدامات کو پلٹنے کیلئے انتہائی موثر ثابت

بقیہ جات 12

نگ ژائی ڈونگ نے وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر سید توقیر شاہ، وزیراعظم کے معاون خصوصی سید طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ سفیر آمنہ بلوچ بھی شریک تھیں۔ وزیراعظم نے عوامی جمہوریہ چین کے صدر عزت مآب شی جن پنگ اور وزیراعظم لی چیانگ کے لیے اپنی نیک تمناؤں اور پرتپاک جذبات کا اظہار کیا اور اپنے حالیہ دورہ چین کے دوران چینی قیادت کے ساتھ ہونے والی انتہائی مفید، بامقصد اور نتیجہ خیز ملاقاتوں کا ذکر کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان اور چین کے درمیان "ہر موسم کی اسٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری" کو مزید مستحکم بنانے کے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ دورہ چین کے دوران طے پانے والے اہم فیصلوں اور مفاہمتوں پر عملدرآمد کے لیے فوری اور موثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے بالخصوص چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے دوسرے مرحلے، "سی پیک 2.0" کے تحت خصوصاً زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، صنعتی ترقی، خصوصی اقتصادی زونز (SEZs) اور معدنیات وکان کنی کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعظم نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ان کے دورہ چین کے موقع پر ہانگژو میں منعقدہ بزنس ٹو بزنس (B2B) سرمایہ کاری کانفرنس کے دوران پاکستانی اور چینی کمپنیوں کے درمیان طے پانے والے مختلف مفاہمتی یادداشتوں (MoUs) پر بروقت اور موثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے تاکہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کے ثمرات جلد از جلد حاصل کیے جا سکیں۔ وزیراعظم نے دورہ چین کو ہر لحاظ سے کامیاب بنانے میں چینی سفیر کی گرانقدر خدمات اور کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اب دونوں ممالک کے متعلقہ اداروں اور حکام پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ دونوں قیادتوں کے طے کردہ فیصلوں کو عملی شکل دینے کے لیے باہمی تعاون کو مزید فروغ دیں۔ ملاقات کے دوران قراقرم ہائی وے (KKH) ری الائنمنٹ منصوبے پر پیش رفت کو تیز کرنے، سیکورٹی، انسداد دہشت گردی اور دفاعی تعاون کے فروغ، نیز پاکستان کے لیے اقتصادی اور مالی معاونت سے متعلق امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس کے علاوہ خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال اور اہم بین الاقوامی پیش رفت پر بھی گفتگو ہوئی۔ سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور انہیں عیدالاضحی کی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے وزیراعظم کو 23 تا 26 مئی 2026 کے کامیاب دورہ چین پر بھی مبارکباد دیتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ چین پاکستان کے ساتھ اپنی فولادی اور لازوال برادرانہ دوستی کو مزید مضبوط بنانے اور تمام شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے کے لیے پرعزم

بقیہ جات 13

ی ہالز، مارکیاں اور دیگر کمرشل تقریبات رات 10 بجے تک جاری رکھ سکیں گی۔ اسی طرح ریسٹورنٹس، ہوٹلز اور سبزی فروخت کرنے والی دکانوں کو رات 11 بجے تک بند کرنا لازمی ہوگا۔ حکومت نے بعض شعبوں کو ان پابندیوں سے مستثنیٰ قرار دیا ہے، میڈیکل سٹورز، آئی ٹی کمپنیاں، تندور، جم اور فیول سٹیشنز پر نئے اوقات کار کا اطلاق نہیں ہوگا اور وہ حسب معمول اپنی سرگرمیاں جاری رکھ سکیں گے۔ کابینہ ڈویژن نے صوبائی حکومتوں اور مقامی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ نئے اوقات کار پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائے۔ دوسری جانب پنجاب حکومت نے بھی وفاقی حکومت کی توانائی بچت پالیسی کے تحت صوبے بھر میں کاروباری مراکز کی بندش کے نئے اوقات کار نافذ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے، جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن آج جاری کیے جانے کا امکان ہے۔ حکام کے مطابق پنجاب میں تمام دکانیں، مارکیٹیں اور شاپنگ مالز رات 9 بجے بند کیے جائیں گے، جبکہ شادی ہالز، مارکیاں اور دیگر کمرشل تقریبات کو رات 10 بجے تک جاری رکھنے کی اجازت ہوگی۔ نئے فیصلے کے تحت ریسٹورنٹس، ہوٹلز اور سبزی فروخت کرنے والی دکانوں کو رات 11 بجے تک اپنا کاروبار بند کرنا لازمی ہوگا، حکومت نے بعض شعبوں کو ان پابندیوں سے مستثنیٰ قرار دیا ہے، میڈیکل سٹورز، آئی ٹی کمپنیاں، تندور، جم اور فیول سٹیشنز پر نئے اوقات کار کا اطلاق نہیں ہوگا اور وہ معمول کے مطابق کام جاری رکھ سکیں گے۔ حکام کا کہنا ہے کہ پنجاب حکومت کے محکمہ آئی اینڈ سی کی جانب سے اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا، جس کے بعد صوبے بھر میں نئے اوقات کار پر عملدرآمد شروع ہوجائے گا۔

بقیہ جات 14

ہری پروگرام کے ایسے پہلو بھی زیر بحث آسکتے ہیں جن پر تہران ماضی میں بات کرنے سے انکار کرتا رہا ہے۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ اس بات کی کوئی ضمانت نہیں دی جاسکتی کہ یہ مذاکرات بالآخر ایسے معاہدے پر منتج ہوں گے جو امریکا کیلئے قابل قبول ہو۔ مارکو روبیو کے مطابق ایران کے موقف میں بعض معاملات پر بات چیت کے حوالے سے ممکنہ لچک دیکھی جا رہی ہے، تاہم کسی حتمی معاہدے تک پہنچنے کے امکانات کے بارے میں ابھی کوئی یقین دہانی نہیں کرائی جاسکتی۔

بقیہ جات 15

کہ ریونیو لیکیج، ٹیکس نیٹ میں توسیع اور ٹیکس انتظامیہ کی بہتری سے متعلق شہریوں کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کے جائزے اور ان پر موثر کارروائی کے لیے ایک منظم اور شفاف فریم ورک تشکیل دیا جائے، یہ معاملہ ایک شکایت کے ذریعے ایف ٹی او کے سامنے لایا گیا جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ شکایت کنندہ نے 18 جنوری 2024 کو چیئرمین ایف بی آر کو قومی محصولات میں اضافے اور قابل ٹیکس سرگرمیوں کی بہتر نگرانی کے حوالے سے تجاویز ارسال کی تھیں تاہم تقریباً 23 ماہ گزرنے کے باوجود ان پر کوئی جواب نہیں دیا گیا۔ بعد ازاں 27 اکتوبر 2025 کو بھی ایک یاد دہانی ارسال کی گئی، جس کا بھی کوئی جواب موصول نہ ہوا۔ ابتدائی تحقیقات کے دوران یہ معاملہ اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری (ٹیکس آن سروسز) آرڈیننس 2001 اور صوبائی سیلز ٹیکس قوانین سے متعلق تصور کرتے ہوئے دائرہ اختیار سے باہر قرار دیا گیا تاہم شکایت کنندہ نے نظرثانی درخواست میں موقف اختیار کیا کہ رپورٹ کیے گئے 19 معاملات میں سے صرف 5 سروسز سے متعلق تھے جبکہ باقی قابل ٹیکس اشیاء کی فراہمی سے متعلق تھے۔ نظرثانی درخواست کی سماعت کے دوران فیڈرل ٹیکس محتسب نے قرار دیا کہ ٹیکس بیس میں اضافے، ریونیو لیکیج کی نشاندہی اور ٹیکس انتظامیہ کی بہتری کیلئے شہریوں کی جانب سے نیک نیتی کے ساتھ فراہم کی جانے والی معلومات ایک اہم قومی خدمت ہیں اور ان پر مناسب ادارہ جاتی توجہ دی جانی چاہیے۔ فیڈرل ٹیکس محتسب نے مشاہدہ کیا کہ اگرچہ بعض ٹیکس چوری کے معاملات میں انعامی نظام موجود ہے تاہم ریونیو لیکیج، ٹیکس نیٹ میں توسیع اور نظامی خامیوں سے متعلق معلومات کے جائزے اور ان پر کارروائی کے لیے کوئی جامع طریقہ کار موجود نہیں۔ اس کے نتیجے میں قیمتی معلومات سے موثر استفادہ نہیں ہو پاتا۔ ایف ٹی او نے ایف بی آر کو سفارش کی کہ شہریوں اور مخبروں کی جانب سے موصول ہونے والی ایسی معلومات کیلئے ایک باقاعدہ فریم ورک تشکیل دیا جائے اور ایسے شفاف معیار وضع کیے جائیں جن کے تحت قومی محصولات میں اضافے، ریونیو کے نقصان کی روک تھام یا انتظامی بہتری میں معاون معلومات فراہم کرنے والوں کی مناسب حوصلہ افزائی اور اعتراف ممکن ہو سکے۔ اس مقصد کے لیے ضروری قواعد وضوابط اور انتظامی ہدایات بھی جاری کی جائیں۔ فیڈرل ٹیکس محتسب نے نظر ثانی درخواست کو مذکورہ سفارشات کے ساتھ نمٹا

بقیہ جات 16

ن لغاری نے ملک کی تمام بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی حدود میں خراب کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے سب ڈویژنل افسران اور ایکسیئنز کے خلاف فوری تادیبی کارروائی کا آغاز کریں۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق وفاقی وزیر کی ہدایت پر فوری عمل درآمد کرتے ہوئے پشاور الیکٹرک سپلائی کمپنی (پیسکو) اور سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (سیپکو) نے پہل کی ہے۔ دونوں کمپنیوں نے قومی 118 کال سینٹر سسٹم پر درج ہونے والی صارفین کی شکایات کے ازالے میں ناکامی اور غفلت برتنے پر اپنے خراب کارکردگی کے حامل افسران کو معطل کرتے ہوئے ان کے خلاف محکمانہ کارروائی شروع کر دی ہے۔ ملک کی دیگر تمام تقسیم کار کمپنیاں بھی اپنے اپنے دائرہ اختیار میں ایسے ہی نااہل افسران کے خلاف تادیبی اقدامات کے عمل کو حتمی شکل دے رہی ہیں۔ وفاقی وزیر کے یہ احکامات کسٹمر کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم یعنی پاکستان کے قومی 118 کال سینٹر سے حاصل کردہ ڈیٹا کے جامع اور ذاتی جائزے کے بعد جاری کیے گئے۔ یہ ڈیٹا یکم اکتوبر 2025 سے 31 مارچ 2026 تک کی مدت پر محیط ہے۔ لوڈ شیڈنگ، وولٹیج کے اتار چڑھاؤ، لائن فالٹس اور ٹرانسفارمر ٹرپنگ جیسی شکایات کے اس ریکارڈ سے افسران کی مجرمانہ غفلت کا انتہائی تشویشناک رجحان سامنے آیا۔ جائزے کے دوران یہ پایا گیا کہ صارفین کی ہزاروں شکایات یا تو مقررہ وقت کے بعد حل کی گئیں یا انہیں بالکل ہی نظر انداز کر دیا گیا، جس کے نتیجے میں شہری اور دیہی علاقوں کے عوام کو طویل عرصے تک بجلی کی بندش کا عذاب جھیلنا پڑا۔ پاور ڈویژن نے شکایات کے ازالے میں سب سے زیادہ تاخیر کرنے والے افسران کی نشاندہی کر کے فہرستیں تیار کیں اور فوری محکمانہ کارروائی کے لیے انہیں تمام ڈسکوز کے چیف ایگزیکٹوز کو ارسال کر دیا۔ سردار اویس احمد خان لغاری نے صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ کرنے جیسے بنیادی فرائض میں ناکامی پر نامزد افسران کے رویے پر شدید مایوسی کا اظہار کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ 118 کال سینٹر پلیٹ فارم کا قیام بالخصوص اس لیے عمل میں لایا گیا تھا کہ عوام اور بجلی فراہم کرنے والے اداروں کے درمیان فاصلوں کو ختم کیا جا سکے، جو بھی افسر اس نظام کے ساتھ سرد مہری برت رہا ہے وہ براہ راست عوامی فلاح و بہبود کے حکومتی عزم کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ان تمام نشاندہی شدہ افسران کے خلاف بلا تاخیر تادیبی کارروائی (بشمول معطلی) شروع کی جائے اور مروجہ سروس رولز کے تحت اسے مقررہ وقت کے اندر منطقی انجام تک پہنچایا جائے۔ اس سلسلے میں پیسکو نے فرائض میں غفلت اور طے شدہ اہداف حاصل نہ کرنے پر 3 ایس ڈی اوز اور 1 ایکسیئن کو فوری طور پر معطل کر دیا ہے۔ معطل ہونے والے ایس ڈی او پشاور سرکل کے تحت گلبرگ، شاہی باغ اور سیٹھی ٹاؤن/لنڈی ارباب سب ڈویژنز میں تعینات تھے جنہیں اب روزانہ حاضری کے لیے جنرل منیجر (آپریشنز) پیسکو ہیڈکوارٹرز کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح مردان I-ڈویژن کے معطل ایکسیئن کو سپرنٹنڈنگ انجینئر (آپریشنز) مردان سرکل کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔ مزید برآں، صوابی I-ڈویژن کے ایکسیئن (آپریشنز) کو بھی بدعنوانی اور ناقص کارکردگی پر معطل کر کے سپرنٹنڈنگ انجینئر (آپریشنز) پشاور سرکل کے ماتحت کر دیا گیا ہے۔ یہ احکامات مجاز اتھارٹی/سی ای او پیسکو کی منظوری سے جاری کیے گئے ہیں۔ سیپکو نے بھی 118 کال سینٹر پر شکایات کے ازالے میں خراب کارکردگی دکھانے پر 1 ایس ڈی او اور 1 (سابقہ) ایکسیئن کو فوری طور پر معطل کر دیا ہے۔ معطل ہونے والوں میں روہڑی سب ڈویژن کے ایس ڈی او آپریشن سجاد علی میمن اور سکھر ڈویژن کے اس وقت کے ایکسیئن (آپریشنز) معراج الدین شیخ شامل ہیں جو آج کل ایکسیئن کنسٹرکشن ڈویژن سکھر کے طور پر کام کر رہے تھے۔ ان دونوں کو حاضری کے لیے سیپکو ہیڈکوارٹرز رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ یہ احکامات سی ای او سیپکو کی منظوری سے جاری کیے گئے ہیں۔ احتساب کا یہ عمل صرف پیسکو اور سیپکو تک محدود نہیں رہے گا، دیگر تمام ڈسکوز بشمول لیسکو، گیپکو، فیسکو، آئیسکو، میپکو، ہیزیکو، حیسکو، کیسکو اور ٹیسکو بھی سی سی ایم ایس پلس کے ڈیٹا کی روشنی میں اپنے خراب کارکردگی والے افسران کے خلاف کارروائی کا آغاز کر رہی ہیں۔ ان تمام کمپنیوں میں مجموعی طور پر 100 سے زائد ایس ڈی اوز اور ایکسیئنز کی نشاندہی کی گئی ہے، جنہیں جلد ہی شوکاز نوٹسز، معطلی اور غیر آپریشنل عہدوں پر تبادلے جیسی محکمانہ کارروائیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ وفاقی وزیر نے تمام ڈسکوز کو ہدایت کی ہے کہ وہ سب ڈویژن اور ڈویژن کی سطح پر شکایات کے حل کی شرح پر نظر رکھنے کے لیے ہفتہ وار نگرانی کا ایک فعال نظام وضع کریں، جو افسران شکایات کے انتظام میں مسلسل ناکام ثابت ہوں گے ان کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں گے جن میں معطلی، نان آپریشنل سیٹوں پر تبادلہ اور جبری ریٹائرمنٹ شامل ہیں۔ پاور ڈویژن نے یہ اعلان بھی کیا ہے کہ تمام ایس ڈی اوز اور ایکسیئنز کی کارکردگی کی رینکنگ ہر سہ ماہی کی بنیاد پر پبلک کی جائے گی تاکہ پاور سیکٹر میں شفافیت اور جوابدہی کے حکومتی عزم کو تقویت ملے۔ سردار اویس احمد خان لغاری نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ موجودہ حکومت پاکستان کے ہر بجلی صارف کو بروقت، قابل اعتماد اور باعزت خدمات کی فراہمی کے لیے پوری طرح کاربند ہے جو کہ ان کا حق ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ فیلڈ افسران کی ناقص کارکردگی محض ایک انتظامی کوتاہی نہیں بلکہ پاکستان کے شہریوں کے ساتھ ناانصافی ہے جسے حکومت کسی صورت برداشت نہیں کرے گی۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ مسلسل غفلت کے مرتکب افسران کو سخت تادیبی سزاؤں کا سامنا کرنا پڑے گا بشمول معطلی، غیر حساس عہدوں پر منتقلی اور ضرورت پڑنے پر جبری ریٹائرمنٹ۔ پاور ڈویژن پاکستان کے بجلی کی تقسیم کے نظام کو ایک ایسے کارکردگی اور صارف دوست نظام میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے جہاں ہر شکایت کو ترجیح دی جائے اور صارف کے بروقت سروس کے حق کو ہر قیمت پر تحفظ کیا جائے۔ حکومت، پاور سیکٹر میں ڈیجیٹلائزیشن اور گورننس اصلاحات کے ذریعے تمام ڈسکوز کی آپریشنل کارکردگی کی کڑی نگرانی کر رہی ہے۔ 118 کسٹمر کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کو نئے سرے سے بحالی اور اسے مضبوط بنانے کے تحت اب صارفین کی شکایات کا ایک جامع ڈیجیٹل ڈیٹا بیس برقرار رکھا جا رہا ہے جس سے شکایات کی نوعیت، ان کے حل کی مدت اور سروس کے معیار کی حقیقی وقت میں جانچ ممکن ہوگئی ہے۔ یہ نظام خرابیوں کی تفصیلات، ان کے حل کے دورانیے اور سب ڈویژن و ڈویژن کی سطح پر شکایات سے نمٹنے میں برتی جانے والی کسی بھی قسم کی کوتاہی کا تفصیلی ریکارڈ رکھتا ہے۔ اس اصلاحاتی اقدام سے فیلڈ فارمیشنز کی کارکردگی کا غیر جانبدارانہ جائزہ لینے اور ڈسکوز میں تعینات افرادی قوت کی استعداد کار کو پرکھنے کی حکومتی صلاحیت میں نمایاں اضافہ کیا گیا ہے۔

بقیہ جات 17

ایل نینو 2016 کے بعد اب سرگرم ہو رہا ہے، جس کے باعث پاکستان میں معمول سے کم بارشیں ہوسکتی ہیں۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ تھرپارکر ریجن سمیت سندھ میں رواں مون سون میں معمول سے کم بارشیں ہونے کا امکان ہے جب کہ ملک کے شمالی علاقوں میں مغربی ہواؤں کے سلسلے بارش کا سبب بنتے رہیں گے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں آئندہ دنوں میں بھی موسم گرم اور مرطوب رہیگا، کراچی میں درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہ سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ ملک کے بالائی علاقوں میں 5 جون تک آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہوائیں چلنے کا سلسلہ گزشتہ رات سندھ کے مختلف علاقوں میں بارش کا باعث بنا۔ محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ موئن جودڑو میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 32 ملی میٹر بارش ریکارڈ ہوئی، مانو روہڑی میں 20 ملی میٹر بارش جب کہ ہواؤں کی رفتار 104 کلو میٹر فی گھنٹہ ریکارڈ ہوئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اس سسٹم کے زیر اثر خیر پور، دادو، گھوٹکی، تھرپارکر اور ملحقہ اضلاع میں بھی بارش کا امکان رہے گا۔

بقیہ جات 18

ذیشان میر کے لیے قونصلر رسائی کی درخواست دے دی۔ سفارتی ذرائع کے مطابق پاکستانی ہائی کمیشن نئی دلی نے بھارتی وزارت خارجہ کو ذیشان میر کے بارے میں خط لکھا

بقیہ جات 19

کے ساتھ دیرینہ اور پائیدار تعاون کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی افرادی قوت کو تیزی سے بدلتی عالمی معیشت کے تقاضوں کے مطابق تیار کرنا ضروری ہے، وہ بدھ کو یہاں عالمی بینک گروپ کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کر رہے تھے جس کی قیادت انسانی ترقی (صحت، تعلیم اور سماجی تحفظ) کی نائب صدر ممتا مرتھی کر رہی تھیں۔ عالمی بینک کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر بولورما امگابازار، انسانی ترقی کی علاقائی ڈائریکٹر کیکو اینوئی، ہیلتھ پریکٹس مینیجر ین وری اور آئی ایف سی کے ڈائریکٹر سائمن اینڈریو بھی وفد میں شامل تھے۔ وزیر خزانہ نے وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے عالمی بینک گروپ کی جانب سے پاکستان کے ساتھ مسلسل شراکت داری کو سراہا اور ملک کی ترقیاتی اور اصلاحاتی ترجیحات میں گروپ کے تعاون کا اعتراف کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے معاشی استحکام کی بحالی کے حوالے سے اہم پیشرفت کی ہے اور حکومت کی توجہ اب صحت، تعلیم، مہارتوں کی ترقی اور سماجی تحفظ میں ہدف پر مبنی سرمایہ کاری کے ذریعے سماجی اور انسانی ترقی کے نتائج بہتر بنانے پر مرکوز ہے۔ انہوں نے پاکستان کے لئے ورلڈ بینک کے طویل المدتی کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک کے تحت قابل پیمائش نتائج اور موثر عمل درآمد پر مضبوط توجہ برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کی بڑی اور نوجوان آبادی ایک اہم موقع اور اہم پالیسی ترجیح ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ انسانی سرمائے کے اشاریوں کو بہتر بنانے، افرادی قوت کی شرکت کو مضبوط کرنے، اور نوجوانوں کو بدلتی لیبر مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق مہارتیں فراہم کی جائیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پائیدار معاشی ترقی اور مسابقتی صلاحیت کے لئے لوگوں پر مسلسل سرمایہ کاری کے ساتھ ساتھ پیداواری صلاحیت، خدمات کی فراہمی اور روزگار کے مواقع بہتر بنانے کے لئے اصلاحات بھی ناگزیر ہیں۔ ملاقات میں پاکستان کا انسانی ترقی کا ایجنڈا سرفہرست رہا جس میں زچہ و بچہ کی صحت، غذائیت، حفاظتی ٹیکہ جات، ابتدائی بچپن کی نشوونما، تعلیمی نتائج اور آبادی سے متعلق چیلنجز شامل تھے۔ ممتا مرتھی نے زور دیا کہ طویل المدتی ترقیاتی نتائج کا انحصار انسانی سرمائے کے کلیدی اشاریوں میں مسلسل بہتری بالخصوص بچوں کی غذائیت، نشوونما میں رکاوٹ و کمی، بنیادی تعلیم کے معیار اور معیاری صحت و تعلیم کی خدمات تک رسائی کے حوالے سے ہوگا۔

بقیہ جات 20

نماز جنازہ کے بعد مشہد میں امام رضا کے مزار میں ہوگی، جس کے لیے حکام کی جانب سے تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں۔ ایرانی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ایران کے دارالحکومت تہران کے سماجی وثقافتی امور کے نائب محمد امین توکلی زادہ نے بتایا کہ شہید سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی تدفین کے لیے تیاریاں جاری ہیں اور صرف دارالحکومت تہران میں ڈیڑھ سے دو کروڑ لوگوں کے لیے تیاریاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے دنیا کے انتہائی استکبار مخالف رہنما، امریکا اور اسرائیل کے خلاف جنگ کے عظیم کمانڈر اور ایران کے عظیم قابل تقلید رہنما کے جنازے میں شریک ہو رہے ہیں۔ امین توکلی زادہ نے کہا کہ مختلف صوبوں کی جانب سے جنازے کی میزبانی کے لیے درخواستیں کی گئی ہیں اور تدفین ممکنہ طور پر ذوالحج کے اختتام اور محرم کے شروع میں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ تہران میں نماز جنازے کا پروگرام تقریباً 24 گھنٹوں تک جاری رہے گا، ہم شیعہ مسلمانوں کا ایک بہت بڑا اجتماع دیکھیں گے اور یہاں تک کہ تمام مسلمانوں کا ایک عظیم اجتماع ہوگا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ آیت اللہ علی خامنہ ای کی نماز جنازہ میں ہمسایہ ممالک بشمول پاکستان، افغانستان، بھارت، بنگلہ دیش اور کشمیر سے بڑی تعداد میں سوگواروں کی شرکت کا امکان ہے۔ یاد رہے کہ ایران کے سابق سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای 28 فروری کو امریکا اور اسرائیل کے حملے میں شہید ہوگئے تھے جب ایران پر اچانک حملہ کیا گیا تھا اور بم باری کے نتیجے میں آیت اللہ علی خامنہ ای کے علاوہ ان کے خاندان کے چند انتہائی قریبی ارکان سمیت پاسداران انقلاب کے اعلیٰ کمانڈرز بھی شہید ہوگئے تھے۔ امریکا اور اسرائیل کے اس حملے میں میناب میں لڑکیوں کے ایک اسکول پر بھی بم باری کی گئی تھی، جس کے نتیجے میں اسکول کی بچیوں سمیت 165 افراد شہید ہوگئے تھے، جبکہ ایران نے جواب میں اسرائیل اور خطے کے ممالک میں قائم امریکی اڈوں پر حملے شروع کیے تھے۔ پاکستان کی ثالثی میں اپریل میں امریکا اور ایران نے جنگ بندی پر اتفاق کیا اور دونوں اطراف سے حملے روک دیے گئے تاہم ایران نے آبنائے ہرمز کا کنٹرول اپنے پاس رکھا جبکہ امریکا نے ناکہ بندی کی جو تاحال جاری ہے لیکن مخصوص جہازوں کو گزرنے کی اجازت دی جاتی

بقیہ جات 21

ہوں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جو کینٹ نے اپنے حالیہ بیان میں کہا کہ امریکی فوجیوں کے زخمی یا ہلاک ہونے سے قبل انہیں وہاں سے نکالنے کی ضرورت ہے۔ جو کینٹ کے مطابق امریکی اڈے اور بحری جہاز ایران کی رینج میں آچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ صرف اسٹریٹجک اثاثے نہیں بلکہ ہماری اسٹریٹجک ذمے داریاں بھی ہیں۔ جو کینٹ نے یہ بھی کہا کہ رینج میں موجود اثاثے ایران کو اپنی شرائط پر جنگ دوبارہ شروع کرنے کے قابل بنا رہے ہیں۔

بقیہ جات 22

لیے تاریخی منصوبوں پر تیزی سے کام کر رہی ہے، ماضی میں شروع کیے گئے اہم منصوبوں کو بھی تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے اپنی تقریر میں انہیں یاد کیا جس پر وہ ان کے شکر گزار ہیں۔ جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی خدمت میں مؤدبانہ عرض ہے کہ جس "دائیں ہاتھ کے کام" کا ذکر کیا گیا، اس پر وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں 24 ارب روپے کی لاگت سے 100 میگاواٹ کے سولر منصوبے پر عملی کام کا آغاز ہو چکا ہے۔ اسی طرح ہائیڈل پاور پراجیکٹ، جس کی بنیاد مسلم لیگ (ن) نے رکھی تھی لیکن پی ٹی آئی دور میں فنڈز کے اجرا میں تعطل کے باعث تاخیر کا شکار ہوا، اب تکمیل کے آخری مراحل میں ہے اور رواں سال مکمل ہو جائے گا۔ احسن اقبال نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے گلگت بلتستان کے لیے ریجنل گرڈ کے تاریخی منصوبے کا بھی آغاز کیا، جس سے پہلی مرتبہ علاقے میں بجلی کی ترسیل کا ایک جدید اور پائیدار نظام قائم ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آج گلگت بلتستان میں جہاں بھی کوئی بڑا ترقیاتی منصوبہ نظر آتا ہے، خواہ وہ شاہراہوں کی تعمیر ہو، ہسپتال ہوں، یونیورسٹیاں ہوں، کھیلوں کے میدان ہوں یا توانائی کے منصوبے، ان سب پر مسلم لیگ (ن) کی خدمت اور کارکردگی کی واضح چھاپ موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کو بھی گلگت بلتستان میں حکومت کرنے کا موقع ملا، لیکن وہ کوئی ایک ایسا بڑا ترقیاتی منصوبہ پیش نہیں کر سکی جو آج عوام کی زندگی میں نمایاں تبدیلی کا سبب بنا ہو۔ احسن اقبال نے یاد دلایا کہ سابق وزیراعظم محمد نواز شریف نے ایک تاریخی فیصلے کے ذریعے گلگت بلتستان کا ترقیاتی بجٹ دوگنا کیا تھا۔ انہی وسائل اور ترقیاتی وژن کی بدولت مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے حافظ حفیظ الرحمٰن کی قیادت میں گلگت بلتستان میں تعمیر وترقی کا ایک نیا باب رقم کیا، جس کے ثمرات آج بھی عوام محسوس کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی سیاست کا محور الزام تراشی نہیں بلکہ خدمت، کارکردگی اور عوام کی زندگیوں میں حقیقی بہتری لانا ہے، اور ان شاء اللہ یہ سفر مزید تیزی سے جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ جات 23

طور پر کردار ادا کیا، جس کے باعث دونوں ممالک براہ راست ذمے دار ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی وزارت خارجہ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکی حملے جنگ بندی کی مفاہمت، بین الاقوامی قوانین اور ریاستی خودمختاری کے اصولوں کی خلاف ورزی ہیں۔ تہران کا کہنا تھا کہ کویت اور بحرین کی سرزمین اور وہاں موجود سہولتوں کو ایران کے خلاف امریکی فوجی کارروائیوں کیلئے استعمال کیا گیا، جس کی وجہ سے دونوں ممالک اس معاملے میں براہ راست اور واضح ذمے داری سے بری نہیں ہو سکتے۔ ایرانی وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ ایسے حملوں کی اجازت دینے پر کویت اور بحرین کی قیادت براہ راست ذمے دار ہیں، ایران کے خلاف امریکا کو حملوں کے لیے فضائی حدود یا زمین دینے والے ممالک کے خلاف دفاع کا حق رکھتے ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ ایران کو اقوام متحدہ کے چارٹر اور بین الاقوامی قانون کے تحت اپنے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے اور وہ مستقبل میں ہونے والی کسی بھی جارحیت کا جواب دینے کے لیے تمام دستیاب ذرائع استعمال کرے گا۔ بیان میں خبردار کیا گیا کہ اگر ایران پر مزید حملے کیے گئے تو تہران ناصرف حملے کرنے والوں بلکہ ان ذرائع اور مقامات کو بھی نشانہ بنانے کا حق محفوظ رکھتا ہے جہاں سے ایسی کارروائیاں کی جائیں

بقیہ جات 24

مغل نے گذشتہ روز برطانیہ میں لوکل الیکشن میں کامیابی حاصل کرنے والے نومنتخب کونسلر اشتیاق احمد، نوجوان نومنتخب کونسلر علی الاسلام، کونسلر سالک اور بریڈفورڈ کی لوکل سیاست میں بڑا نام آزاد حیثیت سے کامیابی حاصل کرنے والے کونسلر ارشد حسین کو مبارکباد دی پھولوں کے گلدستے پیش کیے اور ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ سماجی شخصیت کامران اقبال مغل، معروف صحافی حسن طاہر چوہدری، پیپلز پارٹی برطانیہ کے نوجوان راہنما عقیق صابر مغل، رضوان جانی و دیگر بھی موجود تھے زاہد مغل نے نومنتخب کونسلرز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مقامی حکومتوں میں کامیابی حاصل کرنے والے نمائندے اپنی کمیونٹی کے مسائل کے حل، نوجوان نسل کی رہنمائی اور جمہوری اقدار کے فروغ میں موثر کردار ادا کریں۔ زاہد مغل نے کہا کہ برطانیہ میں پاکستانی و کشمیری نژاد امیدواروں کی نمایاں کامیابیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ کمیونٹی سیاسی میدان میں اپنا اثر ورسوخ مسلسل بڑھا رہی ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ نومنتخب کونسلرز عوامی خدمت، بین الثقافتی ہم آہنگی اور مسئلہ کشمیر سمیت اہم قومی وبین الاقوامی امور پر بھی آواز بلند کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی اور کشمیری اپنے کردار، محنت اور صلاحیتوں کے ذریعے وطن کا نام روشن کر رہے ہیں۔ زاہد مغل نے تمام کامیاب امیدواروں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کامیابیاں نئی نسل کے لیے مشعل راہ ثابت ہوں

بقیہ جات 25

طارق جمیل درانی سے صدر آزاد کشمیر نیوز پیپر سوسائٹی (AKNS) سردار زاہد تبسم کی سربراہی میں AKNS کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں سیکرٹری جنرل اے کے این ایس ذوالفقار بٹ، سینئر صحافی سردار عبدالحمید اور جاوید اقبال شامل تھے۔ صدر AKNS سردار زاہد تبسم نے طارق جمیل درانی کو ناظم تعلقات عامہ کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وفد نے ریاستی اخبارات کے کردار، میڈیا کی بہتری، ذمہ دارانہ صحافت کے فروغ اور ڈیجیٹل میڈیا کے حوالے سے مختلف تجاویز پیش کیں۔ اس موقع پر آزاد کشمیر میں صحافتی اقدار کے فروغ، معلومات کی بروقت فراہمی اور روایتی وڈیجیٹل میڈیا کے موثر کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ناظم تعلقات عامہ طارق جمیل درانی نے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اطلاعات اور میڈیا ریاستی ترقی، عوامی آگاہی اور جمہوری اقدار کے فروغ میں ایک دوسرے کے معاون ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ اطلاعات آزاد کشمیر کے اخبارات، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور صحافی برادری کے ساتھ مثبت اور تعمیری تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے کوشاں رہے گا۔ حکومت کی ترجیح عوام تک مستند، بروقت اور درست معلومات کی فراہمی ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے میڈیا کے ساتھ مضبوط روابط ناگزیر ہیں۔ محکمہ اطلاعات کے افسران سید آصف حسین نقوی، راجہ عبدالباسط، سردار شمیم انجم عزیز، محمد صغیر، ساجد نذیر بھی اس موقع پر موجود

بقیہ جات 26

اے جاوید اقبال بڈھانوی نے کہا ہے کہ حکومت ریاستی عوام کی فلاح وبہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور عملی اقدامات کر رہی ہے۔ عوام کو ریلیف فراہم کرنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اسی مقصد کے تحت محکمہ خوراک ریاست بھر میں سستے اور معیاری آٹے کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنا رہا ہے۔ عوام کو روزمرہ ضروریات کی اشیاء مناسب نرخوں پر فراہم کرنے کے لیے مربوط اور موثر حکمت عملی کے تحت کام کیا جا رہا ہے تاکہ کسی بھی علاقے میں اشیائے خوردونوش کی قلت پیدا نہ ہو۔ وزیر خوراک جاوید اقبال بڈھانوی نے کہا کہ حکومت عوامی خدمت کے مشن پر کاربند ہے اور ریاست کے شہریوں کو بنیادی ضروریات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں محکمہ خوراک کی جانب سے شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دور افتادہ، پہاڑی اور پسماندہ علاقوں میں بھی آٹے کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ کسی بھی شہری کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے حکومت اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ ہر مستحق خاندان تک سستا اور معیاری آٹا پہنچے اور عوام کو مہنگائی کے اثرات سے حتی الامکان محفوظ رکھا جاسکے۔

بقیہ جات 27

سے متعلق اپنی اہم مطالبات کا خاکہ پیش کیا۔ انہوں نے 30 ارب ڈالر پر پہنچی برآمدات پر سالانہ برآمدات میں اضافے پر ڈی ایل ٹی ایل کے تحت 10 فیصد چھوٹ کی تجویز پیش کی۔ اس کے علاوہ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ علاقائی طور پر مسابقتی بجلی کے ٹیرف کو 9 سینٹ فی کلو واٹ آور سے کم کرے۔ صنعتی ٹیکس سلیب کو کم کیا جائے۔ انہوں نے سپر ٹیکس پر تنقید کی جو 300 ارب روپے بنتا ہے۔ ایس ایم تنویر نے اسٹیٹ بینک کی جانب سے شرح سود میں حالیہ 100 بیس پوائنٹ ریٹ میں اضافے پر بھی تنقید کی اور کہا کہ مہنگائی عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے ہوئی ہے، مقامی قرضوں کی وجہ سے نہیں ہوئی ہے۔ اس اضافے سے حکومت کو کمرشل بینکوں کو ادا کیے گئے قرض کی مد میں 600 بلین روپے کا نقصان ہوا۔ یوں حکومت نے سپر ٹیکس کے ذریعے جو رقم جمع کی تھی اس سے دوگنی مقامی قرضوں کے سود کی صورت ضائع کردی۔ انہوں نے وزیراعظم پر زور دیا کہ وہ ہاؤسنگ کے شعبے سے 80 سے زائد متعلقہ صنعتوں کو فعال کریں ان کے مطابق، حکومت کو تعمیرات سے منسلک شعبوں کے لیے ٹی ای آر اے ایف جیسی اسکیم متعارف کرانی چاہیے، سیکشن 236 سی اور 236 کے خاتمہ اور مڈل کلاس کے لئے ہاؤسنگ لون کی حد کو 3 کروڑ تک بڑھایا جائے۔ انہوں نے ماضی کی 25 لاکھ کے ہاؤسنگ قرض سکیم کا حوالہ دیتے ہوئے وزیراعظم کو بتایا کہ اس کے ذریعہ 10,000 درخواست دہندگان میں سے صرف 350 درخواستوں کی منظوری ممکن ہوئی۔ انہوں نے وزیراعظم سے ذاتی طور پر اس کا نوٹس لینے کی درخواست کی۔ وزیراعظم نے ذاتی نگرانی کی یقین دہانی کرائی۔ ایس ایم تنویر نے بتایا کہ اس وقت ملک میں بینک کھاتہ داروں کے 37 ٹریلین روپے بینکوں میں پڑے ہیں۔ جس میں سے 20 ٹریلین روپے ایک کروڑ کھاتہ داروں کے ہیں۔ ایس ایم تنویر نے تجویز دی کہ ایف بی آر بینکوں کی جانب سے اپنے کھاتہ داروں کی جانچ پڑتال کے عمل سے فائدہ اٹھاتے ہوئے 147 صفحات پر مشتمل ٹیکس ریٹرن کی بجائے ایک صفحے کی ٹیکس ریٹرن متعارف کروائے اور شناختی کارڈ کو این ٹی این کے طور پر رجسٹر کرے تاکہ ٹیکس فائلرز کی تعداد میں اضافہ ممکن ہوسکے۔

بقیہ جات 28

جاری رکھا جاسکتا ہے۔ اس مقررہ اوقات اور شرائط کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ رانا سکندر حیات نے واضح کیا کہ سمر کیمپ میں طلبہ کی شرکت والدین کی رضامندی سے مشروط ہے اور کوئی بھی سکول بچوں یا والدین کو شرکت پر مجبور نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ والدین حکومتی ہدایات کی خلاف ورزی کرنے والے سکولوں کے خلاف شکایات براہ راست شکایت سیل میں درج کرا سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ شکایت سیل کے نمبرز 03166432182 اور 03160261408 پر سمر کیمپ سے متعلق شکایات اور تحفظات درج کروائے جاسکتے ہیں۔ متعلقہ حکام ان شکایات پر فوری کارروائی کریں گے۔ وزیر تعلیم نے تمام ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اضلاع میں سمر کیمپس کی باقاعدہ نگرانی یقینی بنائیں اور حکومتی احکامات کی خلاف ورزی کرنے والے تعلیمی اداروں کے خلاف قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائیں۔

بقیہ جات 29

گت معیشت کو مزید دباؤ میں ڈال سکتی ہے، بجٹ کو کاروبار دوست اور متوازن بنایا جائے، ٹیکس نیٹ کو وسیع کیا جائے، ترقیاتی اخراجات بڑھائے جائیں اور صنعتوں پر اضافی مالی بوجھ ڈالنے سے گریز کیا جائے تاکہ معاشی استحکام، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع میں اضافہ ممکن ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگی توانائی، بھاری ٹیکسوں، مہنگائی اور کاروباری لاگت میں مسلسل اضافے کے باعث صنعت وتجارت شدید دباؤ کا شکار ہے اس لیے نئے مالی سال میں صنعتوں پر مزید بوجھ ڈالنے سے گریز کیا جائے۔ پیاف کے عہدیداروں نے تجویز دیتے ہوئے کہا کہ حکومت موجودہ ٹیکس دہندگان پر بوجھ بڑھانے کے بجائے نئے شعبوں کو ٹیکس نیٹ میں شامل کرے اور معیشت کو دستاویزی شکل دینے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ نوجوانوں کے لیے فنی وتکنیکی تربیت کے خصوصی فنڈز اور شرح سود میں کمی کی جائے، کاروباری برادری کی تجاویز پر عملدرآمد سے نہ صرف معاشی استحکام حاصل ہوگا بلکہ سرمایہ کاری، برآمدات، صنعتی ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں بھی مدد ملے

بقیہ جات 30

ہوئے اعلان کیا ہے کہ اگر 5 جون تک کوئی کارروائی نہ کی گئی تو وہ 6 جون کو دہلی میں کاکروچ جنتا پارٹی کے احتجاج میں شامل ہوجائیں گے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق سونم وانگچک نے سوشل میڈیا پوسٹس اور ایک ویڈیو پیغام کے ذریعے یہ اعلان کرتے ہوئے کہا کہ جب بار بار کوتاہی سے لاکھوں طلباء کو متاثر کریں تو جوابدہی ضروری ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ امتحانات سے متعلق مسائل پر مسلسل خاموشی طلباء کی مایوسی کو مزید گہرا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ صورتحال بدستور برقرار رہی تو وہ دہلی میں کاکروچ جنتا پارٹی کے احتجاج میں شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جب کوئی سنگین کوتاہی ہوتی ہے تو کسی بھی جمہوریت میں وزراء ذمہ داری قبول کرنی چاہیے۔ ان کے مطابق تعلیمی نظام میں بار بار رکاوٹوں کے نتائج امتحانات سے بڑھ کر ہوتے ہیں اور بھارت کے مستقبل کو براہ راست متاثر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر 5 جون تک کچھ نہیں بدلا تو وہ 6 جون کو کاکروچ جنتا پارٹی کے احتجاج میں شامل ہونگے۔ جب معاملات اتنے غلط ہورہے ہوں تو کسی بھی عزت دار وزیر کو استعفیٰ دے دینا چاہیے۔

بقیہ جات 31

ہے۔ سماعت جسٹس مسعود عابد نقوی نے ایل ڈی اے کی جانب سے دائر درخواست پر کی، جس میں پنجاب حکومت کی نمائندگی اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل محمد عثمان خان نے کی۔ دوران سماعت عدالت نے ریمارکس دیے کہ شہریوں کی جائیدادیں سالہا سال تک بلاک نہیں رکھی جاسکتیں اور زیر التوا معاملات کو غیر ضروری طور پر طول دینا انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے۔ عدالت نے نشاندہی کی کہ متعلقہ معاملہ 2014-15 سے زیر التوا ہے۔

بقیہ جات 32

نے شدید خوف وہراس میں باہر نکلنے کی کوشش کی، سوشل میڈیا اور مقامی میڈیا پر نشر ہونے والی ویڈیوز میں دو خواتین کو جان بچانے کیلئے عمارت سے چھلانگ لگاتے ہوئے دیکھا گیا، تاہم ان کی حالت کے بارے میں فوری طور پر کوئی معلومات سامنے نہیں آئیں۔ ریسکیو حکام نے عمارت میں پھنسے 40 سے زائد افراد کو بحفاظت نکال لیا، جبکہ متعدد زخمیوں کو قریبی ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا، ابتدائی طور پر تہہ خانے سے 3 افراد کو زندہ نکالا گیا تھا۔ ریسکیو آپریشن کے دوران ہلاکتوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہوتا رہا اور بعد ازاں حکام نے 21 افراد کی ہلاکت کی تصدیق کر دی۔

بقیہ جات 33

رب روپے انکم ٹیکس وصول کیا ہے، جس کے باعث یہ طبقہ شدید مالی دباؤ کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی تعلیم، بجلی، گیس کے بل، مہنگا پٹرول، ناجائز لیوی اور اشیائے خورد ونوش پر ٹیکس نے مڈل کلاس کا جینا مشکل بنا دیا ہے، اس لیے آئندہ بجٹ میں فوری ریلیف فراہم کیا جائے۔ حافظ نعیم الرحمان نے مطالبہ کیا کہ ماہانہ 1 لاکھ 25 ہزار روپے تک تنخواہ پر انکم ٹیکس مکمل ختم کیا جائے، جبکہ اس سے زیادہ آمدنی والوں پر ٹیکس کی شرح کم از کم نصف کی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ زیادہ سے زیادہ انکم ٹیکس کی شرح 35 فیصد سے کم کر کے 15 فیصد تک لائی جائے تاکہ معاشی دباؤ میں کمی آسکے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ بدترین ٹیکس نظام کے باعث پروفیشنل افراد اور ماہرین تیزی سے ملک چھوڑنے پر مجبور ہو رہے ہیں، جو معیشت کے لیے تشویشناک صورتحال

بقیہ جات 34

گئی جبکہ فضا میں نمی کا تناسب 29 فیصد رہا، جس کے باعث موسم گرم اور خشک محسوس ہو رہا ہے۔ دوسری جانب فضائی آلودگی میں اضافے کے باعث لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پانچویں نمبر پر آ گیا ہے، جس سے شہریوں کو صحت کے مسائل کا سامنا بھی ہوسکتا ہے۔ ماہرین نے شہریوں کو غیر ضروری طور پر دھوپ میں نکلنے سے گریز اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیا

بقیہ جات 35

کے مطابق برطانوی وزارت دفاع نے تصدیق کی کہ تباہ ہونے والا ہیلی کاپٹر رائل نیوی کا تھا۔

بقیہ جات 36

مطابق گورنر سینٹ پیٹرز برگ نے بتایا کہ یوکرینی ڈرون حملے میں بنیادی انفرااسٹرکچر کی متعدد تنصیبات کو نقصان پہنچا ہے تاہم حملے میں کسی کے زخمی ہونے کی اطلاعات نہیں ہیں۔ دوسری جانب یوکرینی صدر نے دعویٰ کیا ہے کہ یوکرینی فوج نے سینٹ پیٹرز برگ کے آئل ٹرمینل اور روس کے تیموف ریجن میں واقع اسلحہ فیکٹری کو بھی نشانہ بنایا ہے۔

بقیہ جات 37

ہری پروگرام کے ایسے پہلو بھی زیر بحث آسکتے ہیں جن پر تہران ماضی میں بات کرنے سے انکار کرتا رہا ہے۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ اس بات کی کوئی ضمانت نہیں دی جاسکتی کہ یہ مذاکرات بالآخر ایسے معاہدے پر منتج ہوں گے جو امریکا کیلئے قابل قبول ہو۔

بقیہ جات 38

ذیشان میر کے لیے قونصلر رسائی کی درخواست دے دی۔

بقیہ جات 39

نے شدید خوف وہراس میں باہر نکلنے کی کوشش کی، سوشل میڈیا اور مقامی میڈیا پر نشر ہونے والی ویڈیوز میں دو خواتین کو جان بچانے کیلئے عمارت سے چھلانگ لگاتے ہوئے دیکھا گیا، تاہم ان کی حالت کے بارے میں فوری طور پر کوئی معلومات سامنے نہیں آئیں۔ ریسکیو حکام نے عمارت میں پھنسے 40 سے زائد افراد کو بحفاظت نکال لیا، جبکہ متعدد زخمیوں کو قریبی ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا، ابتدائی طور پر تہہ خانے سے 3 افراد کو زندہ نکالا گیا تھا۔ ریسکیو آپریشن کے دوران ہلاکتوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہوتا رہا اور بعد ازاں حکام نے 21 افراد کی ہلاکت کی تصدیق کر دی۔

بقیہ جات 40

نجی بجلی گھروں (آئی پی پیز) کے ساتھ کیے گئے ظالمانہ اور یکطرفہ معاہدوں کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے۔ اب یہ ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں ہرگز نہیں ہے کہ ان عوام دشمن معاہدوں کے تسلسل کو مزید برقرار رکھ کر قومی خزانے کو دیمک کی طرح چاٹنے کی اجازت دی جائے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ ملک بھر میں بڑے پیمانے پر سولرائزیشن کی طرف بڑھتا ہوا عوامی رجحان دراصل بجلی کے کمر توڑ ٹیرف اور بالواسطہ ٹیکسوں کی بھرمار کا شاخسانہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاور سیکٹر کا موجودہ بدترین ڈھانچہ صرف اور صرف حکومتی نااہلی، بدانتظامی اور ناقص منصوبہ بندی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ امیر لاہور نے مزید کہا کہ پٹرول، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں پے در پے ہوش ربا اضافے، بے لگام مہنگائی، بے روزگاری اور حالیہ "سمارٹ لاک ڈاؤن" کے نفاذ نے عوام کو معاشی طور پر مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔ عام شہری سے لے کر چھوٹے بڑے تاجروں تک، معاشرے کا ہر پیداواری طبقہ موجودہ حکومت کی معاشی پالیسیوں سے شدید نالاں اور سراپا احتجاج ہے۔ موجودہ حکمرانوں کے تمام تر نام نہاد ترقیاتی منصوبے محض اخبارات کے اشتہاروں اور فیتہ کاٹنے کی حد تک محدود ہیں، جبکہ زمینی حقائق پر کارکردگی صفر ہے۔ اس ظالمانہ اور استحصالی نظام نے غریب اور سفید پوش طبقے کے لیے صحت اور تعلیم جیسی بنیادی سہولیات کو خواب بنا دیا ہے، اب صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ عام آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی کا بندوبست کرنا بھی محال ہو چکا ہے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ توانائی کے بحران پر پائیدار قابو پانے کے لیے پاک ایران گیس پائپ لائن منصوبے کو ترجیحی بنیادوں پر فعال کیا جائے اور اس پر التوا کا شکار کام فوری شروع کیا جائے۔ امیر لاہور نے کہا کہ جب ریاست اپنے مفادات کے لیے دور دراز ممالک سے تیل خرید سکتی ہے تو پڑوسی ملک ایران اور برادر عرب ممالک سے سستے داموں پیٹرولیم مصنوعات کے حصول کے معاملے میں کون سی سفارتی یا سیاسی مصلحتیں آڑے آ رہی ہیں؟ قوم کو بتایا جائے۔ امیر جماعت اسلامی لاہور نے آئندہ مالیاتی بجٹ کے حوالے سے حکومت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر بجٹ 2026ء میں غریب، متوسط طبقے اور تاجر برادری کو حقیقی اور ٹھوس معاشی ریلیف فراہم نہ کیا گیا، تو جماعت اسلامی مظلوم عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے صف اول میں کھڑی نظر آئے گی۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے عوام پاکستان سے دردمندانہ اپیل کی کہ وہ ملک کو اس کرپٹ، موروثی اور استحصالی نظام سے نجات دلانے کے لیے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کا بھرپور ساتھ دیں اور جماعت اسلامی کی جاری ملک گیر عوامی جدوجہد کا دست و بازو بنیں۔ انہوں نے عزم کا اظہار کیا کہ جماعت اسلامی ملک میں حقیقی عدل، سماجی انصاف، میرٹ کی بالادستی اور عام آدمی کے آئینی ومعاشی حقوق کی بحالی تک اپنی پرامن اور جمہوری جدوجہد سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے گی۔

عاق نامہ

ہم اپنے پسر، پوتا، خالہ زاد علی حسن ولد عاشق حسین کو بوجہ نافرمانی غلط چال چلن اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتے ہیں۔ آئندہ ہم اس کے کسی قول وفعل یا لین دین کے ذمہ دار نہ ہونگے اس سے لین دین کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔

المشتہر: عاشق حسین ولد محمد خان، محمد خان ولد دوست محمد اکرام اللہ ولد نور حسین سکنائے چک نمبر 4 ایس بی بھلوال تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا

آئی جی پنجاب نے ٹریفک وارڈنز کو بیچ سڑک گاڑیاں روک کر چالان کرنے سے روک دیا

ٹریفک وارڈنز کو فوری طور پر یہ پریکٹس ختم کرنے کی ہدایت، شہریوں کی سہولت اور ٹریفک کی روانی یقینی بنانے کا حکم

بعض ٹریفک وارڈنز ناکے لگا کر ٹریفک کی روانی متاثر کرتے ہوئے چالاننگ پر زیادہ توجہ دے رہے ہیں، آئی جی پنجاب عبدالکریم

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ٹریفک وارڈنز کی جانب سے بیچ سڑک گاڑیاں روک کر چالان کرنے کے عمل کا سخت نوٹس لیتے ہوئے واضح ہدایات جاری کر دی ہیں۔آئی جی پنجاب عبدالکریم کے مطابق بعض ٹریفک وارڈنز ناکے لگا کر ٹریفک کی روانی متاثر کرتے ہوئے چالاننگ پر زیادہ توجہ دے رہے ہیں، جس سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔انہوں نے ہدایت کی (بقیہ نمبر 42)

توانائی بحران کا مستقل حل آئی پی پیز سے یکطرفہ اور مہنگے معاہدوں کے فوری خاتمے میں ہے، ضیاء الدین انصاری

توانائی کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پاک ایران گیس پائپ لائن منصوبے پر بلاخوف و تردد سفارتی پیش رفت اور تعمیراتی کام کا آغاز کیا جائے

بجٹ 2026ء میں پسے ہوئے طبقات کو حقیقی معاشی ریلیف نہ ملا تو جماعت اسلامی سڑکوں پر عوامی حقوق کی جدوجہد کی قیادت کرے گی، امیر جماعت اسلامی لاہور


امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے صوبائی دارالحکومت میں مختلف عوامی و تنظیمی تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے ملک کے سنگین پاور سیکٹر بحران پر گہری تشویش کا اظہار کیا کہ قومی معیشت اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے (بقیہ نمبر 40)

سمر کیمپ سے متعلق احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، وزیر تعلیم پنجاب

رانا سکندر حیات کا اسکولوں میں سمر کیمپ ایس او پیز کی خلاف ورزی کا نوٹس

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ سمر کیمپ سے متعلق حکومتی احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔وزیر تعلیم پنجاب نے نجی اسکولوں میں سمر کیمپ ایس او پیز کی خلاف ورزی کا نوٹس لے لیا، متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اسکولوں کی (بقیہ نمبر 37)

قصور میں مبینہ پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو ہلاک، ساتھی فرار

سی سی ڈی پولیس نے دوران گشت مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا، جس پر ملزمان نے فائرنگ کر دی

قصور (این این آئی) گرین کوٹ بائی پاس کے قریب مبینہ پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو ہلاک ہو گیا جبکہ اس کا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ترجمان کے مطابق سی سی ڈی پولیس نے دوران گشت مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا

لاہور: پارلیمانی سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سعدیہ تیمور ڈے کیئر سنٹر کے قیام کے لئے چیک دے رہی ہیں

این سی سی آئی اے پنجاب نے دو افراد گرفتار کر لئے

سوشل میڈیا پر ریاستی اداروں کیخلاف اشتعال انگیز مواد پھیلانے پر کارروائی کی گئی

لاہور (زیڈ این این) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی پنجاب نے ریاستی اداروں کے خلاف سوشل میڈیا پر اشتعال انگیز اور گمراہ کن مواد پھیلانے کے الزام میں دو افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ترجمان کے مطابق مذکورہ مواد عوام میں بے چینی، ذہنی کوفت اور انتشار پیدا کرنے کا باعث بن رہا تھا، جس پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ پہلے واقعے میں لاہور میں درج مقدمہ نمبر 115/2026 کے تحت فقیر محمد کو فیصل ٹاؤن سے گرفتار کیا گیا۔ملزم کے قبضے سے ایک موبائل فون برآمد کر کے اسے تفتیش کے لیے تحویل میں لے لیا گیا ہے۔دوسرے واقعے میں ملتان میں مقدمہ نمبر 89/2026 کے تحت محمد مقصود کو گرفتار کیا گیا۔ادارے کے مطابق ملزم کے قبضے سے ایک موبائل فون اور فیس بک اکاؤنٹ سے متعلق اہم شواہد بھی حاصل کیے گئے ہیں۔

صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل سیالکوٹ کے برآمد کنندگان کے وفد کی سربراہی کرنے والے شیخ زوہیب رفیق کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

اسلام آباد ہائیکورٹ کا بیرون ملک سفری پابندیوں سے متعلق بڑا فیصلہ آ گیا

سفری پابندی کے لیے کسی جرم، سکیورٹی خدشے یا ناقابل تردید ثبوت کا وجود ضروری ہے، بغیر جرم شہری کے بیرون ملک سفر اور روزگار کے آئینی حق پر پابندی لگانے کا جواز نہیں

عدالت نے دوسرے ملک سے اور واسطے پر ڈی پورٹ ہونے پر پی سی ایل میں نام ڈالنے کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے شہری کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ سے نکالنے کا حکم دے دیا۔

اسلام آباد (نیٹ نیوز) بیرون ملک سفری پابندیوں سے متعلق اسلام آباد ہائیکورٹ کا بڑا فیصلہ سامنے آ گیا۔عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ صرف اور واسطے پر دوسرے ملک سے ڈی پورٹ ہونا سفری پابندی کا جواز نہیں، جسٹس محمد آصف نے چار صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا۔عدالت نے دوسرے ملک سے اور واسطے پر ڈی پورٹ ہونے پر پی سی ایل میں نام ڈالنے کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے (بقیہ نمبر 41)

لاہور: پیرا فورس کے اہلکار ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے موٹر سائیکل پر بغیر ہیلمٹ کے جا رہے ہیں

نشتر کالونی میں شہری سے موبائل چھیننے والے ملزمان گرفتار

پولیس نے موبائل فون، نقدی اور واردات میں استعمال موٹر سائیکل برآمد کر لیا

لاہور (زیڈ این این) نشتر کالونی کے علاقے میں شہری سے موبائل فون چھیننے والے ملزمان کو سیف سٹی کیمروں کی مدد سے ٹریس کر کے گرفتار کر لیا گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق متاثرہ شہری سڑک پر جا رہا تھا کہ اس دوران موٹر سائیکل سوار ملزمان نے اس سے موبائل فون چھین لیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔واقعے کی اطلاع ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر موصول (بقیہ نمبر 43)

غیر قانونی بھرتیوں کیس میں فرد جرم عائد نہ ہو سکی

پرویز الٰہی کی عدم پیشی اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کے باعث کارروائی مؤخر کر دی گئی

لاہور (زیڈ این این) پنجاب اسمبلی میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے مقدمے میں ملزمان پر آج بھی فرد جرم عائد نہ ہو سکی۔کیس کی سماعت میں سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سمیت دیگر ملزمان کے خلاف کارروائی زیر سماعت تھی، تاہم پرویز الٰہی طبیعت کی خرابی کے باعث عدالت میں پیش نہ ہو سکے اور ان کی جانب سے میڈیکل سرٹیفکیٹ پیش کیا گیا۔

پنجاب حکومت نے تین اعلیٰ افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

مختلف محکموں میں نئی تعیناتیاں، تقرریاں اور تبادلے فوری طور پر نافذ کر دیے گئے

لاہور (زیڈ این این) حکومت پنجاب نے انتظامی سطح پر اہم فیصلے کرتے ہوئے تین اعلیٰ افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق مظفر خان، جو اس وقت آفیسر آن سپیشل ڈیوٹی، سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ میں خدمات انجام دے رہے تھے، کو ممبر (جوڈیشل) بورڈ آف ریونیو پنجاب تعینات کر دیا گیا ہے۔

لاہور، کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان انسداد ڈینگی جائزہ کے لئے منعقدہ ڈویژنل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گوجرانوالہ میں مبینہ پولیس مقابلے، 2 خطرناک ملزمان ہلاک، 3 گرفتار

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ میں مبینہ پولیس مقابلوں میں 2 خطرناک ملزمان ہلاک ہو گئے جبکہ 3 کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔پولیس کے مطابق تھانہ سول لائن کے علاقہ میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران ملزم توصیف بٹ ہلاک ہو گیا، ملزم قتل، منشیات اور پولیس مقابلوں کے کیسز میں مطلوب تھا۔اسی طرح تھانہ کینٹ کے علاقے میں بھی خطرناک ڈاکو ہلاک ہو گیا

جموں: سانبہ میں بھارتی فورسز کی مشترکہ فرضی مشقیں

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں نیشنل سیکیورٹی گارڈز (این ایس جی)، بم ڈسپوزل اسکواڈ (بی ڈی ایس) اور پولیس سمیت بھارتی فورسز نے ضلع سانبہ میں مشترکہ فرضی مشقیں کیں۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق این ایس جی، بی ڈی ایس اور پولیس اہلکاروں نے ضلع کی سنٹرل یونیورسٹی میں مشقیں کیں جن میں خطرات سے نمٹنے، بموں کا پتہ لگانے اوران کو ناکارہ بنانے کا طریقہ کار شامل تھا۔

ڈیفنس سی پولیس کی کارروائی، ایک کروڑ سے زائد چوری کا سراغ

لاہور (زیڈ این این) ڈیفنس سی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک کروڑ روپے سے زائد مالیت کی چوری کا سراغ لگا لیا اور واردات میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق یہ واردات عیدالاضحی کے روز پیش آئی تھی، جسے باپ بیٹے نے منظم منصوبہ بندی کے تحت انجام دیا۔پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو ٹبہ گوہاوا جنوبی چھاؤنی اور بھٹہ چوک کے علاقوں سے گرفتار کیا۔گرفتار ملزمان کی شناخت جوزف مسیح عرف ساگا اور جمشید ساگا کے ناموں سے ہوئی ہے۔

قدرت اللہ پنجاب قرآن بورڈ کے رکن مقرر، لاہور چیمبر کی مبارکباد

لاہور (زیڈ این این) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے معروف تاجر رہنما قدرت اللہ کو پنجاب قرآن بورڈ کا رضا کار رکن مقرر ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب قرآن بورڈ کو تین سالہ مدت کے لیے دوبارہ تشکیل دیا گیا ہے۔بورڈ میں مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے ممتاز علما، ماہرین، رضا کار اراکین اور سرکاری نمائندگان کو شامل کیا گیا ہے۔قدرت اللہ کو ان کی سماجی خدمات اور معاشرے کے لیے مثبت کردار کے اعتراف میں رضا کار رکن نامزد کیا گیا ہے۔

سکیاں کے قریب دریائے راوی سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد

لاہور (زیڈ این این) سکیاں کے قریب دریائے راوی سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہونے کے بعد پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ریسکیو 1122 کے مطابق اطلاع ملنے پر غوطہ خور ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچی اور کارروائی کرتے ہوئے لاش کو دریا سے نکال لیا۔ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ برآمد ہونے والی لاش کی تاحال شناخت نہیں ہو سکی تاہم ابتدائی اندازے کے مطابق متوفی کی عمر تقریباً 30 سال ہے۔

مناواں پولیس کی کارروائی، کیمیکل ڈور سپلائی کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (زیڈ این این) تھانہ مناواں پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے پتنگوں اور کیمیکل ڈور کی غیر قانونی سپلائی میں ملوث ایک ملزم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا ہے۔پولیس کے مطابق کارروائی ایس آئی سنی بشیر کی قیادت میں عمل میں لائی گئی، جس کے دوران ملزم نوید اقبال کو مومن پورہ روڈ کے قریب اس وقت گرفتار کیا گیا۔

آئی جی پنجاب کا بیچ سڑک چالاننگ پر سخت نوٹس

سی ٹی اوز کو عملے کی بریفنگ اور شہری سہولت یقینی بنانے کی ہدایت، ترجمان

لاہور (زیڈ این این) آئی جی پنجاب نے ٹریفک وارڈنز کی جانب سے بیچ سڑک گاڑیاں روک کر چالان کرنے کے عمل کا سخت نوٹس لیتے ہوئے واضح ہدایات جاری کر دی ہیں۔آئی جی پنجاب عبدالکریم کے مطابق بعض ٹریفک وارڈنز ناکے لگا کر ٹریفک کی روانی متاثر کرتے ہوئے چالاننگ پر زیادہ توجہ دے رہے ہیں، جس کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔انہوں نے ہدایت کی ہے کہ ٹریفک وارڈنز کو بیچ سڑک گاڑیاں روک کر چالان کرنے سے مکمل طور پر روکا جائے اور اس پریکٹس کو فوری طور پر ختم کیا جائے۔آئی جی پنجاب نے سی ٹی اوز کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکل افسران اور سیکٹر انچارجز اپنے عملے کو بریف کریں

لاہور: صوبائی وزیر لیبر و افرادی قوت محمد منشا اللہ بٹ سوشل سکیورٹی ہسپتال مانگامنڈی کے دورے کے موقع پر بزرگ مریض سے سہولیات بارے دریافت کر رہے ہیں

نایاب کالے تیتر بازیاب، قدرتی مسکن میں واپس آزاد

وائلڈ لائف رینجرز کی کارروائی، غیر قانونی پنجرے نذر آتش کر دیے گئے

لاہور (زیڈ این این) سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی قیادت میں محکمہ جنگلی حیات پنجاب بھر میں معصوم جنگلی پرندوں کی غیر قانونی قید و بند کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔اسی سلسلے میں گزشتہ روز وائلڈ لائف رینجرز نے سالٹ رینج ریجن میں کارروائی کرتے ہوئے نایاب کالے تیتر کی بڑی تعداد بازیاب کروائی، جنہیں طبی امداد کے بعد آج ان کے قدرتی مسکن میں واپس آزاد کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر ضلع چکوال مرزا عابد حسین نے وائلڈ لائف رینجرز اور مقامی پولیس کے تعاون سے مشترکہ کارروائی کے دوران تقریباً ایک درجن نایاب کالے تیتر برآمد کیے۔

ڈپٹی کمشنر لاہور کا داتا دربار توسیعی منصوبے کا دورہ

محمد علی اعجاز کو زائرین کیلئے سہولیات اور سکیورٹی اقدامات پر بریفنگ دی گئی

لاہور (زیڈ این این) داتا دربار کی توسیع اور میگا ڈویلپمنٹ پراجیکٹ پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے مزار اقدس حضرت داتا گنج بخشؒ اور جاری تعمیراتی کاموں کا دورہ کیا۔دورے کے دوران متعلقہ حکام نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کی پیش رفت اور زائرین کے لیے کیے گئے انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔

ایوان اقبال میں پاکستان کرغستان ثقافتی پروگرام کا انعقاد

تقریب میں تعلیمی، سیاحتی اور ثقافتی روابط پر اہم خطاب کیا گیا تفصیلات شامل

لاہور (زیڈ این این) ایوان اقبال کمپلیکس کے زیر اہتمام پاکستان اور کرغستان کے درمیان ثقافتی، تعلیمی اور سیاحتی تعلقات کے فروغ کے حوالے سے ایک اہم پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔تقریب کے مہمان خصوصی مہر کاشف یونس تھے، جبکہ اس موقع پر سی ای او اعزازی قونصلیٹ روسی فیڈریشن ڈاکٹر اشرف نظامی اور سینئر صحافی سلمان غنی نے بھی خطاب کیا۔تقریب کے میزبان ایڈمنسٹریٹر ایوان اقبال وحید انجم تھے۔اس موقع پر کرغستان کی ثقافت کے حوالے سے خصوصی نمائش کا اہتمام بھی کیا گیا، مہمان خصوصی مہر کاشف یونس نے اپنے خطاب میں پاکستان اور کرغستان کے تاریخی روابط، ثقافتی ہم آہنگی اور باہمی تعاون کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔

ویٹرنری یونیورسٹی میں پولٹری سیکٹر کیلئے تربیتی پروگرام شروع

شش ماہی اور سہ ماہی کورسز سے پولٹری انڈسٹری میں مہارت بڑھانے کا منصوبہ تیار

ماہرین کی مشاورت سے نصاب، معیار اور صنعتی ضروریات کے مطابق کورسز ترتیب

لاہور (زیڈ این این) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے شعبہ پولٹری پروڈکشن نے پولٹری سیکٹر میں انسانی استعداد کار بڑھانے کے لیے دو پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مسعود ربانی کی رہنمائی میں شروع کیے جانے والے ان پروگراموں میں شش ماہی پولٹری فارم سپروائزر کورس اور سہ ماہی پولٹری ہیچری سپروائزر کورس شامل ہیں۔ان کورسز میں میٹرک پاس امیدوار داخلہ لینے کے اہل ہوں گے۔ان تربیتی پروگراموں کو صنعتی ضروریات کے مطابق ہم آہنگ کرنے کے لیے ڈاکٹر جبران حسین، چیئرمین شعبہ پولٹری پروڈکشن، اور ڈاکٹر شاہد محمود نے پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے رکن اور پولٹری ماہر ڈاکٹر حنیف نذیر سے مشاورتی ملاقات کی۔ملاقات میں پروگراموں کے ڈھانچے، نصاب، نفاذ کے طریقہ کار اور معیار پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ڈاکٹر حنیف نذیر نے اس اقدام کی تائید کرتے ہوئے

مسلم لیگ ہاؤس میں عیدملن تقریب اور رجسٹریشن کیمپ

کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سنے گئے، فوری اقدامات کی یقین دہانی

بیوہ سہارا کارڈ اور مینارٹی کارڈ رجسٹریشن میں شہریوں نے بھرپور شرکت کی

لاہور (زیڈ این این) صوبائی وزیر صنعت و تجارت پنجاب چوہدری شافع حسین کی ہدایات پر مسلم لیگ ہاؤس لاہور میں عیدالاضحی کے بعد عیدملن تقریب، کھلی کچہری اور بیوہ سہارا کارڈ و مینارٹی کارڈ رجسٹریشن کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔پروگرام کی سرپرستی کوآرڈینیٹر وزارت صنعت و تجارت پنجاب ندیم پہلوان نے کی۔تقریب کے دوران مستحق خواتین کے لیے بیوہ سہارا کارڈ جبکہ غیر مسلم برادری کے لیے مینارٹی کارڈ کی رجسٹریشن کی گئی۔عیدملن تقریب میں شرکاء نے ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد پیش کی، جبکہ کھلی کچہری میں ندیم پہلوان نے شہریوں کے مسائل سنے۔

لاہور: ایک شخص ٹوپی خریدنے کے لئے پسند کر رہا ہے

لاہور ہائیکورٹ: اغوا برائے تاوان کیس میں ضمانت منظور

عدالت نے دلائل سننے کے بعد ملزم محمد آصف کی درخواست ضمانت منظور کی

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے اغوا برائے تاوان اور ڈکیتی کے مقدمے میں ملوث ملزم محمد آصف کی درخواست ضمانت منظور کر لی۔عدالت نے فریقین کے وکلاء کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ سناتے ہوئے ملزم کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دیا۔کیس کی سماعت جسٹس سید شہباز علی رضوی اور جسٹس طارق محمود باجوہ پر مشتمل بنچ نے کی۔ملزم کی جانب سے ایڈووکیٹ چودھری نعمان نور نے عدالت میں دلائل پیش کیے۔وکیل صفائی نے موقف اختیار کیا کہ ملزم مقدمہ میں نامزد نہیں اور نہ ہی اس کی شناخت پریڈ درست طریقے سے کی گئی ہے۔

ویٹرنری یونیورسٹی اور پی ایس ڈی ایف کے اشتراک پر اہم بات چیت

کسانوں، نوجوانوں اور خواتین کیلئے ہنر مندی پروگرام شروع کرنے پر اتفاق

لاہور (زیڈ این این) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے ایک وفد نے ڈائریکٹر آفس آف ریسرچ، انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن ڈاکٹر فرحان جمیل کی قیادت میں پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ (PSDF) کا دورہ کیا۔دورے کے دوران دونوں اداروں کے درمیان پنجاب بھر کے کسانوں، نوجوانوں، خواتین اور کاروباری افراد کے لیے ہنر مندی کے مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے ممکنہ تعاون پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ملاقات میں لائیوسٹاک، ڈیری، پولٹری، ایکوا کلچر، زرعی کاروبار، انٹرپرینیورشپ اور ان سے منسلک دیگر شعبوں میں مشترکہ تربیتی پروگرام شروع کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

باؤنس چیک کیس، لاہور ہائیکورٹ نے تفتیشی عمل پر سخت ریمارکس

عدالت نے پولیس رپورٹ میں تضاد اور تفتیشی افسر کی کارکردگی پر سوال اٹھا دیے

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ میں باؤنس چیک کے مقدمے میں ملوث ملزم میاں شہزاد کی عبوری ضمانت کی درخواست پر سماعت کے دوران عدالت نے تفتیشی عمل اور پولیس رپورٹ پر سخت ریمارکس دیے۔سماعت جسٹس محمد طارق ندیم نے کی، جس میں ڈی پی او جھنگ ساجد حسین کھوکھر ذاتی حیثیت میں عدالت میں پیش ہوئے جبکہ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔دوران سماعت عدالت نے ڈی پی او جھنگ سے استفسار کیا کہ کیا انہوں نے خود کیس کا جائزہ لیا ہے، جس پر انہوں نے جواب دیا کہ کیس کا مطالعہ کیا ہے۔اس پر عدالت نے ریمارکس دیے کہ اگر افسران اپنے ماتحتوں پر مؤثر کنٹرول رکھیں تو ایسے معاملات پیدا نہ ہوں

راولپنڈی، گھر میں 56 لاکھ روپے کی چوری میں بھتیجا ملوث نکلا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے گھر سے 56 لاکھ روپے چوری ہونے کے کیس کا سراغ لگا لیا۔تھانہ ویسٹریج پولیس نے ملزم کو گرفتار کر کے 45 لاکھ روپے مالیت کا زیور اور 11 لاکھ روپے نقدی برآمد کر لی۔پولیس کے مطابق متاثرہ فیملی کا بھتیجا چوری میں ملوث نکلا۔مدعی کی اہلیہ کے بھتیجے نے دوست کے ساتھ مل کر چوری کی واردات انجام دی تھی۔پولیس نے چوری شدہ زیورات اور رقم مدعی مقدمہ کے حوالے کر دیے۔

مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی پولیس، سی آئی کے کی چھاپہ مار کارروائیاں

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی پولیس نے کاؤنٹر انٹیلی جنس کشمیر (سی آئی کے) کے ساتھ مل کر مختلف علاقوں میں گھروں پر چھاپے مارے اور تلاشی لی۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی پولیس نے سی آئی کے کے ساتھ مل کر علاقے میں جاری آزادی پسند سرگرمیوں کے سلسلے میں سرینگر، کولگام، اسلام آباد، بانڈی پورہ، سوپور اور کپواڑہ سمیت کئی علاقوں میں گھروں میں گھس کر تلاشی لی اور مکینوں سے پوچھ گچھ کی۔

کشتواڑ میں بادل پھٹنے سے سیلابی صورتحال، سڑکیں بند

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر کے ضلع کشتواڑ میں دو مقامات پر بادل پھٹنے سے سیلابی صورتحال پیدا ہو گئی اور کئی علاقوں میں سڑکیں بند ہو گئیں۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حکام نے بتایا کہ بادل پھٹنے کے واقعات سرتھل کے علاقے گہان اور ماچھی پل میں پیش آئے۔ابھی تک کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔

کسی بھی قسم کے غیر قانونی قبضہ یا تجاوز کو برداشت نہیں کیا جائیگا، ڈپٹی کمشنر کوٹلی

کوٹلی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کوٹلی راجہ عمران شاہین کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پرائس کنٹرول، ٹریفک مینجمنٹ، انتظامی معاملات، عوامی فلاحی منصوبہ جات، تجاوزات کے خاتمے، امن عامہ کی مجموعی صورتحال، جنگلات میں آگ لگنے کے حالیہ واقعات، صفائی ستھرائی کے نظام اور دیگر اہم عوامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ڈائریکٹر	چوہدری عمران شوکت
گروپ ایڈیٹر	صداقت حامد غوری
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

کراچی میں رات گئے مبینہ مقابلے، 8 زخمیوں سمیت 11 ملزم گرفتار

شاہ لطیف پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کیا، ملزم کا ساتھی موقع سے فرار

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقوں میں رات گئے پولیس نے مبینہ مقابلوں کے بعد آٹھ زخمیوں سمیت گیارہ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔پولیس حکام نے بتایا کہ شاہ لطیف پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کیا، ملزم کا ساتھی مو (بقیہ نمبر 38)

لاہور ٹریفک پولیس اور ہسپتال کے درمیان فلاحی ایم او یو پر دستخط

ٹریفک وارڈنز اور اہل خانہ کو مفت اور رعایتی طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی

لاہور (زیڈ این این) سی ٹی او سید عبدالرحیم شیرازی نے ٹریفک وارڈنز اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے لاہور ٹریفک پولیس اور مختاراں رفیق ویلفیئر ہسپتال کے درمیان مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کرا دیے ہیں۔معاہدے کے مطابق ٹریفک پولیس کے ملازمین اور ان کے اہل خانہ کو او پی ڈی سمیت متعدد طبی سہولیات مفت فراہم کی جائیں گی۔

ٹریفک وارڈن کو کچلنے کی کوشش کیس، گاڑی گلبرگ سے برآمد

سیف سٹی کیمروں کی مدد سے گاڑی ٹریس، پولیس نے تحویل میں لے لی، مقدمہ درج

لاہور (زیڈ این این) ٹریفک وارڈن کو کچلنے کی کوشش کے ہٹ اینڈ رن واقعے میں ملوث گاڑی کو سیف سٹی کیمروں کی مدد سے ٹریس کر کے گلبرگ کے علاقے سے برآمد کر لیا گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق سیف سٹی کیمروں کی فوٹیج کی مدد سے اس گاڑی کی شناخت کی گئی جو مبینہ طور پر ٹریفک وارڈن کو کچلنے کی کوشش میں استعمال ہوئی تھی۔پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گاڑی کو گلبرگ سے تحویل میں لے لیا۔ذرائع کے مطابق واقعے کے بعد مبینہ ڈرائیور احسن جمشید نے گرفتاری سے قبل عدالت سے عبوری ضمانت حاصل کر لی تھی۔پولیس نے اس واقعے کا مقدمہ تھانہ مزنگ میں درج کیا ہے، جس میں اقدام قتل، سرکاری کام میں مداخلت اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔ابتدائی معلومات کے مطابق گاڑی کراچی نمبر پلیٹ کی ہے

آئی جی پنجاب عبدالکریم کے فورس اوران کے اہلخانہ کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری، رواں سال 97 کروڑ روپے سے زائد رقم خرچ۔

پنجاب پولیس کے فورس اوران کے اہل خانہ کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری

پولیس ویلفیئر فنڈ اور دیگر ویلفیئر ذرائع سے حاصل آمدن سے ملازمین اوران کے اہل خانہ کی مشکلات کے ازالے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

رواں سال پولیس فورس اوران کے اہل خانہ کی ویلفیئر پر 97 کروڑ روپے سے زائد رقم خرچ کی گئی، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس کے فورس اور ان کے اہل خانہ کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری ہیں جس کے تسلسل میں پنجاب پولیس کی جانب سے رواں سال پولیس فورس اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود پر مجموعی طور پر 97 کروڑ روپے سے زائد رقم خرچ کی گئی ہے۔ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ پولیس ملازمین کے بچوں کو ایجوکیشنل سکالرشپس کی مد میں 30 کروڑ 17 لاکھ روپے سے زائد رقم جاری کی گئی۔پولیس ملازمین کی بیٹیوں کو ویڈنگ گفٹ کی صورت میں 26 کروڑ 13 لاکھ روپے سے زائد فراہم کیے گئے۔اسی طرح پولیس ملازمین اوران کے اہل خانہ کو علاج معالجے کی سہولیات میں معاونت کیلئے 14 کروڑ 62 لاکھ روپے سے زائد رقم جاری کی گئی جبکہ پولیس ملازمین کو ریٹائرمنٹ گرانٹس کی مد میں 13 کروڑ 85 لاکھ روپے سے زائد کی ادائیگیاں کی گئیں۔

لاہور: شہر میں ایل پی جی مہنگے داموں فروخت جاری

سرکاری نرخ 308 روپے کے بجائے 440 روپے فی کلو تک فروخت جاری ہے

لاہور (زیڈ این این) شہر میں ایل پی جی کی سرکاری نرخوں کے برعکس من مانی قیمتوں پر فروخت کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث صارفین کو شدید مالی بوجھ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔شہریوں کے مطابق سرکاری طور پر ایل پی جی کی قیمت 308 روپے فی کلو مقرر ہے، تاہم مختلف علاقوں میں یہ 440 روپے فی کلو تک فروخت کی جا رہی ہے۔گھریلو گیس کی عدم دستیابی کے باعث شہری مہنگی ایل پی جی خریدنے پر مجبور ہیں۔

لاہور: بانساں والا بازار میں محنت کش کام میں مصروف ہے

لاہور ہائیکورٹ: موٹروے گینگ ریپ کیس میں سزائے موت برقرار

عابد ملہی اور شفقت بگا کی اپیلیں خارج، مجرمان کو ڈکیتی، اغوا اور دیگر جرائم میں بھی مختلف سزائیں سنائی گئی تھیں

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے موٹروے گینگ ریپ کیس میں دو مجرمان عابد ملہی اور شفقت بگا کی سزائے موت کے خلاف اپیلیں خارج کرتے ہوئے انسداد دہشتگردی عدالت کا فیصلہ برقرار رکھا ہے۔کیس کی سماعت جسٹس سید شہباز علی رضوی اور جسٹس طارق محمود باجوہ پر مشتمل دو رکنی بینچ نے کی۔فریقین کے وکلاء کے دلائل مکمل ہونے کے بعد عدالت نے حتمی فیصلہ سنایا۔

دربار بی بی پاکدامن کیس، اوقاف کے افسران و ملازمین پر کارروائی

کیش خرد برد انکوائری مکمل، پیڈا ایکٹ کے تحت سزاؤں کا اعلان کر دیا گیا

لاہور (زیڈ این این) محکمہ اوقاف کے زیر انتظام دربار بی بی پاکدامن میں کیش کی مبینہ خرد برد سے متعلق انکوائری مکمل ہونے کے بعد ذمہ دار افسران اور ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔سیکرٹری اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے بطور مجاز اتھارٹی پیڈا ایکٹ 2006 کے تحت حتمی فیصلہ جاری کرتے ہوئے مختلف سزاؤں کا اعلان کیا ہے۔

لاہور: سیکرٹری اچیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ مزار اقدس حضرت علی ہجویری المعروف حضرت داتا گنج بخش پر جاری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے افسران کو ہدایات دے رہے ہیں